تصدیق شدہ اشاعت

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | بدھ 26 نومبر 2025، 05 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 103

یہ الیکشن نہیں ریفرنڈم تھا، قیدی نمبر 804 کو گھر میں گھس کر شکست دی: مریم نواز

ضمنی انتخابات میں جیت پر عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور جیت کو عوام کے نام کرتی ہوں، ہری پور میں (ن) لیگ نے گھر میں گھس کر مارا، قیدی نمبر 804 کے نام سے کب تک لوگوں کے پیٹ بھرے گئے

ہم چائنہ پاکستان کوریڈور بنا رہے تھے، یہ گوگی پنکی اکنامک کوریڈور بنا رہے تھے، عالمی ادارے لکھ رہے تھے ملک جادو ٹونے پر چل رہا تھا، جیل میں تھی تو بیٹی روتی ہوئی آتی تھی اور روتی ہوئی جاتی تھی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں جیت پر عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور جیت کو عوام کے نام کرتی ہوں، خدمت کی سیاست (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق ملک سے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

بانی پی ٹی آئی پر 9 مئی کا صرف ایک مقدمہ چلانے کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی پر 9 مئی کا صرف ایک مقدمہ چلانے (بقیہ نمبر 2)

شزہ فاطمہ خواجہ دو روزہ دورے پر دوحہ پہنچ گئیں

دوحہ (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام شزہ فاطمہ خواجہ دو روزہ دورے پر دوحہ، قطر پہنچ (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف جناح میڈیکل کمپلیکس بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پشاور، دہشتگردوں کا ایف سی ہیڈ کوارٹرز پر حملہ، 3 دہشتگرد ہلاک

دھماکے کے 5 زخمی ایل آر ایچ منتقل، زخمیوں کی حالت تسلی بخش، زخمیوں میں دو ایف سی اہلکار بھی شامل

پشاور (این این آئی) صوبائی دار الحکومت پشاور میں فیڈرل کانسٹیبلری کے ہیڈ کوارٹرز پر فتنہ الخوارج کی کارروائی میں 3 دہشت گرد مارے گئے دہشتگردوں کے حملے کا حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں ایف سی کے 3 اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔ پیر کو سی پی او پشاور ڈاکٹر میاں سعید نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ 3 خودکش حملہ آوروں نے صبح 8 بج کر 10 منٹ پر فیڈرل کانسٹیبلری پر حملہ کیا، ایک (بقیہ نمبر 6)

فتح دلا کر عزت افزائی کرنیوالے عوام کے مطالبات پورے کرینگے، طلال چوہدری

جڑانوالہ کی عوام نے شہباز شریف اور مریم نواز کی قیادت، گورننس، پالیسیوں، فیصلوں اور کاموں پر اعتماد کا اظہار کیا

مکوآنہ (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ و اینٹی نارکوٹکس سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حلقہ این اے 96 میں ن لیگ کو فتح دلا کر عزت افزائی کرنیوالے عوام کے مطالبات پورے کریں گے۔ حلقہ این اے 96 کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ ن کی یقینی فتح پر آبائی گاں 65 (بقیہ نمبر 4)

الزام تراشی سے نہیں بلکہ عوام کی خدمت کر کے ہمارا مقابلہ کرنا سیکھیں، بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم کی پنجاب کے ضمنی انتخابات میں کامیابی پر لیگی امیدواروں کو مبارکباد

بے مثال قیادت اور پارٹی کارکنان کی محنت کا نتیجہ ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پنجاب کے ضمنی انتخابات میں کامیابی پر لیگی امیدواروں کو مبارکباد دی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اپنے بیان میں این اے 185 ڈیرہ غازی خان سے سردار محمود قادر خان لغاری، پی پی 203 (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز کا ضمنی الیکشن میں (ن) لیگ کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر اظہار تشکر (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعظم: ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے صنعت کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی اولین ترجیح ہے

وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ میں موجود رقم کو صرف ملکی برآمدات میں اضافے، متعلقہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ، برآمدی سیکٹر کی افرادی قوت کی ہنرمندی، ٹریننگ اور عالمی معیار کی جدید سہولتوں کے لیے استعمال کیا جائے

ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے ٹی ڈی اے پی کے کردار کا اصلاحاتی جائزہ اور تشکیل نو کی جائے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت جاری پروگرام اور تمام سکیمز کی بھی تھرڈ پارٹی آڈٹ کروایا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملکی برآمدکنندگان پر ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج ختم کرنے اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا پچھلے پانچ سال کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے صنعت کاروں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا غیر متعلقہ اور غیر منطقی استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں۔ پیر کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار وزیر اعظم شہباز شریف نے ملکی برآمدات میں (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے روسی فیڈریشن میں پاکستان کے نامزد سفیر فیصل نیاز ترمذی ملاقات کر رہے ہیں۔

وفاقی آئینی عدالت کا موسم سرما کی تعطیلات کا باضابطہ اعلان

22 دسمبر 2025 سے 4 جنوری 2026 تک تعطیلات، 5 جنوری 2026 کو معمول کا کام دوبارہ شروع ہوجائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت پاکستان نے موسم سرما کی تعطیلات کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی آئینی عدالت میں 22 دسمبر 2025 سے 4 جنوری 2026 تک تعطیلات ہوں گی جبکہ 5 جنوری 2026 کو معمول کے مطابق (بقیہ نمبر 9)

شراب و اسلحہ برآمدگی کیس، علی امین گنڈا پور کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے شراب و اسلحہ برآمدگی کیس میں (بقیہ نمبر 10)

سہیل آفریدی کیخلاف انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس میں عبوری حکم جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی (بقیہ نمبر 12)

جوئے کی تشہیر کے مقدمے میں گرفتار یوٹیوبر ڈکی بھائی کی درخواست ضمانت منظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جوئے کی تشہیر کے مقدمے میں گرفتار معروف (بقیہ نمبر 13)

بھارتی وزیر دفاع کا سندھ سے متعلق بیان خطرناک ذہنیت کا عکاس ہے: پاکستان

بھارتی قیادت اشتعال انگیز بیانات سے گریز کرے، یہ خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دفتر خارجہ نے بھارتی وزیر دفاع کے سندھ سے متعلق بیان کو حقیقت سے فرار اور انتہائی خطرناک ذہنیت کا عکاس قرار دیدیا۔ رات گئے اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ایسے بیانات بین الاقوامی قانون، تسلیم شدہ (بقیہ نمبر 14)

چور چور کرنے والوں کا مقدر اب دھاندلی دھاندلی کا ورد رہ گیا: عظمیٰ بخاری

الحمدللہ ایک مرتبہ پھر عوام نے نواز شریف کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ضمنی الیکشن جیتنے والے لیگی امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چور چور کی گردان کرنے والوں کا مقدر اب دھاندلی دھاندلی کا ورد رہ گیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ الحمدللہ ایک مرتبہ پھر عوام نے نواز شریف کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، پنجاب میں تمام حلقوں سے لیگی امیدواروں کی بڑی لیڈ نے (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے پاکستان میں ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مغل کو پہلے بین الاقوامی قرات مقابلے کے افتتاحی سیشن میں خوش آمدید کہا۔

پشاور حملہ، ہلاک دہشتگرد افغان شہری نکلے

پشاور (این این آئی) صوبائی دار الحکومت پشاور میں حملے میں ہلاک دہشتگرد افغان شہری نکلے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ پشاور میں صدر کوہاٹ روڈ پر پیر کی صبح تقریباً 8 بجے فتنہ الخوارج نے فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش کی، جسے بہادر ایف سی جوانوں نے ناکام بنا دیا۔

ضمنی انتخابات، (ن) لیگ کی جیت پر دوسرے روز بھی کارکنوں کا جشن، بھنگڑے، مٹھائیاں تقسیم کیں

لاہور (این این آئی) ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر دوسرے روز بھی کارکنوں نے جشن منایا اور مٹھائی تقسیم کرنے کا سلسلہ دن بھر جاری رہا، ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے، کارکنوں نے شیر آیا، شیر آیا کی نعرے بازی کی، آتش بازی کا بھی شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضمنی انتخابات میں قومی اسمبلی کی پانچ اور صوبائی اسمبلی (بقیہ نمبر 28)

پنجاب بھر میں سموگ کے تدارک کیلئے کارروائیاں، 41 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ معطل

گزشتہ تین ہفتوں کے دوران 17 کروڑ 49 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے کئے گئے ڈی آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سموگ کے تدارک کیلئے ٹریفک پولیس کی جانب سے موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات جاری کئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ تین ہفتوں میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف مہم میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور اس دوران 17 کروڑ 49 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے کئے گئے جبکہ کارروائیوں میں مجموعی طور (بقیہ نمبر 29)

صوبے میں دینی مدارس کی رجسٹریشن ہوم ڈیپارٹمنٹ کو دینے کی تیاری

پنجاب رولز آف بزنس میں بڑے پیمانے پر ترامیم کا مسودہ تیار، جلد کابینہ کو بھجوایا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب رولز آف بزنس میں بڑے پیمانے پر ترامیم کا مسودہ تیار کر لیا گیا، صوبے میں دینی مدارس کی رجسٹریشن ہوم ڈیپارٹمنٹ کو دینے کی تیاری، صوبے میں دینی مدارس کی رجسٹریشن و دیگر معاملات محکمہ داخلہ دیکھے گا۔ سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860ء کی ذمہ داری ہوم ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کرنے کی تجویز دی گئی، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے پرانی شق (ڈی) ختم کرنے کی سفارشات کی گئیں۔ سکول ایجوکیشن سے مدارس کے (بقیہ نمبر 17)

وزیر اعظم شہباز شریف سے جنرل ساحر شمشاد مرزا کی الوداعی ملاقات

27ویں آئینی ترمیم کے بعد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کر دیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے سبکدوش ہونے والے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا کی الوداعی ملاقات ہوئی۔ وزیر اعظم نے جنرل ساحر شمشاد مرزا کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور ملک و قوم کے لیے خدمات کی تعریف کی اور جنرل ساحر شمشاد کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ واضح رہے کہ پارلیمنٹ سے منظور کی گئی 27 ویں آئینی ترمیم، آرمی نیوی اور ایئر فورس کے ترمیمی بلز کی منظوری کے بعد آرمی چیف کو اب (بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین ٹیکسٹائل ایشیا نمائش میں سال کا معائنہ کر رہے ہیں۔

وزیر ریلوے کی ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خوارج کے حملے کی شدید مذمت

بروقت کارروائی سے بہادر جوانوں نے حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا، محمد حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خوارج کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت کارروائی سے بہادر جوانوں نے حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر ریلوے نے جانباز اور بہادر اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ خوارج کی بزدلانہ دہشت گردانہ کارروائی ناکام بنانا ہمارے جوانوں کی غیر معمولی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے۔ پوری قوم اپنے بہادر (بقیہ نمبر 19)

ایکسپو سینٹر لاہور میں 3 روزہ ٹیکسٹائل ایشیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر نمائش کے انعقاد کا آخری روز

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی نمائش میں شرکت اور سٹالز کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن میں 3 روزہ 31 ویں ٹیکسٹائل ایشیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے نمائش میں شرکت کی اور سٹالز کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر نے نمائش میں رکھی گئی مصنوعات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ نمائش میں 750 سٹالز لگائے گئے جہاں تقریباً 2 ہزار برانڈز رکھے (بقیہ نمبر 25)

مسلم لیگ (ن) کی ضمنی الیکشن میں شاندار کامیابی پر سپیکر ملک احمد خان کی مبارکباد

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے عوامی اعتماد کا واضح اظہار قرار دیا ہے۔ سپیکر نے کہا کہ عوام نے صدر مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 26)

وزیر صحت کا انقرہ بلکینٹ سٹی ہسپتال کا دورہ

وزیر صحت کو ہسپتال کے فنکشنز، جدید طبی سہولیات بارے بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے انقرہ بلکینٹ سٹی ہسپتال کا دورہ کیا، انقرہ سٹی ہسپتال کی سینئر انتظامیہ نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا، یہ دورہ 11 ویں ترک میڈیکل ورلڈ کانگریس کے موقع پر منعقد ہوا ہے۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ دورہ 24 تا 26 نومبر 2025ء انقرہ میں جاری رہے گا۔ وزیر صحت مصطفیٰ کمال پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ دورے کے دوران وزیر صحت اور دیگر وفود کو ہسپتال کے فنکشنز، (بقیہ نمبر 15)

میں الیکشن کمیشن سے غیر مشروط معافی مانگتا ہوں، حذیفہ رحمان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت و معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ میں الیکشن کمیشن سے غیر مشروط معافی مانگتا ہوں۔ پیر کو ضمنی انتخابات میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے معاملے پر وزیر مملکت و معاون خصوصی حذیفہ رحمان الیکشن کمیشن کے سامنے پیش (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کے 37 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

دشمن قوتیں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے ذریعے ہم پر حملہ آور ہیں: احسن اقبال

بلوچستان میں بدامنی میں شدت اس وجہ سے ہے کہ حکومت نے بلوچستان میں ترقی کے منصوبوں پر عمل شروع کیا ہے، وفاقی وزیر کی طلبہ سے گفتگو

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان مخالف قوتیں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے ذریعے ہم پر حملہ آور ہیں۔ یونیورسٹی آف نارووال کے بلوچ طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوشی ہے کہ آپ نے یونیورسٹی آف نارووال کا انتخاب کیا، ہمارے لیے آپ کی حیثیت طالب علم کے ساتھ ایک مہمان کی ہے کہ آپ بلوچستان سے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 20)

مختلف شہروں میں بارشوں اور برفباری کی پیشگوئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے دسمبر میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا طاقتور سلسلہ 6 سے 10 دسمبر کے دوران بلوچستان میں داخل ہوگا، جس کے بعد بارشوں کا پہلا بھرپور اور طویل مرحلہ شروع ہو جائے گا۔ (بقیہ نمبر 22)

لاہور میں ڈینگی وائرس کے حملے جاری، 8 نئے مریض رپورٹ

لاہور (این این آئی) سردی شروع ہونے کے باوجود ڈینگی وائرس کے لاہور میں حملے جاری ہیں۔ شہر میں ڈینگی بخار کے 8 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے۔ علامہ اقبال زون میں ڈینگی بخار کے 4 نئے مریض رپورٹ، نشتر زون میں ڈینگی بخار کے 2 نئے مریض جبکہ گلبرگ، شالامار زون میں ڈینگی بخار کے ایک ایک مریض کی تصدیق ہوئی۔

اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس 28 نومبر کو طلب

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا 35 واں اجلاس 28 نومبر 2025 بروز جمعہ، دوپہر 2 بجے طلب کر لیا۔ اجلاس کی صدارت سپیکر ملک محمد احمد خان کریں گے۔ اجلاس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن اسمبلی سیکرٹریٹ نے جاری کر دیا۔

میٹرک امتحانات 3 مارچ، انٹرمیڈیٹ کے 5 مئی سے شروع ہونگے

نئے سیشن کیلئے داخلہ پالیسی میں تبدیلی، اپ ڈیٹ شدہ اسکول کیلنڈر، نصاب میں ترمیمات کی بھی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تعلیمی سال 2026ء کے لیے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کا باضابطہ شیڈول جاری کر دیا۔ محکمہ کے مطابق میٹرک کے امتحانات 3 مارچ 2026ء سے شروع ہوں گے جبکہ انٹرمیڈیٹ کے بورڈ امتحانات کا آغاز 5 مئی 2026ء سے ہوگا۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے نئے سیشن کے لیے داخلہ (بقیہ نمبر 21)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن مقامی ہوٹل میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام عالمی گول میز کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

محکمہ خزانہ نے جوڈیشل ریسٹ ہاؤس کی تعمیر سمیت دیگر منصوبوں کیلئے فنڈز جاری کر دیئے

ریسٹ ہاؤس کی تعمیر کیلئے 18 کروڑ 40 لاکھ، سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن کیلئے 18 کروڑ 60 لاکھ جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے جوڈیشل ریسٹ ہاؤس کی تعمیر سمیت دیگر منصوبوں کیلئے فنڈز جاری کر دیئے۔ دھرم پورہ میں سرکاری جوڈیشل ریسٹ ہاؤس تعمیر کرنے کا منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے جس کیلئے محکمہ خزانہ نے 18 کروڑ 40 لاکھ روپے جاری کر دیئے ہیں۔ سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن کیلئے 18 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ اس بجٹ سے مختلف سرکاری محکموں کی عمارتیں سولر پر منتقل کی جائیں گی۔ رائیونڈ میں سیوریج اور واٹر سپلائی سکیم (بقیہ نمبر 23)

جمہوری تسلسل ہی قومی ترقی کی بنیاد ہیں: یوسف رضا گیلانی

چارٹر آف ڈیموکریسی میں طے شدہ نکات کے مطابق ایک آئینی عدالت کے قیام پر بھی اتفاق ہوا تھا، چیئرمین سینٹ

ملتان (این این آئی) قائم مقام صدر پاکستان و چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ملک میں دیرپا سیاسی استحکام، آئینی عملداری اور جمہوری تسلسل ہی قومی ترقی کی بنیاد ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو رات گئے یہاں پنجاب بار کونسل کے ملتان سے نومنتخب ممبران اور ہائیکورٹ و ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ جب وہ وزیر اعظم بنے (بقیہ نمبر 30)

لاہور کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان ڈویژنل اجلاس میں چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی ضلعی کارکردگی کا جائزہ لے رہی ہیں۔

گورنر خیبر پختونخوا نے ایف سی ہیڈ کوارٹرز پر حملے کی تفصیلات طلب کر لیں

سپاہیوں نے شہادتیں پیش کر کے اسلام، ملک اور انسانیت کے دشمنوں کے عزائم ناکام بنائے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اعلیٰ حکام سے ایف سی ہیڈ کوارٹرز پر حملے کی تفصیلات طلب کر لیں۔ اپنے بیان میں گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے ایف سی ہیڈ کوارٹر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حملہ بیرونی پشت پناہی میں سرگرم خارجی دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)

وزیر توانائی کی ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ایف سی ہیڈ کوارٹر پشاور پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے پاکستان دشمن عناصر شکست سے دوچار ہوں گے، ہماری قوم اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف متحد اور پرعزم ہیں۔ پیر (بقیہ نمبر 32)

چینی کی قیمتوں میں اضافہ حکومتی اقدامات کا نتیجہ ہے، شوگر ملز ایسوسی ایشن

نئی پیداوار آنے سے قیمتیں کم ہونے کی امید، شوگر انڈسٹری کا حکومت سے پابندیاں اٹھانے کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں میں اضافہ ایف بی آر پورٹلز کی بندش اور حکومتی ڈیلرز کی وجہ سے ہوا، دیگر وجوہات میں چینی کی بین الصوبائی ترسیل پر پابندیاں شامل ہے۔ جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ انڈسٹری عرصے (بقیہ نمبر 34)

پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس

لاہور (این این آئی) پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کا 72 واں اجلاس قائد اعظم لائبریری میں منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 33)

لاہور: چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان وزیر اعظم پاکستان ٹیلنٹ ہنٹ نیشنل لیگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

عوام نے ثابت کر دیا ہری پور مسلم لیگ (ن) کا قلعہ ہے: امیر مقام

ملک میں ایک جھوٹ کی فیکٹری فعال ہے اور وقت آگیا ہے کہ اس کے پھیلائے گئے پروپیگنڈے کو بے نقاب کیا جائے

ہری پور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے ہری پور کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے مخالفین کو مسترد کر کے ثابت کر دیا کہ ہری پور مسلم لیگ (ن) کا قلعہ ہے، ملک میں ایک جھوٹ کی فیکٹری فعال ہے اور وقت آ گیا ہے کہ اس کے پھیلائے گئے پروپیگنڈے کو بے نقاب کیا جائے، بابر نواز خان نے (بقیہ نمبر 24)

وفاقی آئینی عدالت کا چاروں صوبوں میں رجسٹریاں قائم کرنے کا فیصلہ

ملک بھر میں صوبائی رجسٹریاں قائم کی جائیں گی تا کہ عوام کو اپنے صوبوں میں ہی سہولت میسر ہو سکے، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت کی چاروں صوبوں میں رجسٹریاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کے جسٹس عامر فاروق نے بتایا کہ ملک بھر میں صوبائی رجسٹریاں قائم کی جائیں گی تا کہ عوام کو اپنے صوبوں میں ہی آئینی نوعیت کے مقدمات دائر کرنے کی سہولت میسر ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی عدالت اس وقت ٹرانزیشن کے مرحلے سے گزر رہی ہے۔

ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کی خوشی میں جشن، مٹھائی تقسیم، کارکنوں کے بھنگڑے

عوام نے انتشار، فساد والوں کو مسترد کر کے کارکردگی کو ووٹ دیا، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی بھرپور کامیابی کی خوشی میں جشن منانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، اس موقع پر کارکنان اور عوام میں مٹھائی تقسیم کی گئی، کارکنان ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے قیادت کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی سے ثابت ہوگیا ہے کہ شیر جیت کا نشان ہے ضمنی انتخابات میں بھرپور کامیابی عوام کا مسلم لیگ (ن) اور اس کی حکومت پر اعتماد کا واضح اظہار ہے، ہم عاجزی کے ساتھ ملک کی ترقی اور عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے بلکہ اس میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں عوام نے انتشار اور فساد والوں کو مسترد کر کے کارکردگی کو ووٹ دیا۔

احمد خان بھچر، محمد احمد چٹھہ کی نا اہلی کیخلاف درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں سابق اراکین اسمبلی احمد خان بھچر اور محمد احمد چٹھہ کی نا اہلی کے خلاف درخواستوں پر سماعت 26 نومبر کو ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سلطان تنویر احمد اور جسٹس ملک اویس خالد پر مشتمل دو رکنی بنچ انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرے گا۔ سابق اراکین اسمبلی احمد خان بھچر اور محمد احمد چٹھہ نے الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نا اہلی کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کرتے ہوئے انٹرا کورٹ اپیلیں دائر کر رکھی ہیں۔

لاہور: چیئرمین بورڈ آف گورنرز جاوید اسلم پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کے 72 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا سائلین کی شکایات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پاکستان کو کرپشن سے پاک کرنے کا وقت آ گیا ہے، زاہد اعوان

ملک میں کرپشن کا باب بند کر کے فیلڈ مارشل عاصم منیر پچیس کروڑ پاکستانیوں کی آنکھ کا تارا بن جائینگے، چیئرمین تحریک عوام پاکستان

کراچی (این این آئی) تحریک عوام پاکستان کے چیئرمین محمد زاہد اعوان نے آئی ایم ایف کی جانب سے 186 صفحوں پر مشتمل 5300 ارب کرپشن اور بدعنوانیوں کے بارے میں چھپنے والی رپورٹ کو فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے تاریخ میں امر ہونے کا سنہری موقع قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے پاکستان میں بدعنوانی کے تین سالہ حجم کو نمایاں طور پر اجاگر کر کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے عوام کی دیرینہ خواہش پوری کرنے کے لئے حالات فراہم کر دیئے ہیں۔ قوم سات دہائیوں سے پاکستان کو کرپشن اور بدعنوانیوں سے پاک ریاست بنانے کا خواب دیکھ رہی ہے جو جنرل ضیا الحق اور جنرل پرویز مشرف کے ادوار میں بھی ممکن نا ہوسکا لیکن فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے پچیس کروڑ پاکستانیوں کی دیرینہ خواہش پوری کرنے اور مملکت پاکستان کو حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کا سنہری موقع آئی ایم ایف کی پاکستان بارے میں رپورٹ نے فراہم کردیا ہے۔ کرپشن سے متعلق آئی ایم ایف کی رپورٹ فیلڈ مارشل کے لئے آفاقی پیغام ہے۔

سی ٹی او لاہور اطہر وحید کی صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات، مشترکہ آگاہی مہم شروع کرنے پر اتفاق

شہر لاہور کو جدید ٹریفک مینجمنٹ کی ضرورت ہے، مشترکہ حکمتِ عملی کے بغیر مسائل حل نہیں ہو سکتے' ڈاکٹر اطہر وحید

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا ہے کہ لاہور جیسے میگا سٹی میں ٹریفک نظام کی بہتری صرف ٹریفک پولیس نہیں بلکہ مجموعی گورننس سے حل ہو گا۔ جس میں تمام شہری و سرکاری اداروں کو مشترکہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات میں انہوں نے کہا کہ شہر کو جدید اور بین الاقوامی معیار کے ٹریفک سسٹم سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ایڈمنسٹریشن، پلاننگ اتھارٹیز اور ٹریفک پولیس ایک ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے مختلف اہم مقامات پر پارکنگ پلازہ جات کی تعمیر پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ سڑکوں پر پارکنگ کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کے حل کے لیے مستقل بنیادوں پر منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ اس وقت شہر میں بیک وقت تیس سے زائد ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن کی وجہ سے ٹریفک دباؤ میں اضافہ ہوا ہے۔

سرکاری محکموں میں دفتری امور نمٹانے کیلئے ای فائلنگ آفس آٹومیشن سسٹم کا باقاعدہ آغاز

تمام سرکاری فائل ورک اور دفتری کارروائیاں مکمل طور پر ای فاس سسٹم پر منتقل کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سرکاری محکموں میں دفتری امور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ای فائلنگ آفس آٹومیشن سسٹم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ حکومتی اعلان کے مطابق تمام سرکاری فائل ورک اور دفتری کارروائیاں مکمل طور پر ای فاس سسٹم پر منتقل کر دی گئی ہیں جس کے بعد روایتی کاغذی فائلوں کا استعمال ختم ہوتا جا رہا ہے۔ پنجاب حکومت نے تمام پی ایم ایس افسران کی اے سی آرز بھی آن لائن کر دی ہیں۔

جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائیوں کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیوں کا فیصلہ کر لیا گیا، جعلی نمبر پلیٹس لگانے والوں کے خلاف تھانوں میں مقدمات درج ہوں گے۔ لاہور سیف سٹیز حکام کے مطابق اپنی گاڑی پر کسی دوسری گاڑی کا نمبر لگا کر چلانے والوں کے خلاف مانیٹرنگ شروع کر دی گئی۔ روزانہ شہر میں چلنے والی گاڑیوں کو ایکسائز کے ڈیٹا کے مطابق چیک کیا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی بہترین پالیسیوں پر لیگی امیدوار کامیاب ہوئے، چودھری شاہد علی خان

ضمنی انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ ن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، نائب صدر یوتھ ونگ لاہور ڈویژن کی گفتگو

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء و یوتھ ونگ لاہور ڈویژن کے نائب صدر چودھری شاہد علی خان نے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ ن کو بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف حکومت کی بہترین پالیسیوں کی بدولت ضمنی انتخابات میں عوام نے مسلم لیگ ن پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے یہی وجہ ہے کہ قومی و صوبائی اسمبلی کی سیٹوں پر مسلم لیگ ن کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے ہیں، انہوں نے امید ظاہر کی کہ جیتنے والے امیدوار ملک و قوم کے بہترین مفاد اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی توانائیاں صرف کریں گے، چودھری شاہد علی خان نے کہا کہ تمام سیٹوں پر مسلم لیگ ن کے امیدواران کی کامیابی سے نفرت کی سیاست کا خاتمہ ہوگا۔

لاہور: راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے چیف آپریٹنگ آفیسر بریگیڈیئر منصور احمد جنجوعہ کو صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

فیصل آباد ملک پور میں واقع فیکٹری میں انتہائی ناقص ترین حفاظتی انتظام نے کئی افراد کی جان لے لی

صوبائی و ضلعی انتظامیہ ایسے رونما ہونے والے واقعات کی روک تھام کے لیے اپنے فرائض کب انجام دیں گے، محمد اعجاز چوہدری

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ ملک پور میں واقع فیکٹری میں انتہائی ناقص ترین حفاظتی انتظام نے کئی افراد کی جان لے لی ایسی غیر ذمہ داری اخر کب تک ہوتی رہے گی ہماری صوبائی و ضلعی انتظامیہ ایسے رونما ہونے والے واقعات کی روک تھام کے لیے اپنے فرائض کب انجام دیں گے اور کتنی جانیں قربان ہوتی رہیں گی فیکٹری مالکان کی غفلت اور آتش گیر مادہ کا ذخیرہ موجود ہونے کی وجہ سے خوفناک حادثہ پیش ایا جس کی وجہ سے 21 افراد کی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا کئی افراد زخمی ہوئے جبکہ کئی افراد زخمی ہوئے اس رونما ہونے والے حادثہ غفلت اور غیر تربیت یافتہ عملے کی وجہ سے ہوا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ بہت کم ہے پاکستان پیپلز پارٹی کی ڈسٹرکٹ تنظیم اور اہلیان فیصل اباد کی عوام گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔

سی سی ڈی کے چھاپے کے دوران ملزم کے نیفے میں گولی چل گئی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ نشتر کالونی کے علاقے میں سی سی ڈی کے چھاپے کے دوران گرفتاری سے بچنے کیلئے بھاگنے والے ملزم کے نیفے میں گولی چل گئی۔ پولیس کے مطابق ملزم احمد کو زخمی حالت میں جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ملزم خواتین کو ہراساں کرنے کے مقدمے میں مطلوب تھا۔ سی سی ڈی کی ٹیم نے والٹن روڈ پر چھاپہ مارا جہاں ملزم گرفتاری کے لئے بھاگنا چاہتا تھا کہ اس کے نیفے میں موجود پستول چل گیا

کراچی، جمالی گوٹھ میں پولیس پر فائرنگ، ڈنڈوں سے حملہ، اہلکار محفوظ رہے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں جمالی گوٹھ میں پولیس پر مشتعل افراد نے حملہ کیا جس سے پولیس موبائل کو نقصان پہنچا ہے۔ پولیس کے مطابق مشتعل افراد نے ڈنڈوں سے حملہ کیا، فائرنگ بھی کی تاہم خوش قسمتی سے اہلکار محفوظ رہے۔ سہراب گوٹھ پولیس جمالی گوٹھ میں غیر قانونی افغانوں کے خلاف آپریشن کر رہی تھی۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو حراست میں لیا گیا۔

ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پولیس کی ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کیخلاف بڑی کامیابیاں

متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی گروہ و خاتون ڈکیت سمیت 14 ملزمان گرفتار

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پولیس کی ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کیخلاف بڑی کامیابیاں، متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی گروہ و خاتون ڈکیت سمیت 14 ملزمان گرفتار، چار گاڑیاں، 25 عدد موٹر سائیکل اور 12 موبائل فونز اور 4 ہزار نقد رقم برآمد، عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں گے، چوروں اور ڈکیتی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، ڈی پی او سجاد احمد صاحبزادہ کی پریس کانفرنس۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈیرہ سجاد احمد صاحبزادہ نے کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی کارندوں سمیت 14 ڈکیت گرفتار کر لئے گئے۔ گرفتار ملزمان میں 1 خاتون ڈکیت بھی شامل ہے۔

سی ٹی ڈی جوانوں نے بڑی تباہی سے بچا لیا، حوصلے پست نہیں ہوں گے، سہیل آفریدی

آئی جی پولیس خیبر پختونخوا سے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کر لی، زخمیوں کو فوری و بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پشاور میں فرنٹیئر کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹرز پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے آئی جی پولیس خیبر پختونخوا سے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کر لی اور زخمیوں کو فوری و بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جوانوں نے بہادری سے بڑی تباہی سے بچا لیا، یہ حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

پشاور: معاون خصوصی برائے اطلاعات شفیع جان لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

ہمیں قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا ہے، وزیر مذہبی امور

دنیا کے 40 ممالک سے قراء حضرات اس مقابلے میں حصہ لے رہے ہیں، اس سے ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل ہوگی، سردار یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ ہمیں قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق اپنے آپ کو اس طرح ڈھالنا ہے، ہم دنیا کو اسلام کا صحیح چہرہ دکھانے کے قابل بنائیں۔ عالمی مقابلہ حسن قرات کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی اور بابرکت دن ہے، اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ ہم یہاں پر پہلا عالمی مقابلہ حسن قرات منعقد کرا رہے ہیں۔

پوری قوم ملک کی تعمیر و ترقی میں موجودہ حکومت کے ساتھ ہے، شیخ نعیم طاہر

لیگی امیدواروں کی کامیابی، یہ فیصلہ عوام کا موجودہ حکومت پر بھرپور اعتماد کا اظہار ہے

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ سرگودھا ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے سرگودھا اور میانوالی سمیت قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ ن کے امیدواروں کی کامیابی پر نومنتخب ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ عوام کا موجودہ حکومت پر بھرپور اعتماد کا اظہار ہے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ سرگودھا ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے صوبائی حلقہ پی پی 73 سے میاں سلطان علی رانجھا اور حلقہ پی پی 87 سے علی حیدر نور خان نیازی اور دیگر قومی و صوبائی حلقوں سے مسلم لیگ ن کے نومنتخب ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے موجودہ حکومت سے اظہار اعتماد نے ثابت کیا کہ نواز شریف حکومت کے وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست منصوبوں اور اقدامات سے عوامی مسائل حل ہو رہے ہیں اور پوری قوم ملک کی تعمیر و ترقی میں موجودہ حکومت کے ساتھ ہیں۔

شالیمار ایکسپریس میں ریلوے ملازمین کی تذلیل پر شدید احتجاج

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) شالیمار ایکسپریس کا آپریشن نجی کمپنی اے اے انٹرپرائزز کے سپرد ہوتے ہی سنگین بدانتظامی سامنے آ گئی، جس پر پاکستان ریلوے پریم یونین نے شدید احتجاج کیا ہے۔ ریلوے کے آپریشنل اسٹاف نے بتایا کہ ڈیوٹی مکمل کر کے سفر کے دوران سرکاری شناختی کارڈ اور باقاعدہ جاری شدہ ڈیوٹی پاس CM 212 دکھانے کے باوجود نجی ٹرین عملے نے انہیں زبردستی ٹکٹ جاری کیا۔ یہ اقدام نہ صرف قواعد کی صریح خلاف ورزی قرار دیا جا رہا ہے

شہری سے 60 لاکھ روپے فراڈ کیس، ملزم کی عبوری ضمانت خارج

ایف آئی اے کے تفتیشی افسر نے ملزم لطیف کو احاطہ عدالت سے ہی گرفتار کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر 60 لاکھ روپے ہتھیانے کے مقدمے میں ملزم لطیف کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت میں ایف آئی اے کی جانب سے بتایا گیا کہ ملزم کے خلاف ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سیل نے مقدمہ درج کر رکھا ہے، جس میں الزام ہے کہ ملزم نے متاثرہ شہری سے بیرون ملک ویزہ اور روزگار دلوانے کا لالچ دے کر 60 لاکھ روپے وصول کئے۔ عدالت نے مقدمے میں ملوث ملزم لطیف کی عبوری ضمانت خارج کرنے کا حکم دے دیا، ضمانت مسترد ہونے پر ایف آئی اے کے تفتیشی افسر نے ملزم لطیف کو احاطہ عدالت سے ہی گرفتار کر لیا۔ کیس کی مزید کارروائی آئندہ سماعت پر جاری رہے گی۔

خیبر کے مختلف علاقوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد

خیبر (این این آئی) ضلع خیبر کے علاقے علی مسجد، باڑا، جمرود اور پشاور میں بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع خیبر کے مختلف علاقوں میں اے این ایف کی گزشتہ چند دنوں میں 6 کامیاب کارروائیاں ہوئی ہیں، ان علاقوں سے آئس، ہیروئن، چرس اور افیون کی 72 کلوگرام سے زائد مقدار ضبط کی گئی جبکہ کارروائی کے دوران 5 منشیات فروش گرفتار، جس میں ایک سرکاری ملازم بھی شامل ہے۔

گورنر سندھ کے آرڈیننس کے خلاف درخواست، فریقین کو نوٹس جاری

گورنر سندھ کا جاری کردہ آرڈیننس عدلیہ کی آزادی کو متاثر کر رہا ہے' وکیل درخواست گزار کے دلائل

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں آئینی بینچز سے متعلق گورنر سندھ کے آرڈیننس کے خلاف ایک اور درخواست دائر ہوئی جس پر عدالت نے فریقین کو 27 نومبر کے لیے نوٹس جاری کر دیے۔ سندھ ہائیکورٹ نے آئندہ سماعت پر فریقین سے جواب طلب کر لیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ نے آصف وحید کوریجو ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی درخواست کو اسی نوعیت کی دیگر درخواستوں کے ساتھ منسلک کر دیا۔ وکیل درخواست گزار ابراہیم سیف الدین ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ گورنر سندھ کا جاری کردہ آرڈیننس عدلیہ کی آزادی کو متاثر کر رہا ہے۔ آرڈیننس کے سیکشن 6 میں ججز کو تعیناتی تسلیم کرنے کا پابند کیا گیا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ تعیناتی تسلیم نا کرنا مس کنڈکٹ قرار دیا گیا ہے، ججز کے کوڈ آف کنڈکٹ طے کرنے کا اختیار سپریم جوڈیشل کونسل کا ہے۔ کوڈ آف کنڈکٹ کا تعین صوبائی اسمبلی یا گورنر نہیں کر سکتے۔

لاہور: صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

پوسٹ ماسٹر جنرل ارم طارق کی سخت نگرانی، ڈاک کی سروس تیز ترین

عوامی شکایات کا فوری جاری، کم نرخوں پر تیز ترین ترسیل ممکن ہوئی، ارم طارق

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پوسٹ ماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب ارم طارق کی طرف سے ڈاک کی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے سخت اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے ڈاک کی ترسیل و تقسیم سے متعلق مسائل کے حل کے لیے عوام سے براہِ راست فونک رابطوں کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کی شکایات فوری طور پر حل کی جا رہی ہیں۔ اس اقدام سے پاکستان پوسٹ نہ صرف عوام کا با اعتماد ادارہ بن چکا ہے بلکہ ترسیل کے اعتبار سے ملک میں تمام پرائیویٹ کوریئرز سے تیز اور سستا ذریعہ ثابت ہوا ہے۔ ملک بھر میں مناسب نرخوں پر دوسرے دن ڈاک کی فراہمی کو یقینی بنانے پر صارفین نے پوسٹ ماسٹر جنرل ارم طارق کی کاوشوں کو بھرپور سراہا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ جو ڈاک وہ پہلے پرائیویٹ کوریئرز کے ذریعے پانچ سو روپے یا اس سے زائد میں جمع کرواتے تھے۔

نارووال، نایاب جانور پینگولین شہری آبادی میں گھس آیا، ریسکیو ٹیم نے تحویل میں لے لیا

نارووال (این این آئی) نایاب جانور پینگولین شہری آبادی میں گھس آیا جسے ریسکیو ٹیم نے پکڑ کر تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ گزشتہ شب مال گودام روڈ کے قریب ایک نایاب جانور پینگولین بھٹکتا ہوا شہری آبادی میں گھس آیا جس سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور انہوں نے اسے پکڑنے کے لیے ریسکیو 1122 کو اطلاع دی جس پر اسپیشل اینیمل ریسکیو ٹیم فوری موقع پر پہنچی

اس وقت ای چالان سسٹم صرف کراچی میں نافذ ہے، ڈی آئی جی ٹریفک کراچی

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے کہا ہے کہ اس وقت ای چالان سسٹم صرف کراچی میں نافذ ہے اور باقی سندھ میں ہم ایک یا دو ماہ سے ڈمی چالان جاری کر رہے ہیں، جس کے بعد یہ نظام بہت جلد اب صوبے کے دیگر شہروں میں بھی نافذ کر دیا جائے گا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک نے بتایا کہ اس نظام کا آغاز صرف کراچی میں ہوا اور باقی سندھ میں نہیں،۔

کراچی، بیوی سے جھگڑے کے بعد شوہر بہانہ بنا کر بچے کو ایران لے گیا

سندھ ہائی کورٹ کا درخواست پر وفاقی سیکریٹری داخلہ کو باپ بیٹے سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) میاں بیوی کا جھگڑا کے بعد شوہر بہانہ بنا کر بچے کو ایران لے گیا، سندھ ہائیکورٹ نے درخواست پر وفاقی سیکرٹری داخلہ کو باپ بیٹے سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا حکم دیدیا۔ ہائیکورٹ میں بیٹے کو بہانے سے ایران لیجانے کیخلاف درخواست کی ہوئی۔ درخواست گزار فرح ظفر کے وکیل سہیل حمید ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ عدالت نے 8 ستمبر کو مرزا اظفر الحسن اور بچے کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دیا تھا۔ وزارت داخلہ نے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہیں کیا۔ میرا شوہر 10 سالہ بیٹے مرزا اظفر بیگ کو اغوا کر کے لے گیا ہے۔ عدالت نے بچے کو بیلف کے ذریعے والد سے ملانے کی ہدایت کی تھی۔ عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ وفاقی وزارت داخلہ کا طرز عمل کسی طرح بھی قابل تعریف نہیں۔

پشاور: وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان محکمہ کے میگا پراجیکٹس سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایل ڈی اے نے اپنے ملازمین کو ایمپلائز کوٹہ کے تحت پلاٹ دینے کیلئے تیاریاں شروع

وہ ملازمین جو کم از کم 10 سال سروس مکمل کر چکے ہیں، انہیں ایل ڈی اے سٹی میں پلاٹس الاٹ کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے اپنے ملازمین کو ایمپلائز کوٹہ کے تحت پلاٹ دینے کے لئے تیاریاں شروع کر دیں۔ اس فیصلے کے مطابق وہ ملازمین جو کم از کم 10 سال سروس مکمل کر چکے ہیں، انہیں ایل ڈی اے سٹی میں پلاٹس الاٹ کیے جائیں گے۔ ایل ڈی اے کے ایڈمنسٹریشن ونگ نے اس مقصد کے لیے لسٹیں تیار کرنا شروع کر دی ہیں۔ ملازمین کو یہ پلاٹ دینے سے ان کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوگا اور 2010ء کے کینسل بیلٹنگ الاٹمنٹس کے تحت 1250 سے زائد ملازمین کو ریلیف حاصل ہوگا۔ پلاٹس کی کیٹیگری میں 3 مرلہ، 5 مرلہ، 7 مرلہ، 10 مرلہ اور ایک کنال شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق کچھ ملازمین نے پہلے ہی عدالت میں ایل ڈی اے کے خلاف کیس دائر کر رکھا ہے، جس کے بعد ایل ڈی اے اتھارٹی نے ایڈیشنل ڈی جی ہاؤسنگ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی ہے تا کہ عمل درآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔

پشاور: چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

انتخابی نظام مکمل زوال کا شکار، متناسب نمائندگی طرز انتخاب لایا جائے، لیاقت بلوچ

جماعت اسلامی کا اجتماع عام قومی وحدت کی طاقت بنا ہے، اجتماع عام نے عوام دشمن نظام کے خاتمے کا نیا عزم دیا، بیان

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کا اجتماع عام قومی وحدت کی طاقت بنا ہے، اجتماع عام نے عوام دشمن نظام کے خاتمے کا نیا عزم دیا ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ 2024 کے انتخابات دھاندلی زدہ تھے، ضمنی انتخابات بھی متنازع اور مقبولیت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی نظام مکمل زوال کا شکار ہے، متناسب نمائندگی طرز انتخابات لایا جائے۔

کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت اہم اجلاس

ڈویژن بھر کے ترقیاتی، انتظامی اور عوامی سہولت سے متعلق شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

نارووال (این این آئی) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژن بھر کے ترقیاتی، انتظامی اور عوامی سہولت سے متعلق شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پلس پراجیکٹ، ای۔ بزنس، ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کی کارکردگی، سٹی بیوٹیفکیشن پلانز اور ستھرا پنجاب پروگرام سمیت دیگر جاری سرگرمیوں پر اہم بریفنگز پیش کی گئیں۔ کمشنر گوجرانوالہ نے تمام اضلاع کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی خدمت کے تمام منصوبوں میں مؤثر حکمتِ عملی اختیار کی جائے، اور ایسے اقدامات بروئے کار لائے جائیں جو براہ راست شہریوں کی سہولت کا باعث بنیں۔ انہوں نے پلس پراجیکٹ اور ای۔ بزنس کے تحت جاری ڈیجیٹل سروسز کی بہتری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی کے استعمال سے عوامی مسائل کا حل پہلے سے زیادہ تیز اور شفاف بنایا جا رہا ہے۔

سرگودھا، لوڈر رکشہ اور ٹرالی کے تصادم میں دو محنت کش نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) لوڈر رکشہ اور ٹرالی کے تصادم میں دو محنت کش نوجوان جاں بحق ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے نعشیں ورثا کے سپرد کر دی گئیں اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا لاہور روڈ میرج ہال کے قریب تیز رفتار لوڈر رکشہ اور ٹرالر کے تصادم میں دو محنت نوجوان گلوالہ کا 54 سالہ عبدالجبار اور چک 90 شمالی کا خالد شدید زخمی ہیں۔ جس کو ریسکیو کر کے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبحق نہ ہو سکے۔

سرگودھا شہر کے گلی محلوں میں کھلے مین ہولز کو فوری کور کرنے کیلئے مہم شروع کر دی گئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے گلی محلوں میں کھلے مین ہولز کو فوری کور کرنے کے لئے مہم شروع کر دی گئی اس حوالہ سے واسا نے لوگوں سے کہا کہ شہر کے گلی محلوں اور شاہراہوں پر کھلے مین ہولز کی فوری اطلاع واسا کو دیں تا کہ کسی بھی جانی اور مالی نقصان سے بچنے میں مدد مل سکے۔ اس سلسلہ میں واسا سرگودھا نے باقاعدہ طور پر واسا ہیلپ لائن شروع کر دی ہے جس پر کسی جگہ بھی سیوریج کے حوالے سے مسئلہ ہو تو لوگ ہیلپ لائن 1334 پر کال کر کے یا واسا کے دفتر رابطہ کر کے مسئلہ بتا سکتے ہیں۔

دوبئی: قونصل جنرل حسین محمد طالب علموں، ماہرین تعلیم اور کیریئر ایڈوائزرز کے ساتھ مشغول ہیں۔

سرگودھا کے خصوصی افراد میں 28 وہیل چیئرز اور 10 ہمت کارڈز تقسیم

یہ اقدام کا مقصد خصوصی افراد کو سہولیات فراہمی، ان کی ضروریات پوری کرنا اور انہیں معاشرتی و معاشی طور پر با اختیار بنانا ہے

سرگودھا (این این آئی) محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب نے سرگودھا کے خصوصی افراد میں 28 وہیل چیئرز اور 10 ہمت کارڈز تقسیم کئے جس کے لئے منعقدہ تقریب کی مہمان خصوصی خاتون رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید نے خصوصی افراد میں 28 وہیل چیئرز اور 10 ہمت کارڈز تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ اقدام کا مقصد خصوصی افراد کو سہولیات فراہمی، ان کی ضروریات پوری کرنا اور انہیں معاشرتی و معاشی طور پر با اختیار بنانا ہے۔

سندھ حکومت نے سرکاری ملازمتوں کے لیے پالیسی متعارف کرادی

نئی پالیسی کے تحت امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے سرکاری ملازمتوں کے لیے پالیسی متعارف کرادی، امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے عوامی شعبے کی ملازمتوں کے لیے نئی پالیسی متعارف کرائی ہے، جس کے تحت امیدواروں کی تعلیمی قابلیت کو امیدوار کے انتخاب میں اضافی وزن دیا جائے گا۔ پالیسی کے تحت گریڈ 5 سے گریڈ 15 تک کی تمام آسامیوں کے امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے، بشرطیکہ امیدوار کی تعلیمی اسناد میں کم از کم 50 فیصد نمبر ہوں۔ مزید برآں، انٹرمیڈیٹ کی قابلیت والے امیدواروں کو ٹیسٹ میں اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے، جبکہ آئی بی اے سکھر کے امیدواروں کو بھی جانچ کے دوران 5 پوائنٹس کی ضمانت دی گئی ہے۔ یہ نظام تمام محکموں پر لاگو ہوگا، جس کی تصدیق سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اور کوآرڈینیشن ڈیپارٹمنٹ نے کی۔

پشاور: پرنسپل جناح کالج پروفیسر ڈاکٹر گل ناز ارشد آل پاکستان انٹر یونیورسٹی ویمنز ہینڈ بال چیمپئن شپ کے موقع پر کھلاڑیوں سے مل رہی ہیں۔

ای چالان سے پریشان موٹر سائیکل سواروں کے لیے نئی شرط عائد

اگر موٹر سائیکل پر پیچھے بیٹھے افراد نے ہیلمٹ نہ پہنا تو ای چالان ہوگا، حکام

کراچی (این این آئی) موٹر سائیکل سواروں کے لئے نئی پابندی عائد کر دی گئی، اگر موٹر سائیکل پر پیچھے بیٹھے افراد نے ہیلمٹ نہ پہنا تو ای چالان ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق موٹر سائیکل سواروں کیلئے ہیلمٹ کا استعمال محفوظ سفر کی ضمانت ہے، ہیلمٹ پہننے سے کسی بھی حادثے میں آپ کا سر اور آنکھیں محفوظ رہتی ہیں جبکہ دھول، مٹی اور دھوپ سے بچاتا ہے۔ اب موٹر سائیکل سوار دونوں افراد کیلئے ہیلمٹ کا استعمال لازمی قرار دیا گیا۔ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کا کہنا ہے کہ اگر موٹر سائیکل پر دو افراد بیٹھے ہیں تو صرف ڈرائیور ہی نہیں بلکہ دونوں افراد کو ہیلمٹ پہننا ہوگا، اگر پیچھے بیٹھے افراد نے ہیلمٹ نہ پہنا تو ای چالان ہوگا۔ ڈی آئی جی ٹریفک نے آن لائن رائیڈرز کو کہا کہ وہ بھی اپنے ساتھ اضافی ہیلمٹ لازمی رکھیں ورنہ ان کا بھی چالان کر دیا جائے گا۔ انھوں نے خبردار کیا کہ یاد رکھیں چالان بھی پانچ سو نہیں پورے پانچ ہزار کا ہوگا۔

شہر کی تقدیر سنوارنے کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلیں گے، سید امین الحق

شہری حکومت کو با اختیار بنانے کا اصولی موقف برقرار ہے، کراچی کے میئر کو دنیا کے بڑے شہروں کے میئرز جیسے اختیارات و وسائل ملنے چاہئیں، رہنما ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما و ممبر قومی اسمبلی سید امین الحق نے کہا ہے کہ تمام سیاسی اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر کراچی کی تعمیر و ترقی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد ہونا پڑے گا، کیونکہ یہ شہر بنیادی طور پر ہم سب کا ہے اور جب کراچی ترقی کرے گا تو پاکستان ترقی کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گرین لائن پروجیکٹ ایکسٹینشن پروگرام کے سنگ بنیاد کے موقع پر منعقدہ ایک اہم بریفنگ میں کیا۔

گریٹر کراچی پلان 2047: شہرِ قائد پر بڑھتا آبادی کا دباؤ بڑا چیلنج بن گیا

کراچی (این این آئی) گریٹر کراچی پلان 2047 کے حوالے سے شہر قائد پر بڑھتا ہوا آبادی کا دباؤ بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ حکومت سندھ کراچی کے لیے ایک نئے ماسٹر پلان پر کام کر رہی ہے، جسے گریٹر کراچی ریجنل پلان 2047 کا نام دیا گیا ہے۔ اس پلان کے اہم نکات تو ابھی سامنے نہیں آئے تاہم ماہرین کی نظر میں شہر پر بڑھتا ہوا آبادی کا دباؤ شہری کی منصوبہ بندی کے لیے بہت بڑا چیلنج بن گیا ہے۔

کراچی: خود کو آگ لگانے کا خواب دیکھ کر شہری نے حقیقت میں خودکشی کر لی

پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی تاہم مزید تفتیش کا عمل جاری ہے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں ایک شخص نے خود پر تیل چھڑک کر آگ لگانے کا خواب دیکھ کر حقیقت میں خود پر مٹی کا تیل چھڑک کر خودسوزی کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اورنگی ٹاؤن کے علاقے قصبہ موڑ شہزاد سنیما گلی نمبر 5 کے قریب گھر میں ایک شخص آگ میں جھلس کر شدید زخمی ہوگیا جسے تشویشناک حالت میں چھیپا ایمبولنس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ شہری کی شناخت 60 سالہ اللہ رکھا ولد خوشی محمد کے نام سے ہوئی، ریسکیو حکام کے مطابق شدید جھلس کر زخمی ہونے والا شخص گزشتہ روز سول اسپتال میں دوران علاج چل بسا۔ ایس ایچ او یوسف مہر نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں واقعہ خودسوزی کا سامنے آیا ہے، متوفی نے اپنے جسم پر مٹی کا تیل چھڑکا اور آگ لگا دی تھی، متوفی کا آبائی تعلق پنڈی سے تھا جبکہ 10 روز قبل وہ پنڈی سے سالی کے گھر آیا ہوا تھا۔

اسلام آباد سے 17 برس قبل لاپتا ہونے والی لڑکی کراچی سے مل گئی

کراچی (این این آئی) اسلام آباد سے 17 برس پہلے لاپتہ ہونے والی لڑکی ایدھی سینٹر کراچی سے مل گئی، 27 سالہ کرن کو اس کے حقیقی والد کے حوالے کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سے 17 برس پہلے لاپتہ ہونے والی لڑکی ایدھی سینٹر کراچی سے مل گئی، 27 سالہ کرن کو گزشتہ روز اس کے حقیقی والد عبدالمجید کے حوالے کر دیا گیا۔ لڑکی کی تلاش سیف سٹی پنجاب کی کاوشوں سے ممکن ہوئی، کرن نے بتایا کہ میں گھر سے آئس کریم لینے نکلی تھی۔

پشاور: وزیر ریلیف، بحالی و آبادکاری عاقب اللہ خان لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں ایف سی کوارٹر دھماکے کی زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں۔

بلوچستان کے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں شدید بارشوں کی پیشگوئی

دسمبر کے دوسرے ہفتے سے بارشوں کا پہلا خوبصورت اور طویل مرحلہ شروع ہو کر پورے مہینے جاری رہنے کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں بارشوں کی پیشگوئی کر دی گئی۔ محکمہ موسمیات بلوچستان نے صوبے کے طویل عرصے سے قحط اور خشک سالی کے شکار علاقوں کے لئے بڑی خوشخبری سنائی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق دسمبر میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش ہوگی۔ محکمہ موسمیات کے حکام کے مطابق مغربی ہواؤں کے ایک طاقتور سلسلے کے زیر اثر دسمبر کے دوسرے ہفتے 6 سے 10 دسمبر سے بارشوں کا پہلا خوبصورت اور طویل مرحلہ شروع ہوگا۔



اقوام عالم میں بگاڑ

دنیا کے مستقبل کے لیے تباہ کن

دنیا کے ماحول کو بچاؤ کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ضرورت، خصوصی رپورٹ

ظفر محی الدین

دنیا میں خوارک کی پیداوار، پینے کے صاف پانی، زندگی کی بنیادی سہولتوں اور صحت عامہ کے وسائل میں کمی ہورہی ہے اور آبادی بڑھ رہی ہے جس سے غریبوں کے کنبے مزید زیر بار ہورہے ہیں اور معاشرتی اور سماجی برائیاں جنم لے رہی ہیں۔ اس حوالے سے بیش تر رپورٹس میں پاکستان کا نام بھی آتا رہا ہے جہاں آبادی میں اضافے کا اوسط زیادہ ہے اور وسائل میں کمی ہوتی جارہی ہے۔

ترقی پذیر ممالک کے عوام بے حسی، مایوسی اور افراتفری کا شکار ہورہے ہیں، وہ کسی بھی علمی، سائنسی اور منطقی دلیل کو تسلیم کرنے پر راضی نہیں ہوتے۔ معاشی پسماندگی، ذہنی ناآسودگی اور سوک سینس کے فقدان نے انہیں مزید غربت اور مسائل میں الجھادیا ہے جس سے نکلنے کا واحد راستہ معیاری تعلیم، آگہی کا فروغ اور مکالمے کی روایت ہے، مگر ایسا کیسے ہو؟ یہ سوال اپنی جگہ اٹکا ہوا ہے۔

اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ماحولیات کے جانب سے جاری ہونے والی تمام رپورٹس، جائزوں اور پریس ریلیز میں موجودہ زمینی حالات، موسمی تغیرات اور وبائی امراض کے پھیلاؤ پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔

عالمی ادارہ ماحولیات کا کہنا ہے کہ باوجود بین الاقوامی معاہدوں، بشمول پیرس میں ہونے والے 195 ممالک کے سربراہوں کے اجلاس میں طے پانے والے معاہدے کے نتائج کچھ نہیں ہیں۔ موسمی تغیرات اور تبدیلیوں کی وجہ سے سمندر کی سطح، گلوبل وارمنگ، وبائی امراض، خشک سالی، سیلابوں اور سمندری طوفانوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ دنیا کا ہر ملک آلودگی میں اضافہ کررہا ہے، مگر چین، امریکا، بھارت، برازیل زیادہ آلودگی پھیلانے کے مرتکب پائے گئے۔ چین کی نجی کمپنیاں قدرتی ایندھن کے بے دریغ استعمال میں سب سے آگے ہیں۔ صنعتی اداروں کا آلودہ پانی صاف کرکے اس کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے بجائے سمندر کی نذر کردیا جاتا ہے۔

کاروں میں کئی گنا اضافہ چین کی ترقی کا کمال سہی مگر کاربن کی مقدار میں جس سے تیزی اضافہ ہورہا ہے اس سے فضا آلودہ ہورہی ہے۔ کاروں کے کارخانے پیٹرول اور ڈیزل سے چلنے والی کاروں کی تیاری پر زیادہ توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ ممالک اور ملٹی نیشنل اداروں کے مابین جدید سے جدید کاریں بنانے کی دوڑ لگی ہوئی ہے اور جدید انداز کی تشہیر کے ذریعے لوگوں کو دیوانہ بنایا ہوا ہے۔ جبکہ جرمنی، ہالینڈ، سوئیڈن، ناروے، جاپان اور جنوبی کوریا کی بیشتر معروف کاریں بنانے والی کمپنیاں متبادل توانائی سے چلنے والی کاریں تیار کرنے پر کام کررہی ہیں جو سولر انرجی اور بجلی کی بڑی بیٹریوں سے چل سکتی ہیں۔

دوسری طرف ایک عجیب اور پیچیدہ اہم مسئلہ۔ اس وقت دنیا میں سب سے بڑے تیل اور قدرتی گیس کے ذخائر روس کے پاس ہیں۔ پھر سعودی عرب ہے جو تیل کا سب سے بڑا ایکسپورٹر ہے۔ ایران، قطر، وینزویلا، کویت و خلیجی ریاستیں جن کا تیل کی فروخت پر گزارا ہے وہ پریشان ہیں کہ تیل کی سب سے زیادہ کھپت کرنے اور تیل خریدنے والا ملک امریکا اب خود تیل پیدا کررہا ہے اس کے پاس تیل کے دنیا کے دوسرے نمبر کے بڑے ذخائر ہیں۔ ایسے میں تیل کی قیمتیں کم ہورہی ہیں اور پیداوار میں کمی کی جارہی ہے۔ اس میں بھی شدید مسابقت جاری ہے، جس کا حالیہ ثبوت روس اور سعودی عرب کا تیل پر تنازع ہے۔ روس اوپیک کی شرائط تسلیم کرنے پر راضی نہیں ہے تو دوسری طرف سعودی عرب روس کی شرائط تسلیم کرنے پر راضی نہیں ہے۔ اس کا نتیجہ یہ سامنے آرہا ہے کہ جدید ترقی یافتہ ممالک سے ری کنڈیشنڈ کاریں کم ترقی یافتہ ممالک کو فروخت کی جارہی ہیں۔ اس طرح پرانی کاروں کی جگہ ترقی یافتہ ممالک اپنے عوام کو جدید ترین کاریں فروخت کررہے ہیں۔ ترقی پذیر ممالک میں پرانی کاروں کا اژدھام ہوگیا ہے اور تیل کی کھپت بھی بڑھ گئی ہے۔ یہ تضاد ہے تجارت کا، گلوبل معیشت کا۔ ایک کا نفع اور دوسرے کا نقصان۔ مگر یہاں نفع کاریں بنانے اور تیل فروخت کرنے والوں کا ہے اور نقصان اس کرہ ارض کا ہورہا ہے جس کی فضا آلودہ ہورہی ہے۔ موسمی تغیرات میں اضافہ ہورہا ہے اور آلودگی بڑھتی جارہی ہے۔

ٹریفک کا اژدھام صرف دھواں، کثافت آلودگی ہی نہیں پھیلاتا بلکہ بے ہنگم آوازوں کی آلودگی بھی پھیلاتا ہے۔ ہم شور کی آلودگی پر کم توجہ دیتے ہیں جبکہ یہ بہت خطرناک ہے۔ سڑک پر ٹریفک کا شور، ہارنز کی بے ہنگم آوازیں، مشینوں سے، تیز موسیقی سے، دیگر کام کاج سے پیدا ہونے والا شور ہماری سماعت، ہمارے ذہن اور اعصاب پر شدید منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ شہروں میں آباد لوگوں کی بہت بڑی اکثریت ذہنی اور اعصابی دباؤ اور اور طرح طرح کے امراض کا شکار ہوتی ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے عوام ویسے بھی بہت سے مہلک امراض، وائرس اور سماجی مسائل کا شکار ہیں۔ ان ممالک کا سب سے بڑا مسئلہ آبادی میں اضافے کا ہے جس پر نہ حکومتوں کی توجہ ہے، نہ معاشرے کی اور نہ اشرافیہ کو پرواہ ہے۔

دیہی عوام تو اس س مسئلے کو مسئلہ ہی نہیں تصور کرتے۔ تعلیم کی کمی، آگہی کا فقدان اور بعض مذہبی توہمات نے عوام کو بے حس بنادیا ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے عوام بے حسی، مایوسی اور افراتفری کا شکار ہورہے ہیں، وہ کسی بھی علمی، سائنسی اور منطقی دلیل کو تسلیم کرنے پر راضی نہیں ہوتے۔ معاشی پسماندگی، ذہنی ناآسودگی اور سوک سینس کے فقدان نے انہیں مزید غربت اور مسائل میں الجھادیا ہے جس سے نکلنے کا واحد راستہ معیاری تعلیم، آگہی کا فروغ اور مکالمے کی روایت ہے۔ مگر ایسا کیسے ہو؟ یہ سوال اپنی جگہ اٹکا ہوا ہے۔

اقوام متحدہ کے ماحولیات کی درستی، آلودگی میں کمی، معاشروں میں سماجی استحکام لانے کے پروگرام میں اولین ترجیحات یہ ہیں: غربت اور بھوک کا خاتمہ، صحت عامہ کو بہتر بنانا، معیاری تعلیم عام کرنا، عورتوں کو مساوی حقوق دلانا، پینے کا صاف پانی فراہم کرنا، آلودگی سے پاک معاشروں کے لیے قدرتی ایندھن کی جگہ متبادل توانائی کا استعمال عام کرنا، صنعتی ترقی میں جدت لانا، معاشی ناہم واری دور کرنا، انصاف اور عوامی حقوق کی جدوجہد جاری رکھنا وار معاشروں سے پسماندگی دور کرنا۔ اقوان متحدہ کے ماہرین ماحولیات کا کہنا ہے کہ یہ مسائل حل کرنے کے لیے واحد راستہ عوامی جدوجہد کا ہے۔ مگر عوامی جدوجہد کے بجائے، یعنی سڑکوں پر آئے بغیر بھی عوام ابلاغ کے جدید ذرائع استعمال کرکے اپنی بات آگے بڑھا سکتے ہیں، جیسے موبائل فون، انٹرنیٹ، فیس بک، یوٹیوب، واٹس اپ، ٹوئٹر وغیرہ۔ گزشتہ دنوں یہ کام تیس سے زائد ممالک کے اسکولوں کے ننھے بچوں نے انجام دیا جن کے مسلسل مظاہروں نے بہت اثر دکھایا۔

اس طرح کی ترکیبیں ضروری ہیں۔ عوام کو اس سے فائدہ ہوگا، کیونکہ مسئلہ چھوٹا نہیں ہے۔ پورے کرہ ارض اور اس پر موجود تمام اقسام کی حیات کا ہے جس میں سرفہرست انسان خود ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ قدرتی ماحول میں تبدیلیاں مہینوں یا برسوں میں نہیں رونما ہوتیں بلکہ یہ عشروں اور صدیوں میں سامنے آتی ہیں۔ اقوام متحدہ کے ماحولیات کے ادارے کی حالیہ کانفرنس میں پانچ سو سے زائد ماہرین ماحولیات، ارضیات اور جغرافیہ داں شریک ہوئے جنہوں نے اپنی رپورٹ میں واضح کیا ہے کہ اب تک کی تمام کوششوں اور رپورٹس کے باوجود عملی اقدامات کے نتائج سامنے نہیں آئے ہیں۔ زمین کے درجہ حرارت میں بہ تدریج اضافہ ہورہا ہے، سمندر کی سطح بھی بہ تدریج بڑھ رہی ہے، گرین لینڈ، ہمالیائی خطے اور انٹارکٹیکا کے علاقوں میں برف کے بڑے بڑے گلیشیئرز پگھل کر سمندروں میں شامل ہورہے ہیں۔ دریاؤں کا پانی کم ہورہا ہے جس کی وجہ سے ڈیلٹا کے علاقوں میں سمندر کا پانی داخل ہورہا ہے جس سے ڈیلٹا کے علاقوں کی زراعت اور معاشرت بری طرح متاثر ہورہی ہے۔

اس کی وجہ سے ان علاقوں میں مختلف وبائی امراض پھیل رہے ہیں۔ صنعتی، کیمیائی اور تیزابی فضلہ درست طور پر ٹھکانے لگانے کے بجائے انہیں سمندر، جھیلوں اور نہروں میں بہایا جارہا ہے جس کے شدید منفی اثرات رونما ہورہے ہیں۔ اس پانی سے بیش تر علاقوں میں کھیتوں اور سبزیوں کے فارمز کو سیراب کیا جارہا ہے۔ اس سے طرح طرح کی بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ ماہرین نے بار بار حکومتوں اور ذمہ دار صنعتکار حلقوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ قیمتی انسانی جانوں سے نہ کھیلیں۔ مگر تاحال یہ سلسلہ جاری ہے۔ عالمی ماہرین ماحولیات اور اسکالرز کو مختلف ممالک کے سربراہوں سے شکوہ ہے کہ ان کی جانب سے آلودگی میں کمی لانے اور ماحولیات میں سدھار پیدا کرنے کے لیے ضروری اقدام اٹھانے کی باتیں تو کی جاتی ہیں مگر عملی طور پر جو کچھ سامنے آرہا ہے وہ اس کے برعکس ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ جدید سرمایہ دارانہ نظام، کارٹیل اور اجارہ داری کے نظام نے کارپوریشنز کے ذریعہ اپنی اجارہ داری قائم کرلی ہے۔ دنیا کے ساڑھے سات ارب انسانوں کے مسائل اور مصائب میں بہت اضافہ ہوگیا ہے۔

دنیا کو ایسی کمرشل مارکیٹ میں تبدیل کردیا گیا ہے جس میں ہر شئے پیسے سے ملتی ہے۔ گلوبلائزیشن کے نام پر زیادہ استحصال ہورہا ہے، یہاں تک کہ لوگوں کو پانی خرید کر پینے پر مجبور کیا جارہا ہے۔ ہر اہم شئے پر اجارہ داری قائم ہوگئ ہے۔ جگہ جگہ ہر چیز پر ایک طاقت ور اور منظم مافیا کا قبضہ ہوتا جارہا ہے۔ بڑے بڑے شاپنگ مالز اجارہ داری قائم کرکے بیٹھے ہوئے ہیں۔ عوام چکاچوند روشنیوں کے سحر میں پیسہ گنوار ہے ہیں۔ بہ تدریج چھوٹا سرمایہ دار، بیوپاری اور دکان دار مٹتا جارہا ہے۔

دنیا بھر میں تعمیراتی ادارے متحد ہوگئے ہیں، انہوں نے اپنے اشتراک سے ملکوں کی افسر شاہی کو کرپشن کے ذریعے اپنے ساتھ ملالیا ہے۔ کالے دھن والے، ٹیکس چرانے والے اور ناجائز ذرائع سے دولت کمانے والے اس طرح کے کاروبار میں سرمایہ کاری کرکے مافیا کا ساتھ دے رہے ہیں۔ زمین، سمندر، پینے کے پانی، اناج منڈیوں، کھانے پینے کی مختلف اشیاء، ادویہ اور دواخانوں تک پر مافیا چھائی ہوئی ہے۔ دیانت دار سیاست داں، جج، انتظامی افسر، استاد اور عام شہری گومگو کا شکار ہیں۔

یورپ کے ماہرین تعلیم نے پیرس یونیورسٹی میں منعقدہ حالیہ اجلاس میں شکوہ کیا کہ ترقی پذیر ممالک سے یہاں آکر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کی نمایاں اکثریت اپنے مضامین میں بہت کم زور ہوتی ہے۔ ان میں سے بیش تر کو اپنے مکمل نصاب کی بھی آگہی نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ترقی پذیر ممالک میں تعلیم پر بھی بدعنوان افراد کا قبضہ ہوتا جارہا ہے جو بوٹی مافیا کہلاتی ہے۔ طلبا کی بڑی تعداد شارٹ کٹ کی عادی ہوگئی ہے، اکثر جامعات میں اساتذہ فوٹو کاپی نوٹس کے ذریعے طلبا کو تعلیم دیتے ہیں۔ جامعات پرانے نصاب کی کتابیں پڑھارہی ہیں۔ درحقیقت ان ملکوں میں پرائمری اور ہائی اسکولوں میں معیاری تعلیم نہیں دی جارہی ہے۔

سمندر پر مافیا کا قبضہ اس طرح بتایا جاتا ہے کہ بیش تر ممالک، جہاں سمندر کے ساحل ہیں، ان کی آبادی کا ایک نمایاں حصہ سمندر سے مچھلیاں پکڑ کر اپنی روزی کماتا ہے جواب پریشان ہے۔ کیوں کہ اس کے پاس مچھلیاں پکڑنے کے روایتی جال اور دیگر روایتی سامان ہے جس سے وہ برسوں سے اپنے علاقوں میں مچھلیاں پکڑتے آئے ہیں، مگر بتایا جاتا ہے کہ وہاں ترقی یافتہ ممالک کی کمپنیوں کے بڑے بڑے جدید ٹرالرز آتے ہیں جن کے پاس تمام جدید اور خود کار طریقوں سے کام کرنے والا سامان اور ماہر ہوتے ہیں جو کم وقت میں زیادہ بڑے حصے سے مچھلیاں پکڑ لیتے جن کا وزن ٹنوں کے حساب سے ہوتا ہے۔ ایسے میں غریب ممالک کے مچھیرے مزید غریب اور بے روزگار ہوتے جارہے ہیں، لیکن مافیان اپنا کام کررہی ہے۔ دنیا کے ممتاز ماہرین ماحولیات نے، جن میں جان جوبر اور الڈولیپوٹ شامل ہیں، اپنی حالیہ تحقیقی رپورٹ میں بتایا ہے کہ امریکا میں ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر بننے کے بعد سے وہاں ایک مضبوط لابی سامنے آئی ہے جس نے اعلان کردیا ہے کہ گلوبل وارمنگ محض ایک کہانی ہے جو بعض سائنس دانوں نے پھیلائی ہے اور دنیا کو ڈرایا ہوا ہے۔

اس لابی کو امریکا کے معروف اخبار وال اسٹریٹ جرنل کی بھی حمایت حاصل ہے۔

دراصل صدر ٹرمپ اور ری پبلکن پارٹی میں موجود ایک بڑی لابی جس کے پاس تیل کی کمپنیاں، قدرتی کوئلے کی کانیں اور موٹر کار بنانے والی کمپنیاں ہیں، گلوبل وارمنگ سے انکار کرکے اور ایک نیا نظریہ تیار کرکے عوام کو یہ باور کرارہے ہیں کہ آئے روز امریکا میں سمندری طوفان آتے رہتے ہیں، دنیا میں برفانی طوفانوں اور برف باری کا سلسلہ بڑھتا جارہا ہے جس سے کئی کئی روز تک شہروں اور متاثرہ علاقوں میں زندگی مفلوج ہوجاتی ہے، سڑکیں بند ہوجاتی ہیں ٹرین کا چلنا مشکل ہوجاتا ہے اور بعض شہروں میں بجلی کا نظام تک ابتر ہوجاتا ہے، ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ دنیا برفانی دور میں داخل ہورہی ہے۔ اس لابی کے بہ قول رہی بات موسمی تبدیلیوں کی تو جب سے زمین وجود میں آئی ہے اس پر موسم تبدیل ہوتے رہے ہیں، کبھی یہ آگ کا گولا تھی، آگ کے سمندر ابلتے تھے، پھر صدیوں بعد زمین ٹھنڈی ہوئی تو برف جمنے لگی اور یہ برف سے ڈھک گئی۔ پھر رفتہ رفتہ صدیوں بعد برف پگھل کر پانی ب گئی تو سمندر بن گئے، پہاڑ ابھر آئے اور زندگی پیدا ہوئی۔ ان لوگوں کا دعویٰ ہے کہ یہ زمین پھر برف کی دنیا بننے جارہی ہے اور ایک وقت آئے گا جب زمین پوری طرح برف سے ڈھک جائے گی اور سمندر جم جائیں گے۔

اس لابی کی برفانی تھیوری کو عالمی رہنماؤں اور ہزاروں ماہرین نے مسترد کردیا ہے کیوں کہ ان کا خیال ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایک کاروباری شخصیت ہیں اس لیے وہ اپنے بڑے کاروباری دوستوں اور حلقوں کی حمایت میں پیرس معاہدے کو مسترد کرتے ہوئے اس سے الگ ہوئے ہیں، وہ امریکا کا تیل، کوئلہ اور قدرتی گیس زیادہ سے زیادہ استعمال اور فروخت کرنا چاہتے ہیں چناں چہ وہ قدرتی ایندھن کے استعمال کی روک تھام کے کسی بھی معاہدہ میں نہ شریک ہیں اور نہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ اس حوالے سے حالیہ واقعہ سب پر عیاں ہے۔ امریکی صدر نے کرونا وائرس کے بارے میں اپنی تقریر میں کہا کہ یہ کوئی خطرناک وائرس نہیں ہے بلکہ محض فلو کی طرح کا وائرس ہے، اس کے لیے گھر میں بند ہونے کی ضرورت نہیں ہے، آپ سب کام کریں۔ پھر جب یہ وبا پھیل گئی اور ایک کے بعد دوسرے شہر سے بری خبریں ملنے لگیں تو صدر ٹرمپ بوکھلا گئے اور حسب عادت کبھی چین اور کبھی نریندر مودی پر غصہ نکالنے لگے۔

امریکا کی ماحولیاتی پالیسی کا چین، بھارت، برازیل اور دیگر ممالک بھی فائدہ اٹھارہے ہیں اور قدرتی کوئلہ اور ڈیزل خوب استعمال کررہے ہیں۔ یوں آلودگی کی روک تھام کے طریقوں پر عمل نہیں کیا جارہا ہے جس سے ماہرین کو مزید تشویش ہے۔ سائنس دان، ماہرین ماحولیات و ارضیات بار بار افریقی اور بعض ایشیائی ممالک کو خبردار کررہے ہیں کہ وہ آبادی میں روک تھام کے لیے بامقصد اقدام اٹھائیں کیوں کہ آبادی میں اضافے کی رفتار بھی کرہ ارض کے قدرتی ماحول پر شدید طور سے اثرانداز ہورہی ہے۔

دنیا میں خوارک کی پیداوار، پینے کے صاف پانی، زندگی کی بنیادی سہولتوں اور صحت عامہ کے وسائل میں کمی ہورہی ہے اور آبادی بڑھ رہی ہے جس سے غریبوں کے کنبے مزید زیر بار ہورہے ہیں اور معاشرتی اور سماجی برائیاں جنم لے رہی ہیں۔ اس حوالے سے بیش تر رپورٹس میں پاکستان کا نام بھی آتا رہا ہے جہاں آبادی میں اضافے کا اوسط زیادہ ہے اور وسائل میں کمی ہوتی جارہی ہے۔ مثلاً پینے کا صاف پانی کم یاب ہورہا ہے، عوام کو پانی خرید کر پینا پڑتا ہے۔ غریب اس سے محروم ہیں۔ یہ صرف حکومتوں کی کوتاہی ہے۔ دنیا میں سمندر کا پانی صاف کرکے استعمال کیا جارہا ہے۔

پاکستان کے شمالی علاقوں میں دنیا کے بڑے بڑے گلیشئرز ہیں، ہماری سرزمین پر پانچ دریا بہتے ہیں۔ ہر سال بارشیں ہوتی ہیں، سیلابی ریلے آتے ہیں جو تباہی مچا کر سمندر میں گرجاتے ہیں۔ لیکن حکومتوں نے چھوٹے ڈیم، مصنوعی جھیلیں تعمیر نہیں کیں۔ اگر چولستان میں مصنوعی جھیل بنالی جائے تو ایک بڑا علاقہ سیراب ہوسکتا ہے اور پانی کی قلت میں کمی آسکتی ہے۔ چھوٹے ڈیم تعمیر کرنے کا سلسلہ دنیا میں عام ہورہا ہے اور بڑے ڈیم بنانے کا نظریہ مسترد کردیا گیا ہے۔ اس لیے پاکستان میں، جس کی آبادی بڑھ رہی ہے، چھوٹے ڈیمز بنانا ضروری ہے۔ ایک عرصے سے پاکستان میں مون سون کی بارشوں کا سلسلہ بڑھ گیا ہے۔ طوفانی بارشوں سے سیلاب آرہے ہیں۔ یہ سب پر عیاں ہے، مگر ڈیمز بنانے میں نادیدہ قوتیں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں۔ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے۔ آئندہ برسوں میں قوموں کے لیے پانی بہت اہم مسئلہ بن جائے گا۔

عالمی ماحولیات اور موسمی تغیرات کے حوالے سے ہم یہ سچائی جھٹلا نہیں سکتے کہ فطرت کے توازن میں انسان جو بگاڑ پیدا کرتا رہا ہے اس کا خمیازہ اسے بھگتنا پڑے گا۔ انسان نے زرگری، طمع، حرص و ہوس اور طاقت کے نشے میں معاشرے ہی نہیں اجاڑے بلکہ فطری نظام کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اب ترقی یافتہ اقوام مسابقت کی دوڑ میں مزید بگاڑ پیدا کررہی ہیں جن کا اوپر ذکر آچکا ہے۔ انسان دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے آج ترقی کی کئی منزلیں طے کرلی ہیں اور اب تسخیر کائنات کے مشن کی تکمیل کررہا ہے۔ مگر کیا کرہ ارض پر اس نے ایسا کوئی ایک گوشہ قائم کیا ہے جو ماحول دوست ہو اور ہر طرح کی آلودگی اور وائرل بیماریوں سے پاک ہو؟ نہیں، تمام دنیا آلودہ ہے۔

اقوام متحدہ کے ماحولیات کے ادارے نے گزشتہ سال بھی اپنی سالانہ رپورٹ میں بتایا تھا کہ گزشتہ برس شمالی امریکا میں آنے والا سمندری طوفان سینڈی بحر اوقیانوس میں دو ڈگری درجہ حرارت بڑھ جانے کی وجہ سے آیا تھا۔ اس حوالے سے دنیا کے بیش تر سائنس داں جو سمندری ماحولیات پر تحقیق کرتے آرہے ہیں، ان کا خیال ہے کہ دنیا میں ہر تیس برس کے بعد موسمی تبدیلیاں رونما ہوتی رہی ہیں، مگر اس بار گزشتہ دو ہائیوں سے سمندری ماحولیات میں جو تبدیلیاں ہورہی ہیں وہ معمول سے ہٹ کر ہیں۔ مثلاً حالیہ سمندری تحقیق سے پتا چلا ہے کہ بحر ہند کے وسطی حصہ میں لہروں میں بڑی ہلچل ریکارڈ کی جارہی ہے۔ پروفیسر پال کچ، جو کینیڈا کی یونیورسٹی میں سمندری ماحولیات پر تحقیق کررہے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ سمندر آگے چل کر دنیا کے لیے بڑے خطرہ کا باعث بن سکتے ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ جدید تحقیق سے پتا چلا ہے کہ سمندروں کی سطح میں بہ تدریج تبدیلی ہورہی ہے۔ خیال ہے کہ اب سے اسی سال بعد یعنی 2100 میں سطح سمندر آٹھ فٹ بڑھ جائے گی اور سن 2300 میں 50 فٹ تک بلند ہوجائے گی۔ ماہرین کا خیال ہے کہ بحر ہند کے وسط میں اٹھنے والی لہریں مستقبل قریب میں بڑی تباہی کا پتا دے رہی ہیں جس سے بحر ہند کے تمام ساحلی شہروں اور جزائر کو شدید خطرہ ہے۔

بحر ہند کی بڑھتی ہوئی سطح سے ماہرین زیادہ پریشان ہیں۔ اس سمندر کا پھیلاؤ زیادہ ہے جو قطب جنوبی سے بھی وابستہ ہے اور قطب جنوبی کے برفانی خطے میں پگھلنے والے گلیشیرز اس پر اثر انداز ہورہے ہیں۔ اس کے علاوہ بحر اوقیانوس، جو شمالی اور جنوبی دو حصوں میں ہے، اس میں ہونے والی تبدیلیوں سے امریکا اور اس کے قرب و جوار کے جزائر متاثر ہوسکتے ہیں۔ اس سمندری سطح کی تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے امریکی ماہرین کی ایک لابی نے صدر ٹرمپ کی حمایت کرتے ہوئے گلوبل وارمنگ کو گلوبل کولنگ سے تشبیہ دی ہے اور وہ تاحال اس نظریے پر قائم ہیں۔ حالاں کہ گلوبل وارمنگ اور موسمی تغیرات ایک حقیقت ہیں جن سے نظر نہیں چرائی جاسکتی۔

سندھ کے تاریخی شہر سیہون شریف میں مقامی آبادی

پینے کے صاف پانی سے محروم

حکومتی اقدامات کے باوجود مسئلہ جوں کا توں، خصوصی رپورٹ

میگزین رپورٹ

پیاس بڑھتی جاتی ہے بہتا دریا دیکھ کر: سیہون میں حکومتی اقدامات کے باوجود مقامی آبادی پینے کے صاف پانی سے محروم

عرس سولنگ

حبیب اللہ دن بھر گدھا گاڑی چلا کر اپنی روزی روٹی کماتے ہیں۔ لیکن کام کاج نمٹانے کے بعد بھی انہیں آرام نہیں ملتا بلکہ ہر شام اپنی گدھا گاڑی پر چھ کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے وہ ایک کنوئیں پر جاتے ہیں اور وہاں سے اپنے گھر میں استعمال ہونے والا پانی بھر کر لاتے ہیں۔

ان کی عمر 35 سال ہے اور وہ صوبہ سندھ کے مغربی قصبے سیہون شریف کی ایک پسماندہ آبادی چھوٹو عامرانی میں اپنے بہن بھائیوں اور بیوی بچوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ اگرچہ ان کے گھر میں سرکاری نل لگا ہوا ہے لیکن، ان کے مطابق، اس میں پچھلے کئی ماہ سے پانی نہیں آرہا جس سے ان کی زندگی بہت مشکل ہوگئی ہے کیونکہ ان کے گھرانے کے کسی ایک فرد کو ہر روز کم از کم دو بار کنوئیں سے پانی بھر کو لانا پڑتا ہے۔

دراصل ان کے پورے قصبے کو یہی مسئلہ درپیش ہے۔

سیہون شریف میں پانی کی قلت اس سال مارچ میں شروع ہوئی جب اسے پانی فراہمی کرنے والا سرکاری نظام تقریباً بے کار ہو کر رہ گیا اور اس میں شامل پانچ تالاب اور تین ٹینکیاں خشک ہوگئیں۔ اس مسئلے کی بنیادی وجہ قصبے کے مشرقی پہلو میں بہنے والے دریائے سندھ میں پانی کی شدید کمی ہے جہاں سے ان تالابوں اور ٹینکیوں کو پانی پہنچایا جاتا ہے۔

اس قلت کو دور کرنے کے لیے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے صوبائی محکمے نے دریا سے منسلک سپنا نامی مصنوعی جھیل سے پانی لے کر شہریوں کو پہنچانا شروع کیا۔ یہ جھیل پانچ مربع کلومیٹر پر پھیلی ہوئی ہے اور 20 فٹ سے 25 فٹ گہری ہے۔ تاہم اس کا پانی پینے کے لائق نہیں کیونکہ مقامی لوگ اس میں اپنے مویشیوں کو پانی پلاتے اور نہلاتے ہیں جس کے باعث ان کا فضلہ اس کے پانی میں شامل ہوتا رہتا ہے۔

سیہون شریف میں واقع سید عبداللہ شاہ میڈیکل انسٹیٹیوٹ آف سائنسز اینڈ ہاسپٹل کے ایڈمنسٹریٹر بابر کرم اللہ کا کہنا ہے کہ جھیل کے پانی کی قصبے کو فراہمی کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسے پینے والے بیمار پڑنے لگے۔ ان کے مطابق صرف مارچ 2022 میں پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا پانچ سو سے زیادہ مریض ان کے ادارے میں علاج کے لیے لائے گئے جن میں تین سو بچے بھی شامل تھے۔

یہ طبی مسائل منظرِ عام پر آتے ہی صوبائی حکومت نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر پینے کے پانی کی قلت پر قابو پانے کے اقدامات کرے۔ ان ہدایات پر عمل کرتے ہوئے محکمے نے سیہون شریف کے جنوب میں دریائے سندھ کے کنارے واقع گاڑھی واری نامی گاؤں میں ایک بہت بڑی برقی موٹر نصب کرکے زیرِ زمین پانی شہریوں کو پہنچانا شروع کیا۔ تاہم اپریل کے آغاز میں ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ہونے لگی جس کے باعث اس موٹر کو روزانہ چند گھنٹوں سے زیادہ چلانا ممکن نہ رہا اور یوں پانی کی قلت کا مسئلہ جوں کا توں رہا۔

اس صورتِ حال سے پریشان شہریوں نے 18 مئی کو سندھ یونائیٹڈ پارٹی نامی سیاسی جماعت کی قیادت میں ایک احتجاجی مظاہرہ بھی کیا۔ اس مظاہرے کے شرکا سیہون شریف سے نکل کر اس کے مغرب سے گزرنے والی مرکزی شاہراہ، انڈس ہائی وے، تک گئے جہاں انہوں نے تمام ٹریفک روک دی۔ بعد ازاں انہوں نے قصبے کے ایک مرکزی چوک میں بھوک ہڑتال شروع کردی۔

یہ احتجاج ختم کرانے کے لیے مقامی انتظامیہ نے مظاہرین سے مذاکرات کیے اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ جب تک دریائی پانی کی قلت برقرار رہے گی اس وقت تک سیہون شریف کے باسیوں کو فائر بریگیڈ کے ٹرکوں اور ٹینکروں کے ذریعے پانی مہیا کیا جائے گا۔ اگرچہ انتظامیہ نے اپنا وعدہ پورا کیا لیکن اس طرح فراہم کیا جانے والا پانی بھی مقامی ضروریات سے کہیں کم رہا۔

کچھ نہ دوا نے کام کیا

سیہون شریف کو پانی کی فراہمی کے لیے پہلا سرکاری منصوبہ 1965 میں صدر ایوب خان کے دورِ حکومت میں بنایا گیا جو 20 ہزار افراد کو پانی مہیا کرنے کے لیے کافی تھا (جبکہ مقامی آبادی اس وقت صرف 15 ہزار نفوس پر مشتمل تھی)۔ بعد ازاں 1975 میں اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے سیہون شریف کی بڑھتی ہوئی آبادی کو پانی مہیا کرنے کے لیے ایک اور منصوبے کو عملی شکل دی جس کے تحت زیرِ زمین پائپوں کے ذریعے دریا کا پانی دو تالابوں اور ایک ٹینکی میں لایا جاتا تھا اور وہاں سے گھر گھر مہیا کیا جاتا تھا۔ 2008 میں سندھ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے برسرِ اقتدار آنے کے بعد اس نظام کو توسیع دے کر اس میں تین تالابوں اور دو ٹینکیوں کا اضافہ کیا گیا۔

لیکن شہری آبادیوں کو پانی کی فراہمی کے ذمہ دار صوبائی محکمے کے مقامی اہلکار پریل خان چانڈیو کا کہنا ہے کہ پچھلے پانچ سال سے دریائے سندھ میں بہنے والے پانی کی مقدار مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔ مزید برآں، ان کے مطابق، دریا کے پاٹ میں ہونے والی جغرافیائی تبدیلیوں کے باعث اس کا پانی سیہون شریف سے چار کلومیٹر دور چلا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ان دونوں تبدیلیوں کا مجموعی نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہر سال جنوری، اپریل، مئی، جون اور دسمبر کے مہینوں میں دریائی پانی ان زیرِ زمین پائپوں تک پہنچ ہی نہیں پاتا جو اسے تالابوں اور ٹینکیوں میں لاتے ہیں۔

سندھ کے وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ نے سیہون شریف کے ایک حالیہ دورے کے دوران دریائے سندھ میں پانی کی کمی کی توثیق کرتے ہوئے مقامی صحافیوں کو بتایا کہ صوبہ سندھ کو اس کے سالانہ حصے سے 42 فیصد کم دریائی پانی مل رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر دریائی پانی کی تقسیم کی نگرانی کرنے والا قومی ادارہ، انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (ارسا)، "سندھ کو اس کے حصے کے پانی کی مکمل فراہمی یقینی بنائے تو سیہون شریف سمیت سندھ بھر میں پانی کی قلت ختم ہوسکتی ہے"۔

تاہم محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مطابق صوبائی حکومت نے اپنا تمام تر زور محض دریائے سندھ میں مطلوبہ مقدار میں پانی کی فراہمی پر مرکوز نہیں کیا ہوا بلکہ سیہون شریف میں پانی کی قلت پر قابو پانے کے لیے دیگر ذرائع استعمال کرنے کی کوشش بھی کی جارہی ہے۔ اس محکمے کے مقامی انجینئر عرفان بوک کہتے ہیں کہ اس حکومت نے 2018 میں 12 کروڑ روپے کی لاگت سے سیہون شریف سے ڈیڑھ کلومیٹر مغرب میں واقع لعل باغ کے مقام پر شمسی توانائی استعمال سے چلنے والے پمپ لگائے تھے تاکہ ان کی مدد سے زیرِ زمین پانی قصبے کو فراہم کیا جاسکے۔ لیکن ان کا کہنا ہے کہ "انجینئروں اور ٹھیکے داروں کی مبینہ بدعنوانی کے باعث یہ نظام مکمل ہونے کے چند روز بعد ہی خراب ہوگیا"۔

عرفان بوک کا دعویٰ ہے کہ یہ خرابی صرف 10 لاکھ روپے خرچ کرکے دور کی جاسکتی ہے۔ لیکن ایسا کرنے کے بجائے مراد علی شاہ نے حال ہی میں اپنے آبائی علاقے واہڑ کا دورہ کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو حکم دیا ہے کہ وہ سیہون شریف کو پانی فراہم کرنے کے لیے فوری طور پر ایک نئی سکیم بنائیں جو ایک لاکھ ساٹھ ہزار لوگوں کے لیے کافی ہو۔

افغانستان کی سمت

ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار بریفنگ میں افغان تجارت پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں تھا، اس نے یہاں کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتا، دہشت گردوں کی معاونت ختم ہونے تک تجارت بند رہے گی، سرحدی گزرگاہوں کو کھولنے میں تاخیر کی ذمہ داری افغان طالبان پر عائد ہوتی ہے، پاکستان نے ہمیشہ سیکیورٹی اور تجارت کو الگ رکھنے کی کوشش کی لیکن افغانستان سے مسلسل حملے ہو رہے ہیں۔ ترکیہ کے صدر کے ثالثی وفد کا دورہ پاکستان سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ اُس کے لئے ابھی تک کوئی تاریخ طے نہیں کی گئی، دورہ ترکیہ کے نائب صدر کی غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التوا کا شکار ہوا، بہت سے ممالک نے پاک افغان ثالثی کی بات کی ہے، تاہم وقت آنے پر اس پر ردعمل دیں گے، دونوں ممالک کے سفارت خانے کام کر رہے، ان کے مواصلاتی چینل بھی کھلے ہوئے ہیں، البتہ ابھی تک ایران کی جانب سے پاک، افغان طالبان تنازع میں ثالثی پر عملی دعوت نامہ موصول نہیں ہوا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ افغان رہنماؤں کا چار ہزار خودکش بمبار سرحد پار بھیجنے کا اعلان پاکستانی موقف کی تصدیق ہے کہ افغان سرزمین فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ہاتھوں دہشت گردی کے لئے استعمال ہو رہی ہے۔ دوسری جانب بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق بھارت اور افغانستان میں تجارتی اتاشی تعینات کرنے اور مشترکہ چیمبر بنانے سمیت پانچ اہم امور پر اتفاق ہوگیا۔ بھارتی وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے امارت اسلامیہ افغانستان کے وزیر صنعت اور تجارت نورالدین عزیزی سے ملاقات کی جو اِن دِنوں پانچ روزہ بھارتی دورے پر نئی دہلی میں ہیں۔ افغانستان کی وزارتِ صنعت اور تجارت کے ترجمان اخوندزادہ عبدالسلام جواد کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو وسعت دینے، چاہ بہار بندرگاہ کو مزید فعال کرنے، دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور عوام کے درمیان روابط بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ بھارتی اور افغان وزراء کی بات چیت میں اقتصادی رابطے بہتر بنانے اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لئے تجارتی اتاشی مقرر کرنے کے منصوبے بھی شامل تھے۔ افغان میڈیا کے مطابق جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت افغان عوام کی ترقی اور خوشحالی کی حمایت کرتا ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ کے جوائنٹ سیکرٹری کے مطابق کابل کے فضائی راستے دہلی اور شمالی بھارت کے شہر امرتسر کے ساتھ فعال کردیئے گئے اور ایئر کارگو کے لئے روزانہ پروازیں، بہت جلد ان راستوں پر آپریٹ کریں گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کی طرف سے تمام کارروائی مکمل ہوچکی ہیں، اب افغانستان کی جانب سے دستاویزات کا انتظار کر رہے ہیں جو جیسے ہی مکمل ہوں گی، ایئر کارگو سروس شروع ہوجائے گی۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت اہم شعبوں (بجلی، ٹیکنالوجی، پانی اور تجارتی پیداوار) میں افغانستان کے ساتھ کام کرنے کا خواہاں ہے اور اس سے تازہ اور خشک میوہ جات خریدنے کا خواہشمند ہے۔ افغان تجزیہ نگاروں کے نزدیک اس دورے سے مستقبل میں افغانستان بھارت تعلقات پر مثبت اثر ڈال سکتا ہے اور بھارت، افغان سیاسی، اقتصادی اور سماجی تعلقات کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز کرسکتا ہے۔ یہ ملاقات ایسے حالات میں ہوئی جب افغانستان اپنے ٹرانزٹ روٹس کو بڑھانے اور پاکستان پر اپنا تجارتی انحصار کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ افغان ایئر لائن نے فضائی راہداریوں کو وسعت دینے اور تجارتی سامان کی نقل وحمل کو آسان بنانے کے لئے جلد ہی کارگو طیارے خریدنے اور چارٹر پروازیں چلانے کے منصوبے کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ پاکستان کے ساتھ اہم تجارتی گزرگاہوں کی بندش کے بعد افغان ایئر لائن نے بھارت کے لئے شپنگ اخراجات میں نمایاں کمی کا اعلان کیا تھا تاہم تاجر دہلی روٹ پر مزید کمی کے خواہشمند ہیں۔ افغان اقتصادی ماہرین کے مطابق فضائی کارگو ٹرانزٹ کو وسعت دینے سے زمینی راستوں پر افغانستان کا انحصار کم ہوسکتا ہے، اس سے نہ صرف علاقائی اور عالمی منڈیوں تک براہ راست رسائی حاصل کی جاسکتی ہے بلکہ اخراجات میں کمی لانا بھی ممکن ہوگا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ افغان وزیر صنعت وتجارت کے دورے سے قبل افغان وزیر خارجہ امیر متقی نے بھارت کا دورہ کیا تھا جس میں اس سے سرمایہ کاری، تجارت اور ترسیلات کی خبریں سامنے آئی تھیں۔ افغان طالبان حکومت پاکستان کی طرف سے تجارتی راستوں کی بندش کے متبادل راستوں کے حصول کے لئے کوشاں ہیں، پہلے بھی پاک افغان جھڑپ کے دوران افغان وزیر خارجہ کے دورے سے یہ پیغام دینے کی کوشش کی گئی تھی کہ وہ پاکستان کے مطالبے پر عملدرآمد کے لئے تیار نہیں اور اب بھی ایسا ہی کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ افغانستان کو یہ بات سمجھنی چاہئے کہ جب تک وہ اپنی سرزمین کو دہشت گردوں سے پاک نہیں کرے گا تب تک اس کے آگے بڑھنے کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی رہیں گی۔ صرف بھارت کے ساتھ تعلقات بہتر بنا کر ترقی کا خواب دھندلا ہی رہے گا۔ چند روز قبل ڈنمارک نے اقوام متحدہ کی ایک کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر دنیا کو باور کرایا کہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) وسطی اور جنوبی ایشیاء کے لئے خطرہ ہے، یہ دہشت گرد گروہ افغانستان کی عبوری حکام سے لاجسٹک اور مالی معاونت حاصل کر رہا ہے، اس نے افغان سرزمین سے پاکستان میں متعدد بڑے حملے کیے ہیں جن میں بعض میں بڑی تعداد میں ہلاکتیں بھی ہوئیں۔ پاکستان بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے معاملات حل کرنا چاہتا ہے، اِسی لئے مذاکرات ناکام ہونے بعد سب کچھ جانتے بوجھتے بھی پاکستان نے کوئی انتہائی قدم نہیں اٹھایا۔ پاکستان کا واحد موقف یہی ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو۔

افغانستان پر لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو ایک ذمہ دار ریاست ثابت کرے گا، مسائل کا وقتی حل نکالنے کی بجائے مستقل حل کے لئے کوشش کرے، ہٹ دھرمی، ضد یا حقیقت سے آنکھیں چرانے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اسے یہ سمجھنا چاہئے کہ ہمسائے بدلے نہیں جا سکتے، بھارت کے ساتھ مل کر پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوئی بھی کوشش کامیاب نہیں ہوسکتی، پاکستان اپنا دفاع کرنا جانتا ہے اور وہ یہ ثابت بھی کر چکا ہے۔

سعودی ولی عہد کا دورہ امریکا، F35 اور فلسطین

تنویر قیصر شاہد

نومبر 2025 کا مہینہ سفارتی لحاظ سے اس لیے بھی پاکستان کے لیے اہم سمجھا گیا ہے کہ کئی اہم ترین غیر ملکی شخصیات نے پاکستان کا دَورہ کیا۔ مثال کے طور پر شاہِ اُردن، جناب شاہ عبداللہ دوم، کا دو روزہ دَورۂ اسلام آباد۔ شاہ عبداللہ دوم نے ایسے حساس موقع پر پاکستان میں قدم رکھا جب عالمی سطح پر مسئلہ فلسطین، غزہ اور اسرائیل بارے کئی اہم فیصلے سامنے آ رہے تھے۔ مملکتِ ہاشمیہ کے فرمانروا، شاہِ اُردن، ہمارے وزیر اعظم کی دعوتِ خاص پر پاکستان تشریف لائے۔

اُن کی بامعنی ملاقاتیں جناب شہباز شریف، جناب آصف علی زرداری اور جناب عاصم منیر سے بھی ہُوئی ہیں۔ اُنہیں پاکستان کی جانب سے پاکستان کا اعلیٰ ترین سول ایوارڈ (نشانِ پاکستان) بھی عطا کیا گیا۔ اِس سے قبل، پچھلے ماہ، شرم الشیخ (مصر) میں اُن کی ملاقات جناب شہباز شریف سے ہُوئی تھی۔

پچھلے ماہ ہی جب ہمارے فیلڈ مارشل، جناب عاصم منیر، مصر اور اُردن کے سرکاری دَورے پر گئے تھے، تب بھی اُن کی تفصیلی اور خوشگوار ملاقات اُردن کے بادشاہ سے ہُوئی تھی۔ اندازے یہی لگائے گئے ہیں کہ شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی مصر اور اُردن میں اہم ملاقاتوں کے دوران مسئلہ فلسطین اور غزہ میں دو سالہ خونریز جنگ کے بعد فلسطینی ریاست کے مستقبل بارے ہی تفصیلی بات چیت کی گئی ہوگی۔ شاہِ اُردن کے دو روزہ دَورۂ پاکستان کو بھی اِسی پس منظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

اب جب سعودی ولی عہد، جناب محمد بن سلمان، 17 نومبر 2025 کو دَورۂ امریکا پر روانہ ہُوئے تو بھی عالمی دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کے مباحث اور تجزیوں میں غزہ کے مستقبل اور مسئلہ فلسطین ہی کو محوریت اور مرکزیت حاصل رہی۔ سعودی ولی عہد ابھی واشنگٹن ہی میں موجود تھے کہ بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم، شیخ حسینہ واجد، کو عدالت کی طرف سے سزائے موت سنائے جانے کی خبر سامنے آئی۔ خبریت کے اعتبار سے یہ ایک بڑی اور چونکا دینے والی خبر تھی، مگر اِس کے باوصف عالمی میڈیا کے حواس پر جناب شہزادہ محمد بن سلمان کا دَورۂ امریکا چھایا رہا۔

کئی اعتبار سے بِلا شبہ عزت مآب محمد بن سلمان کا دَورۂ امریکا خاصی اہمیت کا حامل تھا۔ اِسی لیے دُنیا بھر کے میڈیا، خصوصاً عرب اور اسرائیلی میڈیا، کی نظریں اِسی پر مرتکز تھیں۔ ویسے دیکھا جائے تو یہ حقائق بھی سامنے آتے ہیں کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، جو سعودی وزیر اعظم بھی ہیں، نے اپنی زبردست انتظامی صلاحیتوں اور محکم فیصلوں سے سعودی عوام اور دُنیا پر ثابت کیا ہے کہ واقعتاً وہ مضبوط اعصاب کے مالک، دُور اندیش، نہائت متحرک، قابل اور مملکتِ سعودیہ کو مطلوب شاندار صلاحیتوں کے حامل شہزادے ہیں۔ اُنہوں نے اپنے وِژن سے سعودیہ کو نئی راہیں بھی دکھلائی ہیں اور سعودی عرب میں بعض پنپتے بدعنوان عناصر کی سرکوبی بھی کی ہے۔

سعودی ولی عہد، جناب محمد بن سلمان، سات آٹھ سال کے طویل وقفے کے بعد، بوجوہ، امریکی دَورے پر تشریف لے گئے۔ عالمی الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا میں یہ مباحث بھی بکثرت سامنے لائے گئے کہ MBS کے واشنگٹن پہنچنے میں کیا اور کونسے اہداف ومقاصد پنہاں ہیں؟ یہ بات تو بہرحال مسلّمہ تھی کہ محمد بن سلمان صاحب امریکا سے کوئی مالی امداد لینے جارہے ہیں نہ ہی آئی ایم ایف یا ورلڈ بینک کے سامنے کوئی درخواست رکھنے۔

بلکہ خود امریکا اور امریکی حکمران و امریکی اسٹیبلشمنٹ اُن سے توقع وابستہ کیے ہُوئے تھے کہ محمد بن سلمان صاحب امریکا آئیں گے تو امریکی عوام اور امریکا کو (سرمایہ کاری کی مد میں) کیا عنائت فرما کر جائیں گے؟ ساتھ ہی مگر یہ بھی کہا جارہا تھا کہ (۱) محمد بن سلمان امریکا سے ٹینکوں سمیت جدید ترین اسلحہ خریدنا چاہیں گے اور یہ بھی تو دراصل امریکا کی مالی امداد ہی کے زمرے میں ہے (۲) وہ امریکا سے جدید ترین لڑاکا جنگی طیارے (F35) بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں (۳) امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، سے مل کر غزہ بارے کوئی ایسا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں جو اہلِ غزہ و مغربی کنارے اور عالَمِ اسلام کو بھی قابلِ قبول ہو (۴) معروفِ عالم و متنازع ابراہیم معاہدہ (Abraham Accord) کے پس منظر میں مشرقِ وسطیٰ میں امن کی فضاؤں کو آگے بڑھانے کی سعی!

واشنگٹن روانہ ہونے سے قبل، بہرحال، سعودی ولی عہد کی جانب سے ملفوف انداز میں یہ بات امریکا اور مغربی دُنیا پر واضح کر دی گئی تھی کہ ابراہام اکارڈ (جو دراصل صہیونی اسرائیل کو ایک جائز ریاست بنانے کے لیے امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، کا شاطرانہ جال اور اقدام کہا جاتا ہے) کو اِسی صورت تسلیم کرنے کے لیے کوئی قدم آگے بڑھایا جاسکتا ہے جب دو ریاستی فارمولا بھی واضح طور پر تسلیم کرنے کی بات سامنے لائی جائے: یعنی آزاد فلسطینی ریاست بارے امریکا کی جانب سے کوئی غیر مبہم اعلان! ہم نے دیکھا کہ جناب محمد بن سلمان کے دَورۂ امریکا سے قبل سعودی میڈیا میں ایسی کوششیں بھی سامنے لائی گئیں جن سے مترشح ہوتا ہے کہ سعودی، امریکا تعلقات مثالی اور غیر متنازع ہیں۔

اے، وائے اہلِ فلسطین

ڈاکٹر یونس حسنی

20 نومبر کے اخبارات کی اطلاع کے مطابق اسرائیل نے لبنان میں واقع ایک پناہ گزیں کیمپ پر فضائی حملہ کر کے تقریباً 13 افراد کو شہید کر دیا اور متعدد کو زخمی کر دیا۔ یہ حملہ لبنان میں واقع عین الحلوہ کے پناہ گزیں کیمپ پر کیا گیا۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے نفاذ سے لے کر اب تک 383 مرتبہ معاہدے کی خلاف ورزی کی جس کے نتیجے میں 279 افراد شہید 602 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ قابض اسرائیلی فوج نے غزہ کے مغربی کنارے پر تقریباً 36 فلسطینیوں کو بلاجواز گرفتار کر لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی گرفتاری مہمان نوازی کے لیے عمل میں نہیں آئی ہے بلکہ یہ اب اسرائیلی بربریت کا شکار ہوں گے اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا کیا حشر ہوگا۔

یہ عجیب مضحکہ خیز جنگ بندی ہے اور یقیناً پوری انسانی تاریخ میں بڑی بڑی جنگوں کے بعد جنگ بندی کی ایسی اور اتنی خلاف ورزی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ جنگ بندی کی ایسی اور اتنی تعداد میں خلاف ورزی کو اقوام عالم کیسے ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرتی رہی ہیں اور عالمی مزاج کو ایسی زباں بندی کیوں کر راس آگئی۔

امریکا بہادر جس کے صدر کا خیال ہے کہ وہ ''امن کے پیامبر'' ہیں اور انھوں نے جنگ بندی کرا کے لاکھوں افراد کی جان بچائی ہے، وہ اہل فلسطین و غزہ کے خون کی اس ارزانی پر کیوں خاموش رہے اور امریکا کو تو اس لیے مورد الزام قرار دیا جاتا ہے کہ وہ دنیا اور اہل دنیا کا چوہدری ہے اور اگر ایک طرف امن کا اتنا ہی خیال ہے تو پھر اس کی ذمے داری ہے کہ وہ اہل فلسطین کی جانوں کی اس ارزانی پر خاموش نہ رہتا۔

مگر ہمیں تو گلہ اپنوں سے بھی ہے۔ بے چارے قریبی مسلم ممالک تو کسی گنتی شمار میں نہیں، ان کو

سے فیض یاب ہو رہے ہوں گے کہ ظالم کے ہاتھوں موت کو گلے لگانے کا مزہ کچھ اور ہوتا ہے مگر ان کی موت کا باعث بننے والے اسرائیلی درندوں کے نامہ اعمال میں جو کچھ لکھا جا رہا ہے وہ رنگ لا کر رہے گا۔

اسرائیل کا معاملہ تو خدا کے سپرد ہے مگر اہل فلسطین مسائل و مصائب کی ایسی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں جن سے ان کی نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ عالمی طاقتیں بڑے زعم میں رہتی ہیں اور غم خواری و فلسطین کی آبادکاری کے سلسلے میں دل کش دعوے کرتی رہتی ہیں کہ ان کی دوبارہ آبادکاری کا بوجھ عالمی برادری اٹھائے گی اور یہ کہ اس پر اس قدر خرچ آئے گا اور یہ خرچ بھی عالمی برادری ہی برداشت کرے گی انھیں بھی علم ہے کہ اس آبادکاری میں (اگر وہ کی جاسکی) سالوں لگ جائیں گے۔ اتنے عرصے تک یہ بے سروسامان لوگ خستہ حال خیموں میں زندگی گزارتے رہیں گے۔

ہم لوگ جو اپنے گھروں میں چین کی نیند سو رہے ہیں وہ ان کی بے دردی و بے سروسامانی کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ ان کو جو خیمے فراہم کیے گئے تھے ان کی حالت اس وقت تک خستہ ہے، پھر پچھلے دنوں بارش ہوئی تو یہ لوگ پانی میں بھیگتے رہے، اب سردی نے آلیا ہے تو یہ اپنے شکستہ خیموں میں آگ جلا کر اپنے رشتہ جاں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو نہ پانی سے بچنے کا امکان ہے نہ موسم کے شدائد کا مقابلہ کرنے کی سکت ہے۔ نہ ان کے پاس اب روزگار کے وسائل ہیں۔

جو غذائی اور تن پوشی کی امداد بین الاقوامی اداروں کے ذریعے ان تک پہنچائی جاتی تھی وہ درندہ صفت اسرائیلیوں نے روک رکھی ہے۔ شاید براستہ مصر کچھ خوراک اور کپڑے ان تک پہنچانے کی صورت بنتی ہے وہ بھی اس قدر تاخیر سے کہ بعض صورتوں میں یہ بنیادی ضروریات کی مدد انھیں اس وقت پہنچتی ہے جب انھیں اس کی ضرورت نہیں رہتی یعنی ان کا رشتہ جاں ہی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔ وسائل سے یہ محرومی اہل غزہ کے لیے ایسی اذیت کا باعث ہے کہ زندگی جس کے لیے وہ تکالیف اٹھا رہے ہیں، عذاب لگنے لگتی ہے وہ زندگی کے بجائے موت کی تمنا کرتے ہوں گے۔

شاید ہم مسلمانوں کو بحیثیت ملت اپنے اعمال کی یہ سزا ہے کہ ان کی تکالیف کا احساس رکھتے ہوئے بھی ہم کہ جو ایک جسم کی مانند ہونے کے باوجود اپنے ہی وجود کے ایک حصے کی شدید تکالیف کا نہ پوری طرح ادراک کر سکتے ہیں، نہ ان کی کوئی مدد کر سکتے ہیں۔ ہماری آنکھوں پر پٹیاں بندھی ہیں۔ ہمارے دست و پا جیسے کسی نے باندھ دیے ہوں۔ شاید ہم زبانی جمع خرچ کرنے کے ہی لائق ہیں، ہم کہ کبھی

اسرائیلی بربریت کا شکار ہوں گے اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا کیا حشر ہوگا۔

یہ عجیب مضحکہ خیز جنگ بندی ہے اور یقیناً پوری انسانی تاریخ میں بڑی بڑی جنگوں کے بعد جنگ بندی کی ایسی اور اتنی خلاف ورزی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ جنگ بندی کی ایسی اور اتنی تعداد میں خلاف ورزی کو اقوام عالم کیسے ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرتی رہی ہیں اور عالمی مزاج کو ایسی زباں بندی کیوں کر راس آگئی۔

امریکا بہادر جس کے صدر کا خیال ہے کہ وہ ''امن کے پیامبر'' ہیں اور انھوں نے جنگ بندی کرا کے لاکھوں افراد کی جان بچائی ہے، وہ اہل فلسطین و غزہ کے خون کی اس ارزانی پر کیوں خاموش رہے اور امریکا کو تو اس لیے مورد الزام قرار دیا جاتا ہے کہ وہ دنیا اور اہل دنیا کا چوہدری ہے اور اگر ایک طرف امن کا اتنا ہی خیال ہے تو پھر اس کی ذمے داری ہے کہ وہ اہل فلسطین کی جانوں کی اس ارزانی پر خاموش نہ رہتا۔

مگر ہمیں تو گلہ اپنوں سے بھی ہے۔ بے چارے قریبی مسلم ممالک تو کسی گنتی شمار میں نہیں، ان کو
خاموش تماشائی بنے رہنے میں ہی عافیت نظر آتی ہے سو وہ خاموش رہے مگر ترکیہ، ایران اور پاکستان کو کیا ہو گیا تھا، وہ سب جنگ بندی ایسی اور اتنی دلیرانہ خلاف ورزیوں پر کیوں خاموش رہے؟

ہمارے ایک دوست جو اپنے حلقے میں بزرجمہر سمجھے جاتے ہیں فرما رہے تھے کہ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے وہ دراصل امریکی صدر کے تعریفی کلمات کے سحر میں مبتلا تھا۔ مسٹر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سے زیادہ مرتبہ پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان کی شان میں تعریف کا ایسا صور پھونکا کہ پاکستانی اہل اقتدار کو اپنی عافیت اسی میں نظر آئی کہ وہ ان خلاف ورزیوں پر ''بے زبانی'' کا مظاہرہ کریں اور خود بھی عافیت میں رہیں۔ یہ جو 279 شہید ہوئے اور ان کے علاوہ جو عرصہ دراز سے نیتن یاہو کے ہٹلری مظالم کا شکار ہو کر اللہ کو پیارے ہوگئے وہ بڑے آرام کی جگہ اور بڑے انعامات
سے فیض یاب ہو رہے ہوں گے کہ ظالم کے ہاتھوں موت کو گلے لگانے کا مزہ کچھ اور ہوتا ہے مگر ان کی موت کا باعث بننے والے اسرائیلی درندوں کے نامہ اعمال میں جو کچھ لکھا جا رہا ہے وہ رنگ لا کر رہے گا۔

اسرائیل کا معاملہ تو خدا کے سپرد ہے مگر اہل فلسطین مسائل و مصائب کی ایسی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں جن سے ان کی نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ عالمی طاقتیں بڑے زعم میں رہتی ہیں اور غم خواری و فلسطین کی آبادکاری کے سلسلے میں دل کش دعوے کرتی رہتی ہیں کہ ان کی دوبارہ

خدمتِ خلق کی روشن مثال النور ٹرسٹ والشفاء انٹرنیشنل کا عظیم فری آئی کیمپ

تحریر: ضامن عباس جعفری

جلالپور جٹاں کی سرزمین ہمیشہ سے محبت، انسانیت اور خدمت کے جذبے سے مالا مال رہی ہے۔ مگر اس سال النور ٹرسٹ جلالپور جٹاں اور الشفاء انٹرنیشنل ہسپتال راولپنڈی نے جس بے مثال خدمت کی نئی تاریخ رقم کی ہے، وہ نہ صرف ضلع گجرات بلکہ پورے پاکستان کے لیے فخر کا باعث ہے گورنمنٹ عبدالحق ایسوسی ایٹ کالج میں جاری چار روزہ فری سرجیکل آئی اینڈ میڈیکل کیمپ نے دکھی انسانیت کو وہ سہولت فراہم کی ہے جس کی آج کے دور میں مثال ڈھونڈنا مشکل ہوتا جا رہا ہے افتتاح عوامی خدمت کے عزم کی روشن تصویر 22 نومبر کو جب ڈپٹی کمشنر گجرات محترمہ نورالعین قریشی نے نہایت باوقار انداز میں فیتہ کاٹ کر کیمپ کا افتتاح کیا، تو وہ لمحہ محض ایک رسمی تقریب نہ تھا بلکہ ایک عزم تھا عوامی خدمت کا عزم۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر عطا معظم، سی او میونسپل کمیٹی مرزا مشرف بیگ، اور متعدد افسران موجود تھے۔ بانی ٹرسٹ محمد رمضان دانش، حاجی مرزا ریاض ابراہیم، طاہر اکرام راٹھور اور ان کی ٹیم نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈی سی گجرات نے فری آئی ہسپتال کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامات سے مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا اس سطح کا فری میڈیکل کیمپ خدمتِ خلق کی روشن مثال ہے۔ ایسے کیمپس کھاریاں، لالہ موسیٰ اور دیگر شہروں میں بھی ہونے چاہئیں۔ یہ بیان محض الفاظ نہیں، بلکہ انسانیت کی خدمت کا وہ جذبہ ہے جس کی آج ہمارے معاشرے کو شدید ضرورت ہے۔ اعداد و شمار خدمت کی وہ زبان جو دلوں پر اثر کرتی ہے کیمپ کے پہلے تین دنوں میں پہلے ہی دن 6,000 سے زائد مریضوں کا معائنہ 24 نومبر تک مجموعی طور پر 25 ہزار کے قریب مریضوں کا چیک اپ 300 سے زائد مریضوں کے آپریشن میڈیکل اور آئی کے مریضوں کو مکمل فری ادویات ہزاروں مریضوں کو فری نظر کی عینکیں آنکھوں کے ٹیسٹ، آپریشن، لینز کی انسٹالیشن سب بلا معاوضہ الشفاء انٹرنیشنل کے تقریباً 60 ماہر ڈاکٹروں، سرجنز اور ٹیکنیشنز کی ٹیم شریک ڈینٹل شعبے میں 30 کے قریب اسٹاف مسلسل خدمات میں مصروف میڈیکل شعبے میں 25 سے زائد ماہر ڈاکٹر حاضر کیمپ کے تمام انتظامات کا کنٹرول جدید کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے ذریعے یہ محض اعداد نہیں یہ ان ہزاروں چہروں کی کہانی ہے جن کی آنکھوں میں دوبارہ روشنی لوٹی، جن کے گھروں میں امید نے جنم لیا۔ مہمانوں کی شرکت عوامی اعتماد کی دلیل گزشتہ تین دنوں کے دوران علاقے کی اہم شخصیات نے کیمپ کا وزٹ کیا، جن میں شامل ہیں ڈی ایس پی صدر سرکل جلالپور جٹاں رائے سرفراز یوسف صدر صرافہ بازار حاجی حبیب اللہ صراف صدر پریس کلب جلالپور جٹاں شاہد ڈار ایس ایچ او صدر شفقت اللہ بٹ انجمن تاجران سیاسی وسماجی شخصیات صحافی برادری ان کی شرکت اس بات کی دلیل ہے کہ یہ کیمپ صرف ایک میڈیکل سروس نہیں بلکہ ایک سماجی تحریک ہے۔ کیمپ کے پس منظر میں محنت کا پہاڑ یہ سب کچھ اس وقت ممکن ہوتا ہے جب سینکڑوں رضا کار 300 سے زائد انتظامی عملہ النور ٹرسٹ کی پوری ٹیم رات دن ایک کر کے کھانا، رہائش، صفائی، سیکیورٹی، دوائیں، ٹیسٹ، آپریشن اور تمام سہولیات مہیا کرے۔ یہ خدمت صرف ایک مقصد کے لیے ہے اللہ تعالیٰ کی رضا اور جو کام اللہ کی رضا کے لیے ہو، وہ پھر انسانوں کے دلوں میں روشنی، آسانیاں اور رحمتوں کی بارش بن کر اترتا ہے۔ یہ کیمپ صرف آنکھوں کا علاج نہیں، امید کی روشنی ہے 30 سے 35 ہزار مریضوں کا فری علاج ایسے وقت میں جب معاشرتی مشکلات بڑھ رہی ہوں...... جب مہنگا علاج غریب کے لیے خواب بن چکا ہو یہ کیمپ نہ صرف بینائی لوٹاتا ہے بلکہ زندگی کا اعتماد، خوشی اور جینے کی امید بھی لوٹاتا ہے۔ آخر میں ایک سادہ مگر سچی بات جن ہاتھوں نے لوگوں کی بینائی لوٹائی ہو، وہ ہاتھ حقیقت میں انسانیت کے سب سے قریب ہوتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ النور ٹرسٹ، الشفاء انٹرنیشنل اور تمام معاونین کی اس بے مثال خدمت کو شرفِ قبولیت بخشے، اور انہیں دنیا و آخرت کی کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین۔

جامعہ کراچی، گھٹتے طلبہ اور......

ڈاکٹر نوید اقبال انصاری

ایک خبر تو یہ ہے کہ ملک کے سب سے کثیر آبادی والے شہر کراچی میں جہاں سب سے زیادہ پڑھنے کا رجحان ہے، وہاں کی سب سے بڑی سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم سے کم ہوتی جا رہی ہے جس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ راقم کا خیال ہے کہ وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو اپنی ذمے داریوں کو خوب سمجھتے ہیں اور باخبر رہنے کی کوشش بھی کرتے ہیں اور پھر مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کرتے ہیں، لہٰذا اس ضمن میں ان کی توجہ جامعہ میں طلبہ کی گھٹتی تعداد کی طرف بھی مبذول کروانا چاہوں گا۔

جامعات خاص کر جامعہ کراچی میں ہر سال داخلوں میں کمی خطرناک حد تک بڑھ رہی ہے اور یہ بات خاص توجہ طلب ہے کہ کراچی شہر لگ بھگ تین کروڑ تک کی آبادی والا شہر بن چکا ہے اور یہ وہ واحد شہر ہے کہ جہاں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا رجحان سب سے زیادہ رہا ہے، ایسے میں جامعہ کراچی جو سب سے بڑی سرکاری جامعہ ہے، یہاں طلبہ کی تعداد کا کم ہونا، معمولی بات نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وجوہات کا کھوج لگایا جائے جن کے سبب اس سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم ہو رہی ہے۔

بظاہر تو دو اہم وجوہات نظر آتی ہیں جن میں سے ایک جامعہ کراچی میں بڑھتی فیسیں ہیں، چونکہ مہنگائی اس وقت اپنے عروج پر ہے، لہٰذا ایک عام خیال یہی ہے کہ شہر کے طلبہ اب ان بھاری فیسوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، اب ایک سوال یہ ہے کہ جامعہ کراچی آخر فیسوں میں اضافہ کیوں کرتے چلی جا رہی ہے؟ اس کا جواب بھی بظاہر یہی ہے کہ اگر فیسوں میں اضافہ نہ کرے تو پھر اپنے اخراجات کہاں سے پورا کرے، کیونکہ تعلیمی بجٹ تو بہت ہی کم ملتا ہے۔

ایک اور اہم ترین بات یہ ہے کہ وقت پر تنخواہیں وغیرہ نہ ملنے سے اب اساتذہ میں بھی مایوسی پھیلنا شروع ہوگئی ہے اور ویزیٹنگ اساتذہ کی ایک اچھی تعداد اب نجی جامعات کی طرف منتقل ہو رہی ہے جب کہ ریگولر اساتذہ بھی یہ خواہش رکھتے ہیں کہ جیسے ہی موقع ملے، اس جامعہ کو خیر باد کہہ دیا جائے کیونکہ انھیں بھی بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔

مثلاً ان کی مختلف قسم کی مراعات میں تو کمی واقع ہو رہی ہے مگر ان کی ترقی کے راستے بھی تقریباً بند ہوتے چلے جا رہے ہیں، بیشتر اساتذہ ترقی کے انتظار میں ہی ریٹائر ہوگئے مگر ان کے سلیکشن بورڈ نہ ہوسکے، حالانکہ وہ میرٹ پر تھے مگر پروسیجر بہت سست تھا، یعنی برسوں میں بھی مکمل نہ ہوسکا۔ اسی طرح اساتذہ کی ایک بہت بڑی تعداد سلیکشن بورڈ میں ترقی نہ پاسکی (حالانکہ ترقی ان کا جائز حق تھا کیونکہ بیرون ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے تین تین ماہرین نے ان کے سی وی (جس کو 'ڈوزیئر' کہا جاتا ہے) چھ، سات مہینے چیک کرنے کے بعد سلیکشن بورڈ میں شرکت کرنے اور پروموشن کرنے کی سفارش کی تھی) محض اس لیے کہ دس منٹ کے انٹرویو میں، انٹرویو لینے والوں نے انھیں ترقی پانے والوں کی لسٹ میں شامل کرنے کے قابل نہ سمجھا۔ ساٹھ سے زیادہ کی تعداد میں یہ اساتذہ آج بھی ریفر بیک کمیٹی کے رحم وکرم پر ہیں کہ وہ اس سلسلے میں کیا فیصلہ کرتی ہے۔ بہرکیف سندھ کی سب سے بڑی جامعہ کراچی اس دہانے پر پہنچ چکی ہے کہ فوری طور پر اس کے تمام مسائل پر توجہ دی جائے۔

اور دوسری خبر اس جامعہ سے متعلق یہ ہے کہ یہاں کتوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ حالیہ ایک خبر کے مطابق تقریباً آٹھ سے دس سال کی دو بچیوں کو ان کتوں نے کیمپس میں ایک گھر کے لان میں گھس کر بری طرح کاٹ کر زخمی کر دیا، اس سے قبل بھی بہت سے واقعات رونما ہوچکے ہیں جس میں کئی طلبہ کتوں سے بچنے کے لیے بھاگے اور گر کر زخمی ہوگئے، یعنی یہ کتے پوری جامعہ میں گھومتے رہتے ہیں، کبھی رہائشی علاقوں میں تو کبھی مختلف شعبہ جات میں۔ طلبہ میں ان کتوں سے سخت خوف ہراس پھیلا ہوا ہے۔

ان واقعات کے بعد مختلف واٹس ایپ گروپ اور سوشل میڈیا پر یہ موضوع چھایا نظر آیا اور ہمارے طلبہ کلاس روم میں بھی اسی موضوع پر بات کرتے نظر آئے۔ ایک طالب علم کہہ رہا تھا کہ ''کتے بھی جان رکھتے ہیں، جانوروں کے بھی حقوق ہوتے ہیں، لہٰذا انھیں ہلاک کرنا بہت بڑی زیادتی ہوگی۔'' ایک دوسرا طالب علم کہہ رہا تھا کہ ''مذہب میں بھی جانوروں کو اذیت دینا منع ہے۔ بچے کو تو ایک کتے نے کاٹا اور ہم سارے کتوں کو مارنے کی باتیں کر رہے ہیں۔'' کسی نے کہا کہ ''ان کو مخصوص ویکسین لگا دو تاکہ کتے کے کاٹنے کے نقصانات سے بچا جا سکے۔''

ایک اور طالب علم نے کہا کہ ''کتوں سے ہمدردی رکھنے والوں کو شعبہ نفسیات کے حوالے کیا جائے، ہم خوف کی فضا میں تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔'' بطور استاد ہم نے طلبہ کو میڈیا کمپیئن چلانے کے لیے اسائنمنٹ دیا تھا چنانچہ ایک روز جب ہم کلاس میں پہنچے تو ایک طالبہ نے کہا کہ ''سر! ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم اپنے اسائنمنٹ کی میڈیا کمپیئن جامعہ کراچی کے کتوں پر چلائیں گے۔

اس سے قبل کہ میں کچھ کہتا، ایک دوسرے طالبعلم نے کہا، لیکن یہ سوال یہ ہے کہ کتوں تک یہ پیغام کس ذریعے سے جائے گا؟ واٹس ایپ سے، اخبار سے یا لاؤڈ اسپیکر سے اعلانات کیے جائیں گے یا پھر شٹل اور پوائنٹس میں بیٹھے طلبہ کھڑکیوں سے سر نکال کر آوازیں لگاتے جائیں گے۔

ایک اور طالب علم نے کہا، ''کتے پڑھے لکھے نہیں ہوتے، لہٰذا کمپیئن پرنٹ میڈیا پر نہیں چل سکتی۔''

کلاس میں سارے طالب علم اس گفتگو پر ہنس رہے تھے، ایک طالبہ نے کہ ''سر یہ طلبہ تو پارلیمنٹ میں بیٹھے حزب اختلاف کی طرح شور مچائے جا رہے ہیں، میری بات پوری نہیں ہونے دے رہے ہیں۔

میرا مطلب ہے کہ ہم میڈیا کمپیئن کیمپس میں رہنے والوں اور انتظامیہ کی آگاہی کے لیے چلائیں گے جس میں ہم بتائیں گے کہ جامعہ کراچی ایک تعلیمی ادارہ ہے جہاں لڑکیوں کی ایک بڑی تعداد یہاں پڑھتی ہے، جب یہاں مختلف شعبہ جات میں درجنوں کتے جگہ جگہ گھومتے پھرتے نظر آتے ہیں تو اس سے طلبہ خصوصاً لڑکیوں میں شدید خوف و ہراس پھیلتا ہے، انھیں ایک سے دوسرے شعبہ جات میں جانا ہو، کینٹین جانا ہو یا لائبریری، سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہٰذا جس طرح انسانی آبادی کو نقصانات سے بچانے کے لیے مہم چلائی جاتی ہے ویسے ہی جامعہ کراچی میں کتوں کی بڑھتی تعداد کو فوری طور پر کنٹرول کیا جائے اور مہم چلائی جائے۔ اس بات پر ایک طالب علم پھر بولا، ''سر! بات بالکل درست ہے جب ہم انسانوں کے لیے مہم چلا سکتے ہیں تو پھر کتوں کے لیے کیوں نہیں! خود میرے محلے میں کتوں کی تعداد بہت بڑھ چکی ہے اور آئے دن یہ بچوں کو کاٹتے رہتے ہیں۔''

میں نے کلاس کے طلبہ سے کہا کہ ''میں آپ طلبہ کی اس دلچسپ گفتگو سے بہت لطف اندوز ہوچکا ہوں، اب آپ کتوں کے اس موضوع کو چھوڑ دیں، کیونکہ اعلیٰ سطح پر ان واقعات کا نوٹس لے کر ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔''

ایک اچھی خبر یہ آئی کہ جامعہ کراچی میں کتوں کے کاٹنے کے ان واقعات پر وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو نے نوٹس لیا اور گلشن ٹاؤن کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کی کہ فوری طور پر کتا مار مہم شروع کی جائے۔

ایک خبر تو یہ ہے کہ ملک کے سب سے کثیر آبادی والے شہر کراچی میں جہاں سب سے زیادہ پڑھنے کا رجحان ہے، وہاں کی سب سے بڑی سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم سے کم ہوتی جا رہی ہے جس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ راقم کا خیال ہے کہ وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو اپنی ذمے داریوں کو خوب سمجھتے ہیں اور باخبر رہنے کی کوشش بھی کرتے ہیں اور پھر مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کرتے ہیں، لہٰذا اس ضمن میں ان کی توجہ جامعہ میں طلبہ کی گھٹتی تعداد کی طرف بھی مبذول کروانا چاہوں گا۔

جامعات خاص کر جامعہ کراچی میں ہر سال داخلوں میں کمی خطرناک حد تک بڑھ رہی ہے اور یہ بات خاص توجہ طلب ہے کہ کراچی شہر لگ بھگ تین کروڑ تک کی آبادی والا شہر بن چکا ہے اور یہ وہ واحد شہر ہے کہ جہاں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا رجحان سب سے زیادہ رہا ہے، ایسے میں جامعہ کراچی جو سب سے بڑی سرکاری جامعہ ہے، یہاں طلبہ کی تعداد کا کم ہونا، معمولی بات نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وجوہات کا کھوج لگایا جائے جن کے سبب اس سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم ہو رہی ہے۔

بظاہر تو دو اہم وجوہات نظر آتی ہیں جن میں سے ایک جامعہ کراچی میں بڑھتی فیسیں ہیں، چونکہ مہنگائی اس وقت اپنے عروج پر ہے، لہٰذا ایک عام خیال یہی ہے کہ شہر کے طلبہ اب ان بھاری فیسوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، اب ایک سوال یہ ہے کہ جامعہ کراچی آخر فیسوں میں اضافہ کیوں کرتے چلی جا رہی ہے؟ اس کا جواب بھی بظاہر یہی ہے کہ اگر فیسوں میں اضافہ نہ کرے تو پھر اپنے اخراجات کہاں سے پورا کرے، کیونکہ تعلیمی بجٹ تو بہت ہی کم ملتا ہے۔

ایک اور اہم ترین بات یہ ہے کہ وقت پر تنخواہیں وغیرہ نہ ملنے سے اب اساتذہ میں بھی مایوسی پھیلنا شروع ہوگئی ہے اور ویزیٹنگ اساتذہ کی ایک اچھی تعداد اب نجی جامعات کی طرف منتقل ہو رہی ہے جب کہ ریگولر اساتذہ بھی یہ خواہش رکھتے ہیں کہ جیسے ہی موقع ملے، اس جامعہ کو خیر باد کہہ دیا جائے کیونکہ انھیں بھی بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔

مثلاً ان کی مختلف قسم کی مراعات میں تو کمی واقع ہو رہی ہے مگر ان کی ترقی کے راستے بھی تقریباً بند ہوتے چلے جا رہے ہیں، بیشتر اساتذہ ترقی کے انتظار میں ہی ریٹائر ہوگئے مگر ان کے سلیکشن بورڈ نہ ہوسکے، حالانکہ وہ میرٹ پر تھے مگر پروسیجر بہت سست تھا، یعنی برسوں میں بھی مکمل نہ ہوسکا۔ اسی طرح اساتذہ کی ایک بہت بڑی تعداد سلیکشن بورڈ میں ترقی نہ پاسکی (حالانکہ ترقی ان کا جائز حق تھا کیونکہ بیرون ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے تین تین ماہرین نے ان کے سی وی (جس کو 'ڈوزیئر' کہا جاتا ہے)

خلا میں سولر پینلز کی تنصیب

زمرد نقوی

سولر پینلز خلا میں اب جا رہے ہیں، دنیا کے بڑے بڑے ممالک چین، جاپان، برطانیہ اور امریکا اس دوڑ میں لگے ہوئے ہیں کہ کس نے سب سے پہلے خلا میں سولر پارک لگانا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کلائیمٹ چینج ایک عفریت ہے جسے کنٹرول کرنے کے لیے سات پروجیکٹ پر عملدرآمد ہونے جا رہا ہے اس میں پہلا پروجیکٹ خلا میں سولر پینلز ہیں۔

ہمارا ملک ان دس ممالک میں شامل ہے جو کلائیمٹ چینج سے بدترین متاثر ہوئے ہیں۔ اگر ہم پچھلے دس سے بارہ سالوں کا مشاہدہ کریں تو 2010ء کے بعد سات گرم ترین سال ان دس سالوں میں شامل ہیں۔ سمندری سطح 1880 تک برف پگھلنے کی وجہ سے 20 سینٹی میٹر بڑھی۔ لیکن زمینی درجہ حرارت میں اضافہ کی وجہ سے یہ سطح 60 سینٹی میٹر مزید بڑھی۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ آہستہ آہستہ ہماری آب و ہوا میں پھیلتی جا رہی ہے۔ آج سے 100/200 سال پہلے کاربن ڈائی آکسائیڈ ہماری فضا میں 300 پی پی ایم تھی، اب یہ بڑھ کر 422 پی پی ایم ہوچکی ہے۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پچھلے 8 ہزار سالوں میں بلند ترین سطح پر ہے۔ جیسے ہماری فضا میں یہ زہریلی گیس بڑھتی جائے گی انسان کم عقل ہوتے جائیں گے۔ اگر کاربن ڈائی آکسائیڈ کو بڑھنے سے نہ روکا گیا تو بزنس انسائیڈر نے بتایا ہے کہ 2100ء میں انسانی ذہانت میں 50 فیصد تک کمی آ جائے گی۔ اس طرح نہ نئی ایجادات ہوسکیں گی اور نہ پیچیدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔

ایک اور ریسرچ آئیوا یونیورسٹی میں کی گئی کہ ہمارا دماغ اس زہریلی گیس کی وجہ سے کھلنا شروع ہوگیا ہے جو ہمیں کم عقل اور کم ذہین بنا دے گا اور قطرینا ٹائپ ہری کین زیادہ سے زیادہ آئیں گے جو اس وقت ماضی کے مقابلے میں 400 فیصد بڑھ چکے ہیں۔ بادل سورج کی ریڈیشن 25 فیصد روک لیتے ہیں۔ یہ 25 فیصد دھوپ تو ہم تک پہنچتی ہی نہیں اس طرح سے یہ انرجی ضائع ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد جب رات آتی ہے تو سولر پینلز کام ہی نہیں کرتے۔ جن علاقوں میں بارشیں ہوتی ہیں اور ہر وقت موسم ابر آلود رہتا ہے جس طرح یورپ ہے وہاں پر تو سولر پینل کا کوئی خاص فائدہ نہیں ہے وہاں انرجی آدھی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے سائنس دان یہ سوچنے پر مجبور ہوگئے ہیں کہ سولر پینلز کو موسمی تغیرات سے بچانے کے لیے ہم انھیں اٹھائیں اور خلا میں لے جائیں۔ خلا میں ایک 10 کلومیٹر لمبا سولر پینل لے جایا جائے اور اس کو خلا میں ساکن رکھا جائے اور زمین کے گرد نہیں گھومے گا تو اس پر ہر وقت دھوپ پڑتی رہے گی۔ اس کے نتیجہ میں 570 ٹیراواٹ انرجی حاصل ہوگی۔

یہ انرجی کا ایک یونٹ ہے۔ یعنی اس کا اصل مطلب یہ ہے کہ 10 ارب لوگ اس انرجی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں یعنی بجلی 10 ارب لوگوں کو مل جائے گی۔ جو اس وقت امریکا کی فی کس انرجی استعمال سے 6 گنا زیادہ ہے۔ اگر صرف 10 کلومیٹر کا سولر پارک خلا میں لگا دیں تو اتنی کثیر مقدار میں انرجی ہمیں حاصل ہو جائے گی۔ اس وقت برطانیہ کی انرجی کی ڈیمانڈ صرف 32.0 ٹیرا Year ہے، جب کہ خلا میں 570 ٹیراواٹ 10 کلومیٹر ایک سولر پارک پیدا کرسکتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ انرجی تو اسٹور کر لی لیکن یہ انرجی خلا سے زمین پر کیسے آئے گی۔ یعنی انسانی رہائش گاہوں، دفتروں اور صنعتوں میں۔ حال ہی میں کال ٹیک یونیورسٹی نے اس سلسلہ میں ایک زبردست ریسرچ کی ہے۔ اس نے اس انرجی کو مائیکرو ویو اور لیزر کے ذریعے زمین تک منتقل کیا ہے۔ یہ ٹارگیٹڈ انرجی ہے اس کہیں بھی لے جاسکتے ہیں اس کے لیے ایک انٹینا چاہیے بجلی کی ترسیل خلا سے زمین تک اب کوئی مسئلہ نہیں رہا۔ اس پر ٹیکنالوجی ڈویلپ کی جاچکی ہے۔

سولر پینلز خلا میں اب جا رہے ہیں، دنیا کے بڑے بڑے ممالک چین، جاپان، برطانیہ اور امریکا اس دوڑ میں لگے ہوئے ہیں کہ کس نے سب سے پہلے خلا میں سولر پارک لگانا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کلائیمٹ چینج ایک عفریت ہے جسے کنٹرول کرنے کے لیے سات پروجیکٹ پر عملدرآمد ہونے جا رہا ہے اس میں پہلا پروجیکٹ خلا میں سولر پینلز ہیں۔

ہمارا ملک ان دس ممالک میں شامل ہے جو کلائیمٹ چینج سے بدترین متاثر ہوئے ہیں۔ اگر ہم پچھلے دس سے بارہ سالوں کا مشاہدہ کریں تو 2010ء کے بعد سات گرم ترین سال ان دس سالوں میں شامل ہیں۔ سمندری سطح 1880 تک برف پگھلنے کی وجہ سے 20 سینٹی میٹر بڑھی۔ لیکن زمینی درجہ حرارت میں اضافہ کی وجہ سے یہ سطح 60 سینٹی میٹر مزید بڑھی۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ آہستہ آہستہ ہماری آب و ہوا میں پھیلتی جا رہی ہے۔ آج سے 100/200 سال پہلے کاربن ڈائی آکسائیڈ ہماری فضا میں 300 پی پی ایم تھی، اب یہ بڑھ کر 422 پی پی ایم ہوچکی ہے۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پچھلے 8 ہزار سالوں میں بلند ترین سطح پر ہے۔ جیسے ہماری فضا میں یہ زہریلی گیس بڑھتی جائے گی انسان کم عقل ہوتے جائیں گے۔ اگر کاربن ڈائی آکسائیڈ کو بڑھنے سے نہ روکا گیا تو بزنس انسائیڈر نے بتایا ہے کہ 2100ء میں انسانی ذہانت میں 50 فیصد تک کمی آ جائے گی۔ اس طرح نہ نئی ایجادات ہوسکیں گی اور نہ پیچیدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔

ایک اور ریسرچ آئیوا یونیورسٹی میں کی گئی کہ ہمارا دماغ اس زہریلی گیس کی وجہ سے کھلنا شروع ہوگیا ہے جو ہمیں کم عقل اور کم ذہین بنا دے گا اور قطرینا ٹائپ ہری کین زیادہ سے زیادہ آئیں گے جو اس وقت ماضی کے مقابلے میں 400 فیصد بڑھ چکے ہیں۔ بادل سورج کی ریڈیشن 25 فیصد روک لیتے ہیں۔ یہ 25 فیصد دھوپ تو ہم تک پہنچتی ہی نہیں اس طرح سے یہ انرجی ضائع ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد جب رات آتی ہے تو سولر پینلز کام ہی نہیں کرتے۔ جن علاقوں میں بارشیں ہوتی ہیں اور ہر وقت موسم ابر آلود رہتا ہے جس طرح یورپ ہے وہاں پر تو سولر پینل کا کوئی خاص فائدہ نہیں ہے وہاں انرجی آدھی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے سائنس دان یہ سوچنے پر مجبور ہوگئے ہیں کہ سولر پینلز کو موسمی تغیرات سے بچانے کے لیے ہم انھیں اٹھائیں اور خلا میں لے جائیں۔ خلا میں ایک 10 کلومیٹر لمبا سولر پینل لے جایا جائے اور اس کو خلا میں ساکن رکھا جائے اور زمین کے گرد نہیں گھومے گا تو اس پر ہر وقت دھوپ پڑتی رہے گی

عمرہ کے دوران موت: وہ چہرے جو ڈھانپے نہیں گئے

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلمِ حق

عمرہ اور حج کے سفر میں انسان ایسے ایسے مناظر دیکھتا ہے جو عمر بھر دل پر نقش رہ جاتے ہیں۔ یہ سفر صرف عبادت نہیں بلکہ روح کی وہ پرواز ہے جس میں انسان ہر لمحہ اپنے رب کے زیادہ قریب ہوتا جاتا ہے۔ میں نے بھی اسی سفر میں کچھ ایسے واقعات دیکھے جنہوں نے میرے دل کی دنیا بدل کر رکھ دی اور مجھے زندگی اور موت کی حقیقت نئے زاویے سے سمجھا دی۔ احرام باندھتے ہی انسان اپنے آپ کو دنیاوی لباس، شناخت اور شان و شوکت سے الگ کر لیتا ہے۔ دو سفید کپڑوں میں ملبوس، لبیک کی صدائیں بلند کرتے ہوئے انسان خود کو اُس غلام کے طور پر محسوس کرتا ہے جو اپنے رب کے دربار میں حاضر ہو۔ اس حالت میں ہر قدم، ہر دعا اور ہر سانس ایک خاص نور سے بھرا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اسی سفر کے دوران مجھے ایسے افراد کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا جو حالتِ احرام میں ہی اپنے رب کے حضور چلے گئے۔ یہ منظر آج تک میرے دل پر نقش ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے اُن مبارک لوگوں کو دیکھا جن کے جسم بھی احرام میں تھے اور اُن کے چہرے بھی کھلے چھوڑ دیے گئے تھے۔ یہ ایک ایسا لمحہ تھا جس نے مجھے ہلا بھی دیا اور روحانی طور پر مضبوط بھی کیا۔ جب پہلی بار میں نے ایک فوت شدہ شخص کو دیکھا جو احرام کی حالت میں تھے، تو مجھے اس بات نے بہت متاثر کیا کہ ان کے سر اور چہرے کو بالکل نہیں ڈھانپا گیا تھا۔ میں خود حیران کھڑا تھا کہ سب لوگ کتنی خشوع اور احترام کے ساتھ انہیں انہی کے احرام میں لپیٹ رہے تھے۔ ان کے چہرے پر ایک عجیب قسم کا سکون تھا، جیسے وہ اب بھی لبیک پکارتے ہوئے اپنے رب کی طرف بڑھ رہے ہوں۔ دوسری بار میں نے ایسا منظر مسجدِ نبوی کے قریب دیکھا۔ وہاں بھی احرام کی حالت میں وفات پا گئے تھے۔ میں نے خود اپنے سامنے دیکھا کہ انہیں احرام کے کپڑوں ہی میں کفن دیا گیا اور ان کا چہرہ بھی اسی طرح کھلا رکھا گیا۔ اس وقت جو کیفیت میرے دل پر طاری ہوئی، اسے بیان کرنا مشکل ہے۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے موت بھی ان کی عبادت مکمل نہ کرسکی، بلکہ انہیں اللہ کے مہمان کے طور پر واپس لے گئی۔ اس کے بعد مجھے اس مسئلے کی حقیقت سمجھ آئی کہ اسلام نے احرام کو کس قدر عظمت دی ہے۔ یہ کوئی سنی سنائی بات نہیں تھی، یہ میرا ذاتی مشاہدہ تھا جسے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ کس طرح لوگ انتہائی احترام کے ساتھ سنت کے مطابق ان مبارک بندوں کو رخصت کر رہے تھے۔ اسی دوران مجھے وہ حدیث یاد آئی جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے: "اسے اس کے دو احرام کے کپڑوں میں کفن دو، اور اس کا سر اور چہرہ مت ڈھانپو، کیونکہ وہ قیامت کے دن تلبیہ پکارتا ہوا اٹھایا جائے گا۔" جب میں نے یہ حدیث سنی تھی تو وہ ایک علمی بات تھی، لیکن جب میں نے اسے حقیقت بنتے دیکھا تو وہ میرے دل کی گہرائی میں اُتر گئی۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "اور جسے اللہ عزت دے، اسے کوئی رسوا نہیں کر سکتا۔" (ترجمہ سورۃ الحج) یہ آیت اُس وقت میری آنکھوں کے سامنے گھومنے لگی جب میں نے ان لوگوں کے کھلے چہرے دیکھے جو موت کے باوجود کتنے باوقار اور نورانی لگ رہے تھے۔ احرام کی حالت میں وفات ہونا ایک عام موت نہیں ہوتی، یہ ایک خاص انتخاب ہے۔ یہ میں نے تب سمجھا جب میں نے ان لوگوں کے چہروں پر وہ نور دیکھا جو عام موت میں شاید نظر نہیں آتا۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ رب نے ان کے لیے رحمت کے دروازے پہلے ہی کھول دیے ہوں۔ جب ان کا سر اور چہرہ کھلا رہتا ہے تو یہ نہ صرف ایک شرعی حکم ہے بلکہ ایک علامت بھی ہے کہ یہ بندہ اللہ کی راہ میں تھا۔ میں نے جب یہ مناظر دیکھے تو میرے دل میں سخت اثر ہوا کہ کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اللہ کے گھر کی طرف جاتے ہوئے ہی اللہ کے حضور پہنچ جائیں۔ یہ تمام تجربہ مجھے یہ احساس دلاتا رہا کہ انسان کا انجام کتنا اہم ہے۔ دنیا کی بڑائی، دولت یا منصب کچھ بھی کام نہیں آتا۔ اصل کامیابی اس انجام کی ہے جو اللہ کی اطاعت اور عبادت کی حالت میں حاصل ہو۔ میں نے ان چہروں پر وہ سکون دیکھا جو شاید زندہ لوگوں پر بھی نظر نہیں آتا۔ ان مناظر نے مجھے اپنی زندگی پر بھی غور کرنے پر مجبور کیا۔ کیا میرا انجام ایسا ہوگا؟ کیا میں اللہ کے حضور اس حالت میں پہنچوں گا کہ وہ مجھ سے راضی ہو؟ وہ کھلے چہرے مجھے یہ پیغام دیتے محسوس ہوتے کہ اصل عزت تو اللہ کے قرب میں ہے۔ احرام میں فوت ہونے والوں کا چہرہ جب کھلا رہتا ہے تو یہ گویا اعلان ہوتا ہے کہ یہ بندہ اللہ کا مہمان تھا، اور اللہ نے اُسے اپنے پاس ہی بلا لیا۔ میں نے کئی لوگوں کی آنکھوں میں آنسو دیکھے، لیکن ان آنسوؤں میں خوف کم اور حسرت زیادہ تھی۔ حسرت اس سعادت کی جو ہر کوئی چاہتا ہے مگر سب کو نہیں ملتی۔ جب ان کے لیے دعا کی جا رہی تھی تو ہر کوئی اس بات کا گواہ تھا کہ یہ اللہ کی خصوصی رحمت ہے۔ میں بھی ہاتھ اٹھائے یہ سوچ رہا تھا کہ دنیا میں کتنے لوگ مر جاتے ہیں مگر سب پر ایسا نور نہیں ہوتا۔ یہ مناظر دل کی دنیا بدل دیتے ہیں۔ میں جب بھی اُن چہروں کو یاد کرتا ہوں، تو دل نرم ہو جاتا ہے اور زبان پر خود بخود دعا آتی ہے کہ اے اللہ! ہمارا انجام بھی خوبصورت بنا دے۔ ان واقعات نے مجھے سکھایا کہ عبادت کا سفر کبھی ضائع نہیں جاتا۔ اللہ ہر نیت، ہر قدم اور ہر لبیک کو قبول کرتا ہے۔ اور کبھی کبھی وہ اپنے بندے کی عبادت کو آخری لمحے تک پہنچنے نہیں دیتا بلکہ اسے اپنی رحمت سے پہلے ہی اٹھا لیتا ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ جو لوگ اس منظر کے قریب تھے، سب کی کیفیت بدل گئی تھی۔ کسی کا دل لرز رہا تھا، کوئی آنسو بہا رہا تھا، اور کوئی دعا مانگ رہا تھا کہ یا اللہ! ہمیں بھی ایسا ہی انجام عطا فرما۔ یہ تجربہ میرے ایمان کو مضبوط کرنے والا تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ موت اگر عبادت کی حالت میں آئے تو وہ موت نہیں بلکہ اللہ کے دربار کی طرف قدم ہے۔ وہ لمحہ دراصل کامیابی کی چوٹی ہے۔ جب میں نے دعا کے لیے ہاتھ بلند کیے تو دل کی گہرائیوں سے ایک ہی التجا بار بار اُبھرتی رہی، ایسی التجا جو انسان کی پوری زندگی کا خلاصہ بن جاتی ہے۔ اے اللہ! ہمیں حسنِ خاتمہ عطا فرما، ہمارے انجام کو دنیا اور آخرت دونوں میں بہترین بنا دے۔ جب موت ہمارے قریب آئے تو وہ لمحہ ہمارے لیے آسان، پرسکون اور تیرے فضل و کرم سے بھرپور ہو۔ ہمیں ایسی حالت میں اپنے پاس بلا کہ تو ہم پر راضی ہو اور ہم تیرے محبوب بندوں میں شامل ہوں۔ قیامت کے دن ہمارے چہرے اُن خوش نصیب لوگوں کی طرح منور اور روشن ہوں جن پر تیرا خاص کرم ہوتا ہے، جن کے قدم دنیا میں بھی ثابت رہے اور آخرت میں بھی سرخرو کیے گئے۔ اے پروردگار! ہمیں بار بار اپنی رحمت، اپنی مغفرت اور اپنے قرب کے سائے میں جگہ دے۔ ہمارے دلوں کو پاک کر، ہمارے اعمال کو خلوص عطا کر، ہماری لغزشوں کو اپنی شانِ کریمی کے لائق درگزر فرما، اور ہماری زندگی کو نیکی، خیر اور ہدایت کی راہ پر مضبوطی سے قائم رکھ۔ اے رب العالمین! ہمیں اپنے پاک گھر، بیت اللہ کی حاضری نصیب فرما۔ ایسی حاضری جو قبولیت کے مقام تک پہنچے، جس میں ہمارے دل روئیں، آنکھیں جھک جائیں، اور روح تیرے در پر سکون پالے۔ ہمیں حج و عمرہ کی سعادتیں عنایت فرما اور وہاں کی ہر گھڑی ہمارے لیے بخشش اور قربت کا ذریعہ بنا دے۔ اے اللہ! ہمیں اپنے اہلِ خانہ، بچوں اور گھر والوں سمیت ہمیشہ اپنی حفاظت، اپنی محبت اور اپنی بے پایاں رحمت کے حصار میں رکھ۔ ہمارے گھروں میں چین، سکون، رزقِ حلال، محبت اور برکت ہمیشہ قائم رکھ۔ اے رب! ہماری ہر مشکل آسان، ہر غم دور، ہر دعا پوری اور ہر قدم خیر کی طرف رہنمائی پائے۔ آمین یا رب العالمین۔

روس یوکرین تنازع کا فوجی حل ممکن نہیں، پاکستان

پاکستان ہمیشہ مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی رہا ہے، عاصم افتخار

نیویارک (صباح نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین کی جنگ کے حوالے سے ہر کوئی مانتا ہے کہ اس تنازعے کا کوئی فوجی حل نہیں ہے، اور یہ لڑائی اب سیاسی حل سے بہت دور جا رہی ہے۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے اپنے خطاب میں کہا کہ دونوں فریقین تصادم اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں اور مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کریں۔ پاکستان مذاکرات کے ذریعے حل کی جانے والی تمام کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے ڈائیلاگ اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس یوکرین جنگ کے حوالے سے پاکستان کو سنجیدہ خدشات لاحق ہیں کیونکہ اس تنازعے کے نتیجے میں انسانوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ پاکستانی مندوب نے عالمی قوانین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور اہم انفرااسٹرکچر کی حفاظت ہر صورت یقینی بنائی جانی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ روس یوکرین تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، اس لیے ضروری ہے کہ دونوں فریقین تصادم اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں اور مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کریں۔ پاکستان مذاکرات کے ذریعے حل کی جانے والی تمام کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔

ملاکنڈ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد حامد، چائلڈ لیبر کے تدارک اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرحد چیمبر کا پاک امریکہ تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے ویزا کے اجراء میں آسانی اور مشترکہ اقدامات پر زور

امریکہ پاکستان کیساتھ تعاون بڑھانے، کاروبار اور تجارتی مواقع تلاش کرنے کیلئے موثر کوشش کر رہا ہے: قونصل جنرل ٹام ایکرٹ

پشاور (بیورو رپورٹ) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے پاک امریکہ باہمی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے ویزا کے عمل کو آسان بنانے، جوائنٹ وینچر اور مشترکہ میکنزم ترتیب پر زور دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جنید الطاف نے پشاور میں تعینات امریکن قونصل جنرل ٹام ایکرٹ کے دورہ سرحد چیمبر کے موقع پر کیا۔ دورے کے دوران امریکن قونصل خانے کی اکنامک آفیسر محترمہ کیتھلین گیبلسکو او سینئر آفیسر شاہد خان بھی قونصل جنرل مسٹر ٹام ایکرٹ کے ہمراہ تھے جبکہ اس موقع پر سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر محمد ندیم، وومین چیمبر پشاور کی صدر قرۃ العین، سینئر نائب صدر زارا امتیاز، نائب صدر زرین اختر، سرحد چیمبر کے سیکرٹری جنرل مقصود احسن اور دیگر موجود تھے۔ سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے کہا پاکستان اور امریکہ کے درمیان موجودہ تجارتی حجم ہر ایک ملک کی حقیقی صلاحیت کی عکاسی نہیں کرتا، جسے مشترکہ منصوبے شروع کرنے، تجارتی وفود کے تبادلے، امریکی مارکیٹ تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کو بہتر بنانے اور باہمی تعاون کے اقدامات سے بہتر کیا جا سکتا ہے۔ امریکن قونصل جنرل ٹام ایکرٹ کا کہنا تھا ان کا ملک پاکستان کیساتھ باہمی تعاون اور اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو بہتر کا خواہاں ہے۔ امریکن سفارتکار نے مزید کہا: ہماری ترجیحات اور اہداف یکجا اور کافی ہم آہنگی پائی جا رہی ہے۔ ہم پاکستان کیساتھ باہمی تجارتی حجم کو مزید بہتر بنانے کیلئے کاروبار اور تجارت کے مواقع تلاش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور انہوں نے مشترکہ مقاصد سے مساوی فوائد حاصل کرنے کیلئے سرحد چیمبر کیساتھ طویل مدتی تعاون کو بڑھانے کی آمادگی کا اظہار کیا۔ مسٹر ایکرٹ نے کہا کہ امریکی قونصل خانہ تجارتی تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے کاروباری برادری کے ساتھ مضبوط روابط اور فعال انٹرایکشن کیلئے موثر و عملی اقدامات اور بھرپور کوششیں کر رہا ہے۔ سرحد چیمبر کے صدر جنید الطاف نے کہا خیبر پختونخوا/پشاور افغانستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے سب سے موزوں اور منافع بخش جگہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک امریکہ باہمی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا خیبر پختونخوا میں تیل، گیس، کان کنی، جیمز وجیولری، ماربل، ادویات، شہد، باغبانی، سیاحت اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری وسیع و نادر مواقع موجود ہیں۔ سفارت کار مسٹر ٹام ایکرٹ نے امریکہ اور پاکستان کے درمیان باہمی تجارت اور برآمدات میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے مربوط کوششوں اور مشترکہ اقدامات پر زور دیا۔ سفارت کار نے کہا مضبوط روابط کا قیام، ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی اور تجربات و معلومات کے تبادلے اور استعداد کار میں اضافہ سب سے اہم ہیں جو کاروباری برادری کو درپیش بہت سے مسائل کو حل کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ مسٹر ایکرٹ نے کہا کہ پاک امریکہ باہمی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مشترکہ اقدامات اور کوششیں مزید مستحکم و مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ صدر جنید الطاف نے اس موقع پر این او سی، سرحدی مسائل پر روشنی ڈالی اور کہا کہ سرحد چیمبر حکومت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ ملکر سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے ہر کوشش کی حمایت کر رہا ہے۔ سرحد چیمبر کے صدر نے کاروبار کرنے میں آسانی، تجارت اور برآمدات کے فروغ اور ملک میں کاروبار کے لیے سازگار ماحول کے قیام کے لیے اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل (SIFC) کے اقدامات کو سراہا۔ سفارت کار نے سرحد کی بندش کی وجہ سے تاجروں کی مشکلات کا اعتراف کیا اور کہا کہ اس اقدام سے مہنگائی کے شدید اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں، آئی ٹی، اے آئی، ہیومن ریسوس ڈویلپمنٹ، لیڈرشپ اور کیپسٹی بلڈنگ اور پراڈکٹ انٹرنیشنل سرٹیفکیشن، وغیرہ میں باہمی تعاون پر زور دیا۔

انسداد خسرہ اور روبیلا امراض سے متعلق اجلاس

سوات میں چوتھے دن کی کارکردگی کے حوالے سے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

سوات (بیورو رپورٹ) سوات میں خسرہ و روبیلا اور پولیو ویکسینیشن مہم کے چوتھے روز کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس ایڈیشنل ڈی سی محب اللہ کے زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوات ڈاکٹر شہزاد، ای پی آئی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر لیاقت، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر انور جمال، محکمہ تعلیم، لوکل گورنمنٹ اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ این اسٹاپ آفیسر نے مہم کے چوتھے دن کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے ویکسینیشن کوریج، ٹیموں کی فیلڈ سرگرمیوں، کم رسائی والے علاقوں کی صورتحال اور سامنے آنے والی Refusals کے بارے میں تازہ ترین معلومات پیش کیں۔ رپورٹ کے مطابق سکولوں اور گھروں میں ویکسینیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے اور بیشتر ٹیموں نے اپنے اہداف کی طرف واضح پیش رفت دکھائی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ آئندہ دنوں میں فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید موثر بنایا جائے اور ایسے علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے جہاں اب تک کوریج کم ریکارڈ ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کے خدشات دور کرنے کے لیے مقامی عمائدین، اساتذہ اور مذہبی شخصیات کو ساتھ ملا کر کمیونٹی آگاہی کو مزید مضبوط بنانا ہوگا تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق یہ مہم بچوں کو قابل علاج بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے نہایت اہم ہے اور تمام محکموں کا باہمی تعاون اس کی کامیابی کی بنیادی شرط ہے۔ اساتذہ اور مذہبی شخصیات کو ساتھ ملا کر کمیونٹی آگاہی کو مزید مضبوط بنانا ہوگا تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق یہ مہم بچوں کو قابل علاج بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے نہایت اہم ہے اور تمام محکموں کا باہمی تعاون اس کی کامیابی کی بنیادی شرط ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اوپن یونیورسٹی: کیمسٹری میں نئی اختراعات اور رجحانات پر بین الاقوامی کانفرنس

اسلام آباد (صباح نیوز) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "کیمسٹری میں حالیہ رجحانات" کے موضوع پر دو روزہ ساتویں بین الاقوامی کانفرنس کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ اس سال کانفرنس کا مرکزی موضوع "پائیدار مستقبل کے لیے کیمسٹری: تحقیق سے عملی اثرات تک" رکھا گیا تھا جس نے ملکی و بین الاقوامی سطح پر سائنسی تحقیق کے نئے رجحانات کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اختتامی تقریب کی صدارت فیکلٹی آف سائنسز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر شیر محمد نے کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس نہ صرف اپنے تمام مقاصد کے حصول میں کامیاب رہی بلکہ اس نے مستقبل کی تحقیق کے لیے نئی سمتوں کا واضح تعین بھی کیا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ملک کی ترقی کے لیے پائیدار سائنسی حل تلاش کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صوبائی حکومت نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، سعادت حسن

احساس نوجوان پروگرام کی تھرڈ پارٹی ایویلیوایشن کے لیے ایک اہم معاہدہ انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز سے کرانے کا فیصلہ کیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) احساس نوجوان پروگرام کے زیر اہتمام جاری تھرڈ پارٹی ایویلیوایشن کے لیے ایک اہم معاہدہ انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز سے کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس معاہدے کا مقصد پروگرام کے معیار، شفافیت اور موثر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے شروع کیے گئے اقدامات زیادہ پائیدار اور نتیجہ خیز ثابت ہوں۔ اس حوالے سے سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان خیبر پختونخوا سعادت حسن نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کی فلاح و بہبود، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کے مواقع پختونخوا کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ "احساس نوجوان پروگرام" اس وژن کا مظہر ہے جس کے ذریعے صوبے کے ہزاروں نوجوانوں کو تربیت، رہنمائی اور ترقی کے نئے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تھرڈ پارٹی ایویلیوایشن سے پروگرام کی شفافیت میں اضافہ ہوگا اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے مستند ڈیٹا اور تحقیق پر مبنی سفارشات حاصل ہوں گی۔ ڈائریکٹر امور نوجوانان ڈاکٹر نعمان مجاہد نے کہا کہ اس ادارے کی تحقیقی و تجزیاتی صلاحیت صوبے میں نوجوانوں سے اور دیرپا پالیسی سازی ڈیٹا، تحقیق اور زمینی حقائق پر مبنی ہونی چاہیے تاکہ نتائج مثبت اور دیرپا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ امور نوجوانان نوجوانوں کے لیے تعلیم، قیادت، روزگار اور ہنرمندی کے میدان میں مزید مواقع فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ ترجمان محکمہ کھیل و امور نوجوانان خیبر پختونخوا کے مطابق یہ اقدامات صوبے کے نوجوانوں کو ترقی، تعلیم اور خود اعتمادی کے سفر میں آگے بڑھانے کی جانب ایک تاریخی پیش رفت ہیں۔ محکمہ آئندہ بھی اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کے ذریعے نوجوانوں کو تحقیق، تربیت اور جدید علم کے مواقع فراہم کرتا رہے گا۔

دیر بالا، ایم پی اے انور خان اور اے ڈی سی ریلیف شیر علی خان، دیر پریمئر لیگ DPL سیزن کے ونر ٹیم کے کپتان کو ٹرافی دے رہے ہیں

کمشنر ملاکنڈ ڈویژن عابد وزیر، ضلع لوئر دیر کے کیٹگری بی ہسپتال چکدرہ کے اچانک معائنے کے موقع پر ریکارڈ چیک کر رہے ہیں

ڈی پی او مانسہرہ کا بالاکوٹ ڈویژن میں جاری چائنیز پراجیکٹ سائٹس کا دورہ

سیکیورٹی کو مزید موثر و مربوط بنانے کیلئے افسران کو ہدایات جاری کیں

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے بالاکوٹ ڈویژن میں جاری چائنیز پراجیکٹ سائٹس کا دورہ کیا اور سیکیورٹی کو مزید موثر و مربوط بنانے کے حوالے سے افسران کو ہدایات جاری کیں۔ دورے کے دوران ڈی پی او مانسہرہ نے پاک فوج کے افسران، پراجیکٹس کے چائنیز ماہرین اور انتظامی عملے کے ساتھ خصوصی ملاقاتیں کیں جن میں سیکیورٹی اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بالاکوٹ ڈویژن میں واقع چائنیز کیمپس کے معائنے کے دوران ڈی ایس پی اسپیشل سیکیورٹی یونٹ صابر خان، ڈی ایس پی پارس صداقت نثار، متعلقہ پراجیکٹ انچارجز، سیکیورٹی افسران، اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ پراجیکٹ انتظامیہ اور چائنیز ماہرین نے ڈی پی او مانسہرہ کو کیمپ میں سیکیورٹی کے موجودہ اقدامات اور درپیش ضروریات سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے کہا کہ چائنیز کو فول پروف سیکیورٹی کی فراہمی مانسہرہ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ہمارے افسران اور جوان ہمہ وقت مستعد اور تیار ہیں، انہوں نے سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات افسران و جوانوں کو ہدایت جاری کی کہ وہ چائنیز عملے کے ساتھ قریبی روابط رکھیں، سیکیورٹی پروٹوکولز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، اور تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کو مؤثر بنائیں تاکہ سیکیورٹی نیٹ ورک مزید مربوط اور مستحکم ہوں۔

☆☆☆☆☆

ایریگیشن خیبر پختونخوا کا اجلاس

سروس سٹرکچر، مالاکنڈ میں پروموشن کے عمل میں بے ضابطگیوں پر تفصیلی غور

صوابی (بیورو رپورٹ) ایریگیشن خیبر پختونخوا کا اجلاس صوبائی صدر عابد حسین شیوہ کی صدارت اور چیئرمین آ گیگا الحاج رؤیداد محمد کی سرپرستی میں ہوا۔ جس میں سیکرٹری ایریگیشن محمد ایاز خان اور پی اے ٹو منسٹر حیدر خان بھی شریک تھے یہ اجلاس صوبائی وزیر ایریگیشن ریاض خان کی خصوصی ہدایات پر طلب کیا گیا تھا۔ اجلاس میں علامہ پیر سید عظمت شاہ ترمذی جنرل سیکرٹری متحدہ سادات پاکستان، سردار ولی الرحمان، طارق مشوانی، جاوید خان، رحمان سید اور ممتاز بھی موجود تھے، میٹنگ میں سروس اسٹرکچر اور مالاکنڈ ڈویژن میں پروموشن کے عمل میں بے ضابطگیوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ سیکرٹری ایریگیشن نے تمام معاملات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے سروس اسٹرکچر پر کام شروع کرنے کے احکامات جاری کیے۔ آخر میں وفد نے منسٹر ایریگیشن ریاض خان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کی اور سیکرٹری ایریگیشن کی قیادت میں یہ مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

سوات میں ویکسینیشن مہم میں پیش رفت

چوتھے روز کی رپورٹ جاری، کم کوریج والے علاقوں پر خصوصی توجہ کی ہدایت

سوات (بیورو رپورٹ) سوات میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ویکسینیشن مہم کے چوتھے روز کی کارکردگی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ٹیموں کی کارکردگی، کم رسائی والے علاقوں اور Refusals پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محب اللہ خان یوسفزئی کی زیر صدارت اجلاس میں ڈی ایچ او، ای پی آئی کوآرڈینیٹر، این اسٹاپ آفیسر، محکمہ تعلیم اور لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں نے شرکت کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسکولوں اور گھروں میں ویکسینیشن تیزی سے جاری ہے جبکہ بیشتر ٹیموں نے اہداف کی طرف نمایاں پیش رفت دکھائی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کم کوریج والے علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور مقامی عمائدین، اساتذہ اور علما کے ذریعے والدین کے خدشات دور کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆

کراچی میں شادی ہالوں کے باہر خواتین کو لوٹنے والے ڈاکو گرفتار

دو میں سے ایک زخمی، اسلحہ اور لوٹا ہوا سامان برآمد، دیگر مقابلوں مزید چار پکڑے گئے

کراچی (صباح نیوز) کراچی کے علاقے سپر ہائی وے جاڑیو گوٹھ کے قریب گلشن معمار پولیس نے مبینہ مقابلے کے دوران ایک زخمی سمیت دو ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا، جو خواتین کو لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں ملوث بتائے جاتے ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ملزم عظمت کو اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم اشوک کو تھانے پہنچا دیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان سے پستول، موٹر سائیکل، موبائل فون، خواتین کے پرس اور دیگر چھینا گیا سامان برآمد ہوا ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں سامنے آیا ہے کہ دونوں ملزمان اسٹریٹ کرائم کی درجنوں وارداتوں میں ملوث رہے اور شاپنگ مالز، ریسٹورانٹس اور شادی ہالز کے باہر زیادہ تر خواتین کو نشانہ بناتے تھے۔ واقعے کے وقت بھی ملزمان ایک خاتون سے پرس چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ پولیس نے انہیں پکڑ لیا۔ گلشن معمار پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کے مزید ساتھیوں کی تلاش جاری ہے اور گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔ مزید چار ڈاکو دیگر مقابلوں میں پکڑے گئے۔ لیاری کے علاقے مرزا آدم خان روڈ دھوبی گھاٹ کے قریب پولیس مقابلے میں دو ڈاکو 47 سالہ کامران ولد غلام صمدانی اور 35 سالہ عابد ولد خان محمد زخمی ہوئے، جنہیں چھیپا رضاکاروں نے فوری طور پر سول اسپتال منتقل کیا۔

ڈپٹی کمشنر کا نوشہرہ مانومنٹ پر جاری تعمیراتی کام کا معائنہ

، مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوشہرہ عرفان اللہ محسود نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف، اعجاز اختر کے ہمراہ نوشہرہ مانومنٹ پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران اور کنٹریکٹر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ نوشہرہ مانومنٹ کو جلد از جلد عوام کے لیے کھولا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مانومنٹ کی تعمیر کا مقصد ضلع نوشہرہ کی تاریخی اور ثقافتی شناخت کو فروغ دینا اور عوام کے لیے ایک خوبصورت تفریحی مقام فراہم کرنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نوشہرہ مانومنٹ پر بنیادی تعمیراتی کام مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ اس وقت مانومنٹ کے اطراف حفاظتی جنگلے لگانے اور لان کی تزئین و آرائش پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر عرفان اللہ محسود نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام مراحل کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

کرم میں امن کیلئے گرینڈ جرگہ

کوہاٹ امن معاہدے پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ

کرم (بیورو رپورٹ) قبائلی ضلع کرم میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے لوئر تحصیل صدہ میں کوہاٹ گرینڈ امن جرگہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف قبائل کے سرکردہ عمائدین نے حالیہ واقعات اور جرگہ معاہدے پر تفصیلی گفتگو کی۔ تفصیلات کے مطابق قبائلی ضلع کرم میں فریقین کے مابین امن و امان کے قیام کیلئے کوہاٹ گرینڈ امن جرگہ کا ایک اہم اجلاس لوئر تحصیل ہیڈکوارٹر صدہ میں ہوا جس میں سوزئی، علی شیرزئی، منگل، پاڑہ چمکنی اور ذی مشت سمیت متعدد قبائل کے عمائدین اور نوجوانان علاقہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر کوہاٹ، اورکزئی اور ہنگو سے بھی جرگہ نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس میں ضلع کرم کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ ملک سلیم خان اورکزئی، ملک حاجی عبدالولی خان سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے اپنے قبائل کی نمائندگی کرتے ہوئے موقف پیش کیا۔ عمائدین نے بتایا کہ چند روز قبل جی او سی کوہاٹ ڈویژن کے ساتھ ملاقات میں مطالبہ کیا گیا تھا کہ کوہاٹ امن معاہدے کی خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی کی جائے۔ جرگہ نے یقین دہانی کرائی کہ متعلقہ حکام کی مشاورت سے مزید اقدامات کیے جائیں گے اور بگن وتیزئی قبیلے اور علی زئی قوم کے مابین معاہدے کی توسیع پر بھی غور ہوگا۔ یاد رہے کہ گزشتہ برس کرم میں فرقہ وارانہ فسادات کے باعث درجنوں افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے تھے جبکہ مرکزی شاہراہ کی بندش سے اشیائے خورونوش اور ادویات کی شدید قلت پیدا ہوگئی تھی۔

گمبیر میں زیتون کے ماڈل باغ کا افتتاح، محکمہ زراعت کی سرگرمیاں جاری

زیتون کے ماڈل باغ کا کام محکمہ زراعت کی نگرانی میں باقاعدہ طور پر شروع ہوگیا

دیر لوئر دیر (نمائندہ خصوصی) دیر لوئر جندول سب ڈویژن میں محکمہ زراعت توسیع کی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ گاؤں گمبیر میں آج دانش ناصر خان اور قاسم خان کی 14 ایکڑ اراضی پر زیتون کے ماڈل باغ کا کام محکمہ زراعت کی نگرانی میں باقاعدہ طور پر شروع ہوگیا۔ ایگریکلچر آفیسر منڈا بخت زمین نے پودا لگا کر باغ کا افتتاح کیا، جبکہ ایگریکلچر انسپکٹر حاجی طور گل نے نئے لگائے گئے پودوں کی نگہداشت، زیتون کی معاشی اہمیت اور اس کے دینی فوائد پر روشنی ڈالی۔ زراعت آفیسر نے دونوں مالکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے خرچے پر مختصر وقت میں اعلیٰ معیار کی فینسنگ کر کے اور غیر مفید پودوں کو ہٹا کر زیتون کے باغ کیلئے سازگار ماحول پیدا کیا۔ دانش ناصر خان اور قاسم خان نے محکمہ زراعت دیر لوئر کی رہنمائی اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

دیر پریمئر لیگ سیزن 3 اختتام پذیر

دیر سپورٹس کمپلیکس دیر بالا میں منعقدہ اس لیگ میں 8 فرنچائزز نے حصہ لیا

ملاکنڈ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت کے گڈ گورننس ایجنڈا کے تحت ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپورٹس خیبر پختونخوا کے ہدایات کی روشنی میں منعقدہ دیر پریمئر لیگ DPL سیزن 3 اپنے جوش و خروش اور رنگا رنگ تقریبات کے ساتھ شاندار اختتام کو پہنچا۔ دیر سپورٹس کمپلیکس دیر بالا میں منعقدہ اس لیگ میں 8 فرنچائزز نے حصہ لیا اور ہر میچ نے تماشائیوں کو سنسنی اور جوش کے لمحات دیئے۔ فائنل میچ لواری واریئرز اور سفاری فائٹرز کے درمیان کھیلا گیا، جہاں سفاری فائٹرز نے 152 رنز کا ہدف دیا، لیکن لواری واریئرز نے اپنے بھرپور کھیل سے اس ہدف کو آسانی سے عبور کر کے شائقین کے جذبات کو عروج پر پہنچا دیا۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی انور خان اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف شیر علی خان نے شرکت کی، جبکہ دیگر معززین جیسے جہانگیر جان، میاں سیف اللہ، میاں عنایت شاہ، حسن ولی، محمد زادہ، امتیاز خان، حماد خان اور مختیار حسین نے بھی اس یادگار لمحے کا حصہ بن کر تقریب کی رونق کو بڑھایا۔ مہمان خصوصی انور خان اور ڈپٹی کمشنر ریلیف شیر علی خان نے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس دیر بالا کی کاوشوں اور اس شاندار ایونٹ کو کامیابی سے منعقد کرنے پر بھرپور داد دی اور کھلاڑیوں میں انعامات و ٹرافیاں تقسیم کیں۔ یاد رہے کہ سیزن 3 میں ونر ٹیم کو 250,000 روپے اور رنر اپ ٹیم کو 150,000 روپے نقد انعام دیا گیا۔ تماشائیوں نے اس ایونٹ کو بھرپور انجوائے کیا اور دیر کی اس سپورٹس لیگ نے واقعی شائقین کے دلوں میں ہمیشہ کے لیے یادگار لمحے چھوڑے۔

ایم کیو ایم کا نئے صوبے کے مطالبے کیلئے عوامی رابطہ مہم چلانے کا اعلان

کراچی سے 17 سالہ جعلی حکومت کا خاتمہ ہونا چاہیے، خالد مقبول صدیقی

کراچی (صباح نیوز) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے نئے صوبے کے مطالبے اور بلدیاتی اداروں کی مضبوطی کے لیے عوامی رابطہ مہم چلانے اعلان کر دیا۔ کراچی میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور ڈاکٹر فاروق ستار کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینئر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ اگر ایوان اور عدالتیں ہمیں انصاف فراہم نہیں کریں گی تو سڑکوں پر جائیں گے، عوام سے بات کریں گے، کراچی میں 17 سال کا قبضہ اب ختم ہونا چاہیے۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جاگیردارانہ جمہوریت ہے، صوبہ انتظامی یونٹ ہوتا ہے، آبادی کے ساتھ بڑھنا چاہیے، یہ ایم کیو ایم کا مطالبہ نہیں آئین کا تقاضہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کے ماسٹر پلان کو کرپشن میں تبدیل کیا جا رہا ہے، آئین کہتا ہے بلدیاتی حکومتیں قائم ہونی چاہئیں، عوام کو آئین کے مطابق ان کے حقوق دیں، آج ایوان میں ایک جماعت کے سوا تمام جماعتیں ہمارے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے مستقبل پر شب خون مارا جا رہا ہے، ہم سندھ کے شہری علاقوں کے تمام مسائل پر ایوان میں بھی آواز اٹھائیں گے، قانون کا دروازہ بھی کھٹکھٹائیں گے، 26 ویں ترمیم میں دوسری پارٹیاں وفاق کو بلیک میل کر رہی تھیں، ایم کیو ایم نے ایک شرط رکھی عوام کو آئین میں درج ان کا حق دیں۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ ہم تو کہتے ہیں 18 ویں ترمیم پر مکمل عمل کیا جائے، سندھ میں 100 فیصد دینے والوں کو ایک فیصد کا اختیار نہیں، ہم پاکستان کو اپنی ماں سمجھتے ہیں اور سندھ اس کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ آج کی پریس کانفرنس کی بنیادی وجہ ہماری لیگل ایڈ کمیٹی کے آئندہ کا پروگرام دینا ہے، آج ہماری کراچی ماسٹر پلان 2047 کے خلاف مہم کا آخری دن تھا، لیکن اس مہم کو اب ہم مزید 10 دن کے لیے بڑھا رہے ہیں۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ ہمارے کارکنان اس شہر کا مقدمہ لڑ رہے ہیں، اس شہر میں 17 سالہ جعلی حکومت کا اب خاتمہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس حکومت میں رہ کر کراچی اور حیدرآباد کے لیے پیکج لیا ہے، 77 سال کے بعد حیدرآباد میں ایک یونیورسٹی قائم ہوئی ہے اور کراچی کے کئی کالجز کو یونیورسٹی کا درجہ دیا جا رہا ہے۔ کنوینئر ایم کیو ایم پاکستان نے کہا کہ کراچی لوٹ کا مال نہیں سندھ کا 97 فیصد بجٹ دیتا ہے جبکہ ایک فیصد ٹیکس نہ دینے والے سو فیصد اختیار استعمال کر رہے ہیں اور سندھ میں سو فیصد دینے والوں کو ایک فیصد اختیار نہیں۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایسے تو گھر بھی نہیں چلتے خاندان تقسیم ہو جاتے ہیں، ایوان اور عدالتوں سے انصاف نہ ملا تو سڑکوں پر آئیں گے

مینار پاکستان، اجتماع عام کے لیے خواتین کے مرکزی کیمپ کا افتتاح

ملکی ترقی کے لیے خواتین کی فعال شمولیت بے حد ضروری ہے۔ ڈاکٹر حمیرا طارق

لاہور (صباح نیوز) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق نے آج گریٹر اقبال پارک، مینار پاکستان میں اجتماع عام کے سلسلے میں قائم خواتین کے مرکزی کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک پاکستان میں محترمہ فاطمہ جناح کی قیادت میں خواتین نے تاریخی کردار ادا کیا اور آج بھی ملک کی ترقی کے لیے خواتین کی فعال شمولیت بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 52 فیصد خواتین الحمدللہ جماعت اسلامی میں عزت و وقار کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ جماعت اسلامی کی کابینہ اور مرکزی شوریٰ میں 11 منتخب خواتین اہم ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی خواتین کی نمائندگی اور کردار کو پوری اہمیت دیتی ہے۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے مزید بتایا کہ اجتماع عام میں خواتین اور نوجوان لڑکیوں کے لیے یوتھ اریبا جبکہ بچوں کے لیے گوشہ اطفال کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 22 نومبر کو خواتین کا مرکزی سیشن ہوگا جسے میڈیا کے ذریعے دنیا بھر تک پہنچانا چاہتے ہیں تاکہ واضح ہو کہ جماعت اسلامی پاکستان میں خواتین کے حقوق، فلاح و بہبود اور بااختیار بنانے کے لیے ہمہ وقت سرگرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اختیار نہ ہونے کے باوجود جماعت اسلامی خواتین کی بہتری کے لیے متعدد پروگرامز چلا رہی ہے جن میں "ہنو قابل" پروگرام ایک نمایاں مثال ہے۔ ناظمہ اجتماع عام و ڈپٹی سیکرٹری ثمینہ سعید نے بتایا کہ اجتماع عام کے لیے 30 انتظامی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جو مختلف شعبوں میں اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں ادا کر رہی ہیں۔ خواتین کے خصوصی سیشن کے لیے ایک الگ کمیٹی قائم کی گئی ہے جو ملک بھر اور بیرون ملک سے آنے والی مہمان خواتین کی میزبانی کرے گی۔ ڈپٹی سیکرٹری ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے بین الاقوامی سیشن سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس مرتبہ 1000 اوورسیز پاکستانی خواتین اور 25 ممالک سے 150 غیر ملکی مہمان خواتین اجتماع عام میں شرکت کریں گی جن میں ملائشیا، بنگلہ دیش سمیت متعدد ممالک کی نمائندگان شامل ہیں۔

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی	0937-9230125
تھانہ ہوتی	0937-9230244
تھانہ پار ہوتی	0937-561245
تھانہ صدر	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی	0937-580172
تھانہ رستم	0937-800124
تھانہ طورو	0937-860320
تھانہ چورہ	0937-775981
تھانہ جبر	0937-542112
تھانہ تخت بھائی	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ	0937-575302
ساڑو شاہ	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن	1199
ریسکیو مردان	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ	0937-920151
ڈی ای او زنانہ	0937-9230150
مردان کالج	0937-9230033
کامرس کالج مردان	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

Sports

کھیل کھلاڑی

ایشیا کپ؛ بھارت اپنا پہلا میچ آج یو اے ای کے خلاف کھیلے گا

بطور ٹی ٹوئنٹی عالمی چیمپیئن بھارت ایونٹ میں فیورٹ ہو گا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)مینز ٹوئنٹی 20 ایشیا کپ میں بھارتی ٹیم کا سفر بدھ سے شروع ہوگا، بلوشرٹس کا ابتدائی ٹاکرا یو اے ای سے دبئی میں شیڈول ہے۔مقامی وقت کے مطابق میچ ساڑھے 7 بجے شب کھیلا جائے گا، بھارت طویل وقفے کے بعد بین الاقوامی کرکٹ میں واپسی کر رہا ہے،بطورٹی ٹوئنٹی عالمی چیمپیئن بھارت ایونٹ میں فیورٹ ہوگا۔شبمن گل ٹی ٹوئنٹی میں بطور نائب کپتان واپسی کر رہے ہیں، حالیہ سیزن میں انہوں نے آئی پی ایل میں 650 رنز 155.87 کے اسٹرائیک ریٹ سے بنا رکھے ہیں اور ایشین کپ میں بھی ان سے بہترین پرفارمنس کی توقع کی جارہی ہے۔دوسری جانب، یو اے ای کے کوچ بھارتی نژادلال چندراجپوت ہیں،انہوں نے بھارت کو 2007 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں فاتح بنوانے میں بھی کرداراداکیاتھا۔میزبان متحدہ عرب امارات کی ٹیم حالیہ سہ ملکی سیریز میں افغانستان اور پاکستان سے بھی ہار چکی ہے جبکہ اس سے قبل یوگینڈا نے بھی اسے مات دی تھی۔یو اے ای کے اسپنر سمرنجیت سنگھ اب انٹرنیشنل کرکٹ میں شبمن گل کو بولنگ کریں گے،دبئی کی پچ کے زیادہ تازہ اور جاندار ہونے کی توقع ہے،امکان ہے کہ پیسرز اور اسپنرز کو یکساں مدد ملے گی،شہر کی گرمی اور نمی دونوں ٹیموں کی فٹنس کا امتحان ہوگی۔یو اے ای نے بھارت کا سامنا صرف ایک بار ٹی ٹوئنٹی میں کیا ہے جب 2016 ایشیا کپ میں خلیجی ٹیم کو 9 وکٹ سے شکست ہوگئی تھی،اسی طرح بھارت گزشتہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے اب تک 24 فتوحات سمیٹی ہیں جبکہ 3 میں اسے ناکامی کا سامنا رہا ہے۔

چیئرمین اے سی سی محسن نقوی کی ایشیا کپ میں شریک ٹیموں کے کپتانوں سے ملاقات

لاہور(سپورٹس ڈیسک)چیئرمین ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی)محسن نقوی نے ایشیا کپ2025 میں شریک تمام ٹیموں کے کپتانوں سے ملاقات کی۔ملاقات میں چیئرمین اے سی سی محسن نقوی نے تمام ٹیموں کے کپتانوں کو خوش آمدید کہا اور تمام ٹیموں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔چیئرمین اے سی سی نے پاکستان کے کپتان سلمان آغا، بھارت کے کپتان سوریا کمار یادیو،افغانستان کے کپتان راشد خان، بنگلا دیش کے کپتان لٹن داس، سری لنکا کے کپتان چارتھ اسالنکا، یو اے ای کے کپتان محمد وسیم، ہانگ کانگ کے کپتان یاسم مرتضی اور عمان کے کپتان جتندر سنگھ کو خوش آمدید کہا۔اس موقع پر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ایشیا کپ کے دوران شائقین کرکٹ کو روایتی حریفوں کے ساتھ دیگر ٹیموں کے میچز سے محظوظ ہونے کا موقع ملے گا۔ہم بحیثیت ٹیم ایشیا کپ کے کامیاب انعقاد کے لیے پرعزم اور پرجوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایمریٹس کرکٹ بورڈ نے ایشین کرکٹ کونسل کے ساتھ مل کر ٹورنامنٹ کے لئے بہترین انتظامات کیے ہیں۔ ایشیا کپ ایک دوسرے کو قریب لانے کا شاندار موقع ہے۔ کرکٹ صرف کھیل نہیں بلکہ دلوں کو جوڑنے اور محبتیں بانٹنے کا خوبصورت ذریعہ ہے۔اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل سلمان نصیر اور دیگر بورڈز کے اعلی عہدیداران بھی موجود تھے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 کے فروری اور مارچ میں انعقاد کا امکان

میگا ایونٹ مشترکہ طور پر بھارت اور سری لنکا میں کھیلا جائے گا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 ممکنہ طور پر 7 فروری سے 8 مارچ تک منعقد ہوگا۔تفصیلات کے مطابق میگا ایونٹ مشترکہ طور پر بھارت اور سری لنکا میں کھیلا جائے گا۔سری لنکا نے اس سے قبل 2012 اور بھارت نے 2016 میں میگا ایونٹ کی میزبانی کے فرائض انجام دیے تھے۔آئندہ برس ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں 20 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ مقابلے بھارت کے پانچ اور سری لنکا کے دو وینیوز پر ہوں گے۔فائنل بھارتی شہر احمد آباد میں کھیلا جائے گا تاہم پاکستان کے فائنل میں پہنچنے کی صورت میں فائنل میچ کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ذرائع کے مطابق آئی سی سی نے شیڈول فائنل کرلیا ہے اور شریک ممالک کو اس بابت آگاہی دے دی گئی ہے۔ایونٹ میں اب تک 15 ممالک کی شرکت یقینی ہوچکی ہے جس میں میزبان سری لنکا اور بھارت کے ساتھ پاکستان، افغانستان، آسٹریلیا، بنگلا دیش، انگلینڈ، جنوبی افریقا، امریکا، ویسٹ انڈیز، نیوزی لینڈ، آئرلینڈ، کینیڈا، نیدرلینڈز اور اٹلی شامل ہیں۔دیگر پانچ ٹیموں میں سے تین کا ایشیا اور دو کا تعین ایسٹ ایشیا پیسیفک کوالیفائر سے ہوگا۔

شان مسعود نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کرلیا

وہ یہ کارنامہ انجام دینے والے 43ویں پاکستانی کھلاڑی بن گئے ہیں

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا۔تفصیلات کے مطابق شان مسعود نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں 12 ہزار رنز مکمل کر لیے ہیں، وہ یہ کارنامہ انجام دینے والے 43ویں پاکستانی کھلاڑی بن گئے ہیں۔انہوں نے گلوسٹر شائر کے خلاف کاؤنٹی چیمپیئن شپ کے میچ کے دوسرے روز کا کھیل ختم ہونے تک لیسٹر شائر کی جانب سے 80 رنز بنا لیے تھے جس کے دوران انہوں نے 12 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کیا۔ان کی ٹیم نے دوسرے دن کے اختتام تک چار وکٹوں کے نقصان پر 280 رنز بنا لیے تھے تاہم ابھی بھی اسے 212 رنز خسارے کا سامنا ہے۔

روہت شرما اسپتال کیوں گئے، مداح تشویش میں مبتلا ہو گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)بھارت کی ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما گزشتہ شب مقامی اسپتال میں دیکھے گئے۔روہت شرما کے اسپتال جانے پر ان کے مداحوں میں تشویش پیدا کر دی تاہم اس حوالے سے باضابطہ طور پر کوئی وضاحت سامنے نہیں آئی۔مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر قیاس آرائیاں اور خیر سگالی کے پیغامات کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔بعض ذرائع سے یہ بات سامنے آئی کہ یہ اسپتال کا دورہ معمول کا چیک اپ یا احتیاطی اقدام ہوسکتا ہے تاہم ایسی خبروں کی تصدیق نہیں ہوسکی۔

ایک ٹرافی 8 دعویدار، کس کا چلے گا وار

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایک ٹرافی 8 دعویدار، کس کا چلے گا وار، ٹیمیں ایشیا کپ میں مقابلے کیلیے تیار ہیں،میلہ منگل سے متحدہ عرب امارات میں سجے گا، افتتاحی میچ میں افغانستان اور ہانگ کانگ کی ٹیمیں ابوظبی اسٹیڈیم پر مقابل ہوں گی۔تفصیلات کے مطابق ایشیا کپ کا آغاز منگل کو ہورہا ہے، کپتانوں کی میڈیا کانفرنس اور ٹرافی کے ساتھ فوٹوسیشن صبح ساڑھے گیارہ بجے دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ہوگا۔اسی روز ابوظبی کے شیخ زید اسٹیڈیم میں افغانستان اور ہانگ کانگ کے درمیان پہلا میچ کھیلا جائے گا ٹورنامنٹ میں سب کی نظریں پاکستان اور بھارت کے مقابلے پر جمی ہوئی ہیں، دونوں ٹیمیں گزشتہ برس ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے بعد پہلی بار آمنے سامنے آئیں گی۔ بھارت اپنی مہم کا آغاز 10 ستمبر کو دبئی میں متحدہ عرب امارات کے خلاف کرے گا،گرین شرٹس کا ابتدائی مقابلہ عمان کے خلاف 12 ستمبر کو شیڈول ہے،ایشیا کپ کا سب سے بڑا معرکہ 14 ستمبر کو پاکستان اور بھارت کے درمیان دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا۔ادھر پاکستان کرکٹ ٹیم کے غیر ملکی ہیڈ کوچ مائیک ہیسن ٹرائنگولر سیریز کی طرح ایشیا کپ میں بھی پلیئرز سے بہترین کارکردگی کے لیے پُرامید ہیں،انھوں نے کہا کہ کسی بھی ٹیم کو آسان نہیں سمجھا جاسکتا، ہماری پہلی ترجیح سپر فور میں کوالیفائی کرنا ہے، بعدازاں بہترین پرفارمنس سے مزید آگے بڑھنے کی کوشش ہوگی۔

میرا مقابلہ نیرج سے نہیں بلکہ اپنے آپ سے ہوتا ہے، ارشد ندیم

لاہور(سپورٹس ڈیسک)اولمپک گولڈ میڈلسٹ ایتھلیٹ ارشد ندیم ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپیئن شپ میں شرکت کے لیے آج رات ٹوکیو روانہ ہوں گے۔تفصیلات کے مطابق جیولین تھرو ایونٹ کا کوالیفائنگ راؤنڈ 17 ستمبر کو شیڈول ہے۔اگلے روز آٹھ بہترین تھرور کے درمیان میڈلز کی جنگ ہوگی۔ارشد ندیم نے فٹنس میں معاونت کرنے والے معروف اسپورٹس سرجن ڈاکٹر اسد عباس شاہ کے لاہور میں کلینک کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ڈاکٹر اسد عباس نے ارشد ندیم کے لیے اپنے کلینک میں تاحیات فری علاج کا اعلان کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ارشد ندیم مکمل فٹ ہیں اور ورلڈ ایتھلیٹکس میں قوم کا سر فخر سے بلند کریں گے۔ گولڈ میڈلسٹ تھرور کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ٹوکیو میں بہترین تھرو کرنے کی کوشش کرکے اپنا ریکارڈ بہتر بنانے کی کوشش کروں گا۔

سری لنکا اور افغانستان کے کپتانوں کی مصروف ترین شیڈول پر تنقید

گرمی اور تھکن کے اس ماحول میں کھلاڑیوں کی تازگی ٹورنامنٹ کے نتائج پر اہم اثر ڈال سکتی ہے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایشیا کپ کے آغاز سے پہلے سری لنکا کے کپتان چارتھ اسالنکا اور افغانستان کے کپتان راشد خان نے مسلسل میچز اور سفر کے سخت شیڈول پر سوال اٹھا دیا۔اسالنکا نے کہا کہ زمبابوے میں دو دن میں دو میچز کھیلنے اور پھر براہ راست دبئی پہنچنے سے کھلاڑیوں پر دباؤ بڑھ گیا ہے، پے در پے میچز کھیل کر فوراً سفر کرنا بہت مشکل ہے، کھلاڑیوں کو کم از کم دو دن کا آرام ملنا چاہیے۔راشد خان نے بھی تسلیم کیا کہ شیڈول مثالی نہیں ہے، مگر شکایت کرنے کے بجائے توجہ کارکردگی پر ہونی چاہیے، اگر ہم سفر یا گرمی کی شکایت کریں تو کھیل پر اثر پڑے گا، پروفیشنل کرکٹرز کو ہر حال میں 100 فیصد دینا ہوتا ہے۔سری لنکا کو اپنے پہلے میچ سے قبل چار دن کا وقفہ ملا ہے، جبکہ افغانستان صرف 48 گھنٹے بعد ہانگ کانگ کے خلاف میدان میں اترا تھا۔گرمی اور تھکن کے اس ماحول میں کھلاڑیوں کی تازگی ٹورنامنٹ کے نتائج پر اہم اثر ڈال سکتی ہے۔

حنیف محمد ٹورنامنٹ: کراچی میں ہونیوالے تیسرے راؤنڈ کے میچز مؤخر

قبل ازیں پی سی بی نے جنوبی پنجاب میں شدید بارشوں کی وجہ سے گروپ اے کے میچز ایک دن کے لیے موخر کردیے تھے



لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ(پی سی بی) نے چار روزہ حنیف محمد ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے کراچی میں ہونے والے گروپ بی کے تیسرے راؤنڈ کے میچز بھی ایک یوم کے لیے موخر کردیے۔شہر میں جاری بارشوں کے سلسلے کے سبب بدھ کو منعقد ہونے والے میچز اب جمعرات سے شروع کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔تاہم برسات کے باعث میچز کے متاثر ہونے کا امکان ہے۔قبل ازیں پی سی بی نے جنوبی پنجاب میں شدید بارشوں کی وجہ سے گروپ اے کے میچز ایک دن کے لیے موخر کردیے تھے۔ 11 سے 14 ستمبر حیدرآباد کا کوئٹہ سے عباسی اسپورٹس کمپلیکس، رحیم یار خان، لاہور بلوز کا آزاد جموں وکشمیر سے ڈرنگ اسٹیڈیم، بہاولپور اور کراچی وائٹس کا فیصل آباد سے ملتان اسٹیڈیم پر مقابلہ ہوگا۔گروپ بی میں کراچی بلوز کا ڈیرہ مراد جمالی سے نیشنل بینک اسٹیڈیم، لاڑکانہ کا فاٹا سے اسٹیٹ بینک اسپورٹس کمپلیکس اور راولپنڈی کا ملتان ریجن سے یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس پر مقابلہ طے ہے۔واضح رہے کہ کراچی میں بدھ کے روز مزید بارشوں کی پیشنگوئی کی گئی ہے۔

Showbiz

رونق میلہ

ٹک ٹاکر ثناء یوسف قتل کیس میں اہم پیشرفت

ٹک ٹاکر ثناء یوسف قتل کیس کی سماعت 13 ستمبر تک ملتوی

لاہور(شوبز رپورٹر) ٹک ٹاکر ثناء یوسف قتل کیس کی سماعت 13 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں ٹک ٹاکر ثناء یوسف کے مبینہ قتل کیس کی سماعت ہوئی۔ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے کیس کی سماعت کی۔سماعت کے دوران نامزد ملزم عمر حیات کو جیل سے عدالت میں پیش نہیں کیا جاسکا، جس پر عدالت نے کیس کی کارروائی آئندہ سماعت تک مؤخر کردی۔عدالت نے ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر ملزم کو مقدمے کا چالان فراہم کیا جائے۔واضح رہے کہ ٹک ٹاکر ثناء یوسف کے قتل کا مقدمہ تھانہ سنبل، اسلام آباد میں درج کیا گیا تھا۔

روبی انعم نے مشہور ہونے کیلئے ساتھی اداکاراؤں پر تنقید کی، اسما عباس

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز کی سینئر اداکارہ اسما عباس کا کہنا ہے کہ تھیٹر کی اداکارہ روبی انعم نے شہرت کیلئے لاہور کے تھیٹر اور آرٹسٹ کو بدنام کیا ہے۔حال ہی میں اسما عباس ایک پوڈکاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے ساتھی فنکارہ روبی انعم کے ان کے اور ان کی بڑی بہن بشریٰ انصاری سے متعلق تنقیدی تبصرے پر ردعمل دیا۔انہوں نے کہا کہ ہم سے سب نے کہا کہ روبی انعم کی بات پر ردعمل دیں مگر ہم نے جواب نہیں دیا کیونکہ شاید روبی انعم جو حاصل کرنا چاہتی تھیں وہ نہیں کر سکیں اس لئے انہوں نے سوچا کہ کچھ ایسا کہہ دوں جس کی وجہ سے وائرل ہوجاؤں اور شہرت ملے۔اسما عباس کا کہنا تھا کہ انہوں نے بھی تھیٹر میں کام کیا ہے اور ان دنوں بھی تھیٹر کر رہی مگر انہیں وہاں بہت عزت ملتی ہے اور سب بہت محبت سے پیش آتے ہیں تاہم ان جیسے لوگ ثابت کرتے ہیں کہ تھیٹر اداکار ایسے ہوتے ہیں جس سے برا تاثر جاتا ہے۔

ماضی کی مقبول فلم قلی کی شوٹنگ کے دوران امیتابھ بچن کیساتھ کونسا جان لیوا حادثہ پیش آیا؟

امیتابھ بچن 1982 کی فلم قلی کے سیٹ پر زندگی اور موت کی کشمکش میں تھے



لاہور(شوبز رپورٹر)1982 میں فلم قلی کی شوٹنگ کے دوران امیتابھ بچن کو پیش آنے والا حادثہ بھارتی سینما کی تاریخ کا ایک انتہائی دل دہلا دینے والا واقعہ ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق ایک فائٹ سین کے دوران اداکار پنیت اسر کے ساتھ ایک غلط ٹائمنگ کے باعث امیتابھ بچن میز کے کنارے سے ٹکرا گئے تھے جس سے وہ زخمی ہوگئے اور انہیں شدید اندرونی چوٹیں آئیں۔امیتابھ بچن کو شوٹنگ کے دوران پیش آنے والے اس حادثے کے بعد فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی گئی۔ٹائمز آف انڈیا کے مطابق ایک موقع پر ڈاکٹروں نے امیتابھ بچن کو کلینیکلی ڈیڈ قرار دے دیا تھا۔تاہم ان کی اہلیہ جیا بچن نے امید نہیں چھوڑی اور شوہر کا علاج کرواتی رہیں۔بعد میں ایک انٹرویو میں جیا بچن نے بتایا کہ وہ ہنومان چالیسہ (ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب) پڑھ رہی تھیں جب انہوں نے امیتابھ کا پاؤں ہلتے دیکھا اور اسی لمحے ڈاکٹروں نے انہیں دوبارہ زندگی کی طرف لانے کی کوشش کی جو کامیاب ہوئی۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امیتابھ بچن کی آنتوں میں شدید اندرونی چوٹیں آئی تھیں جس کے بعد امیتابھ کو کئی سرجریوں سے گزرنا پڑا۔وہ اپنی 75 فیصد جسمانی طاقت کھو چکے تھے اور دوبارہ چلنے پھرنے سے بھی قاصر تھے۔بعد ازاں امیتابھ بچن کو مایاستھینیا گریوس نامی ایک نایاب بیماری کی تشخیص ہوئی، جس سے پٹھوں میں کمزوری ہوتی ہے۔اس بیماری نے بھارتی سپر اسٹار کو مزید کمزور کردیا تھا۔

منیشا کوئرالہ نے نیپال میں مظاہرین کیخلاف جاری پرتشدد کریک ڈاؤن پر آواز بلند کردی

منیشا نے سوشل میڈیا پر نیپالی زبان میں ایک پیغام جاری کیا ہے جس کیساتھ خون سے بھرے ایک جوتے کی تصویر بھی شیئر کی ہے۔

لاہور(شوبز رپورٹر)نیپالی نژاد بھارتی اداکارہ منیشا کوئرالہ نے نیپال میں مظاہرین کیخلاف جاری پرتشدد کریک ڈاؤن پر اپنا ردعمل دے دیا ہے۔منیشا نے سوشل میڈیا پر نیپالی زبان میں ایک پیغام جاری کیا ہے جس کیساتھ خون سے بھرے ایک جوتے کی تصویر بھی شیئر کی ہے۔اداکارہ نے نیپالی زبان میں لکھا کہ 'آج نیپال کیلئے ایک سیاہ دن ہے جب گولیوں کے ذریعے عوام کی آواز دبانے کی کوشش کی گئی اور بدعنوانی کیخلاف عوام کے غصے اور انصاف کے مطالبے کا جواب گولیوں سے دیا گیا'۔اداکارہ کی جانب سے یہ پیغام جنریشن زی کے مظاہرین پر ہونے والے پرتشدد کریک ڈاؤن کے بعد سامنے آیا ہے جنہوں نے بدعنوانی اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر حکومت کی متنازع پابندی کے خلاف ملک گیر احتجاج کیا تھا۔واضح رہے کہ نیپال میں جنریشن زی کی جانب سے وزیر اعظم کے پی شرما اولی کی سوشل میڈیا پر پابندی کے خلاف مظاہرے ہوئے جن کے نتیجے میں 21 اموات ہوچکی ہیں اور 250 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔

اداکارہ کاجل اگروال انتقال کر گئیں؟ افواہیں گرم

اس سے قبل بھی اداکارہ کی موت کی خبریں سامنے آچکی ہیں

لاہور(شوبز رپورٹر)جنوبی بھارتی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ کاجل اگروال نے سوشل میڈیا پر اپنی خیریت سے آگاہ کرتے ہوئے افواہوں کی سختی سے تردید کی ہے جن میں ان کی موت کا دعویٰ کیا گیا تھا۔بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ کی فلم سنگھم میں اجے دیوگن کیساتھ ان کی گرل فرینڈ کے کردار کیلئے مشہور 40 سالہ کاجل اگروال نے ان دنوں سوشل میڈیا پر گردش کرتی موت کی خبروں پر ردعمل دے دیا ہے جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ وہ ایک روڈ حادثے میں ہلاک ہوگئی ہیں۔یہ بے بنیاد خبریں سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر تیزی سے وائرل ہوئیں، جن سے پریشان ہوکر اداکارہ نے خود سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے وضاحت کی کہ وہ مکمل طور پر صحت مند اور محفوظ ہیں۔

سری دیوی نے آخری فلم کے دوران شوہر بونی کپور کیساتھ ایک کمرے میں رہنے سے کیوں انکار کیا؟

لاہور(شوبز رپورٹر)بھارتی پروڈیوسر اور آنجہانی اداکارہ سری دیوی کے شوہر بونی کپور نے انکشاف کیا ہے کہ سری دیوی نے فلم 'موم' کی شوٹنگ کے دوران ان کیساتھ ایک کمرے میں رہنے سے انکار کردیا تھا۔ایک انٹرویو میں بونی کپور جو کہ 2017 کی فلم 'موم' کے پروڈیوسر بھی تھے، نے بتایا کہ ان کی اہلیہ سری دیوی اپنے کام سے بے حد محبت کرتی تھیں اور کردار میں پورا اترنے کیلیے ہر ممکن کوشش کرتی تھیں۔بونی کپور نے انکشاف کیا کہ فلم موم میں سری دیوی ایک ماں کا کردار ادا کر رہی تھیں جس کی بیٹی کیساتھ ریپ ہوا ہے اس لئے انہوں نے میرے ساتھ ایک کمرے میں رہنے سے بھی انکار کردیا تھا کیونکہ وہ اس فلم کی شوٹنگ کے دوران صرف ایک ماں کے طور پر رہنا چاہتی تھیں اور زندگی کے حقیقی رشتوں سے بھی خود کو دور رکھنا چاہتی تھیں۔

حدیقہ کیانی سیلاب متاثرین کی مدد کیلیے پیش پیش، برقعہ پہن کر خریداری کی، ویڈیو وائرل

لاہور(شوبز رپورٹر)فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والی پاکستانی گلوکارہ حدیقہ کیانی پنجاب کے سیلاب متاثرین کی مدد کیلیے میدان میں آگئیں۔گلوکارہ کئی روز سے پنجاب کے مختلف اضلاع میں سیلاب متاثرین کیلیے امدادی کاموں میں سرگرم ہیں۔انہوں نے حال ہی میں سیلاب متاثرین کیلیے ضروری سامان کی خریداری منفرد انداز سے کی اور وہ خود برقع پہن کر بازار گئیں۔حدیقہ کیانی بازار میں تھیں کہ اس دوران بارش بھی شروع ہوئی جس کے دوران انہوں نے چھتری بھی استعمال کی۔اس کے علاوہ انہوں نے متاثرین کیلیے لحاف، کمبل کی خریداری کرتے وقت دکاندار سے بھاؤ تاؤ بھی کیا۔

قتل کیس میں نامزد اداکار نے عدالت سے زہر دینے کا مطالبہ کردیا

لاہور(شوبز رپورٹر)قتل کے الزام میں گرفتار جنوبی بھارتی اداکار درشن تھوگودیپا نے عدالت سے زہر دینے کا مطالبہ کردیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست کرناٹک کے شہر بنگلورو کی عدالت میں رینوکا سوامی قتل کیس کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت عدالت نے اداکار درشن تھوگودیپا کی جانب سے دائر کی گئی پیرا اپنا اگرہارا سینٹرل جیل سے بلاری جیل منتقل کرنے کی درخواست مسترد کر دی۔جس پر اداکار نے عدالت سے اپیل کی کہ انہیں زہر دے دیا جائے کیونکہ عدالت کی جانب سے ان کی جیل منتقلی کی درخواست درشن کی بگڑتی صحت کی وجہ سے مسترد ہوئی تھی۔اداکار نے عدالت کو بتایا کہ وہ فنگل انفیکشن میں مبتلا ہیں جب کہ انہوں نے ایک ماہ سے سورج نہیں دیکھا ہے تاہم جیل منتقلی کی کوئی خاص وجہ نہ ہونے پر عدالت نے جب درشن کی درخواست کو مسترد کردیا تو اداکار نے دلبرداشتہ ہوکر عدالت میں کہا'براہ کرم مجھے زہر دے دیں، زہر دینے کا حکم جاری کردی'۔

پاکستان میرا گھر ہے مجھے گھر کی یاد آ گئی، سنجے دت کی ویڈیو وائرل

اداکار سنیل دت کے آباواجداد راولپنڈی سے تعلق رکھتے تھے

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ کے معروف اداکار سنجے دت کی ایک پرانی ویڈیو سوشل میڈیا پر دوبارہ وائرل ہورہی ہے جس میں وہ اپنے والد، اداکار سنیل دت کے پاکستان سے متعلق جذباتی لمحات کے بارے بات کر رہے ہیں۔ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سنجے دت بتا رہے ہیں ایک رات دیر سے گھر واپس آئے تو دیکھا کہ ان کے والد تنہا کمرے میں آبدیدہ ہوئے نظر آئے۔سنجے دت سمجھے کہ انہیں والدہ کی یاد آرہی ہوگی، لیکن جب انہوں نے والد سے بات کی تو معلوم ہوا کہ وہ اپنا اصل گھر، پاکستان یاد کر رہے ہیں۔سنجے دت نے بتایا کہ ان کے والد نے کہا تھا کہ انہیں نیند نہیں آرہی کیونکہ انہیں اپنا گھر اپنا پاکستان یاد آرہا ہے۔انہوں نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا اور والد کو سمجھانے کی کوشش کی کہ ان کا گھر یہی ہے، مگر والد نے پنجابی میں کہا کہ'پاکستان میرا گھر ہے مینو گھر دی یاد آ گئی'۔

عبیر گلال کیلئے بے حد دباؤ میں تھا، فواد خان کا انکشاف

فواد خان کونسی باتوں کو لے کر پریشانی کا شکار رہتے ؟

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان کا کہنا ہے کہ وہ بھارتی فلم عبیر گلال کیلئے بے حد دباؤ میں مبتلا تھے۔اداکار فواد خان نے حالیہ انٹرویو میں اپنی نئی رومانوی فلم 'عبیر گلال' کرنے کے فیصلے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ سینما میں شدت، سنجیدگی اور پرتشدد موضوعات کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے اور ایسے میں ایک ہلکی پھلکی اور سادہ رومانوی فلم کی بے حد ضرورت محسوس ہوتی ہے۔فواد کے مطابق ان کی اور بھارتی اداکارہ وانی کپور کی یہ فلم ایک 'پیلٹ کلینزر' ہے جیسے سادہ اجزاء سے بنی وہ غذا جس میں ہر ذائقہ الگ محسوس ہو۔فلم میں فواد کے ساتھ بھارتی اداکارہ وانی کپور مرکزی کردار میں نظر آئیں تاہم اس فلم کو ریلیز کے حوالے سے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔فلم کی ریلیز کو لے کر پیش آنے والی مشکلات پر بات کرتے ہوئے فواد خان کا کہنا تھا کہ وہ اس فلم کی ریلیز کو لے کر پریشان تھے اور ان پر بے حد پریشر تھا۔یاد رہے کہ فواد خان اور وانی کپور کی فلم عبیر گلال پاکستان اور متحدہ عرب امارات سمیت کئی غیر ملکی ممالک میں 12 ستمبر کو سینما گھروں میں دکھائی جائے گی تاہم بھارت میں اس فلم کو ریلیز نہیں کیا جارہا۔

سلمان خان نے فلم انڈسٹری میں زندگیاں برباد کرنے کے الزام پر خاموشی توڑ دی

یہ ردعمل سلمان خان نے اس وقت دیا جب شہباز گل نے اپنے بھائی شہباز بدیشا کو وائلڈ کارڈ انٹری کے طور پر واپس شو میں متعارف کروایا

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ کے بھائی جان سلمان خان نے فلم انڈسٹری میں زندگیاں برباد کرنے کے الزام پر ردعمل دے دیا۔بگ باس 19 کی حالیہ قسط میں سلمان خان نے واضح کیا کہ وہ انڈسٹری میں کسی کی بھی زندگی کو سنوارنے یا بگاڑنے کے ذمہ دار نہیں ہیں۔انہوں نے شہناز گل سے کہا کہ وہ کسی کا کیریئر بنانے یا برباد کرنے کے بھی ذمے دار نہیں ہیں۔یہ ردعمل سلمان خان نے اس وقت دیا جب شہناز گل نے اپنے بھائی شہباز بدیشا کو وائلڈ کارڈ انٹری کے طور پر واپس شو میں متعارف کروایا اور سلمان خان سے کہا کہ میں آپ کیلیے ایک گزارش لے کر آئی ہوں، آپ نے بہت سے لوگوں کا کیریئر بنایا ہے۔اس پر سلمان خان نے واضح کیا کہ وہ کسی کا کیریئر بنانے کا ذمہ دار ہرگز نہیں ہوں بلکہ اوپر والا ہے بلکہ مجھ پر تو یہ الزام ہے کہ میں نے کئی لوگوں کے کیریئر برباد کیے ہیں۔سلمان خان کا کہنا تھا کہ میں کسی کا کیریئر برباد کردوں یہ میرے اختیار میں ہی نہیں، اگر میں کسی کا کیریئر برباد کروں گا تو وہ میرا اپنا ہی ہوگا۔

بقیہ 1

قبول کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں،نواز شریف کی آئیڈیالوجی کو قبول کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کرتی ہوں،اب ہم پھر دن رات محنت کریں گے، یہ ترقی، بہتری، بھلائی اور عوام کی فتح ہے،نواز شریف کو ووٹ دینے کے لئے آنے والے بزرگ اور ویل چیئر پر آنے والی خاتون کا خصوصی شکریہ ادا کرتی ہوں،لوگوں نے محفوظ اور ترقی یافتہ پنجاب کو ووٹ دیا، تمام امیدواروں کو مبارکباد،شہباز شریف کی محنت رنگ لائی۔صوبائی وزراء اور سیکرٹریز سے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جب پتہ ہوتا ہے کہ الیکشن ہار جانا ہے تو تب بائیکاٹ کیا جاتا ہے۔ضمنی الیکشن نہیں بلکہ ریفرنڈم تھا، پنجاب اور کے پی کے عوام نے مسلم لیگ ن کے حق میں فیصلہ دیا۔ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) نے اپنی ہی پہلے ہاری ہوئی تمام سیٹیں جیتی ہیں۔ فیصل آباد، سرگودھا، چک جھمرہ، ڈی جی خان، ساہیوال اور ہری پور میں مسلم لیگ (ن) نے میدان مارا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے امیدواروں کی فتح پاکستان کے لئے خوش آئند ہے۔ ایک بت تخلیق کرکے اسے پوری ریاست نے پاور دی،وہ بت پاش پاش ہوگیا۔مصنوعی طور پر تیار کردہ بت کی شیلف لائف ختم ہوگی۔ مصنوعی بت کو عوام نے رد کیا ہے۔ ہمارے پارٹی کے کچھ لوگ بھی بیانیے کی سیاست کا کہتے تھے۔ پارٹی ارکان کہتے تھے کہ مسلم لیگ (ن) نے جو ترقیاتی کام کیے اور کر رہی ہے اس کا فائدہ نہیں ۔کہا جاتا تھا سیاسی جماعتیں ترقیاتی کاموں سے نہیں بلکہ بیانیے سے جیتتی ہے۔ پاکستان کی عوام گواہ ہے کہ بیانیے والی جماعت نے پاکستان کا کیا حال کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیانیہ کسی سچائی پر ہونا چاہیے،جھوٹ کسی حد تک بولا جا سکتا ہے، پرفارمنس سے بہتر کوئی بیانیہ نہیں ہوسکتا۔نہ فیض نہ عمران دار جج تو مقبولیت کی قلعی سب پر کھل گئی۔ شیلف لائف ختم ہوئی تو بت دھڑام سے گرگیا۔قائد نواز شریف کی قیادت میں 2017ء سے پہلے بیانیہ نہیں بلکہ ترقیاتی کاموں پر یقین کیا جاتا تھا۔نواز شریف کے دورحکومت میں پورے ملک میں سی پیک،موٹرویز اور بجلی کے منصوبے لگ رہے تھے۔ دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی تھی اور اسٹاک مارکیٹ بلندیوں کو چھو رہی تھی۔جب نواز شریف کو نکالا گیا تو پاکستان کی طرف کا اطراف سب کر رہے تھے۔ اگر بیانیہ سچے ہوتو بھی لوگوں یقین کرتے ہیں ورنہ جھوٹے بیانیے پر کوئی زیادہ دیر یقین نہیں کرتا۔ حکومتوں کے پاس ترقیاتی کاموں کے علاوہ کوئی بیانیہ نہیں ہوتا۔ جن کے پاس صرف بیانیہ تھا وہ بڑے آرام سے ضمنی الیکشن میں نیچے گرگئے ۔ جب کوئی مشکلات میں گرا ہو تو لوگ ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے مشکل سے مشکل حالات میں بھی الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کیا۔ الیکشن کا بائیکاٹ وہی کرتے ہیں جنہیں پتا ہوتا کہ ان کے پاس عوام کو دکھانے کے لئے کچھ نہیں ہے۔ میں پہلی خاتون تھی جسے ان کے دور میں جیل میں ڈالا گیا لیکن ہم نے بائیکاٹ نہیں کیا۔ پی ٹی آئی حمایت یافتہ امیدواروں نے قیدی نمبر 804 کی تصویروں کے ساتھ الیکشن لڑا، یہ منافقت نہیں تو کیا ہے؟ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مقبولیت کے دعوے کرنے والے ضمنی الیکشن میں کہیں نظر نہیں آئے۔ 2018ء میں نواز شریف کی مقبولیت کی وجہ سے پر پانچ ہفتے تک الیکشن کا رزلٹ رکوانے پڑا، آر ٹی ایس بیٹھانا پڑا۔ آج نہ ہی فیض ہے اور نہ ہی کوئی عمران دار ججز جو اس پارٹی کو سپورٹ کرے۔ 2017ء میں میری والدہ نے تاریخ کا مشکل ترین الیکشن لڑا۔ضمنی الیکشن میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پری الیکشن اور پوسٹ الیکشن دھاندلی کے باوجود 14 ہزار کی لیڈ سے الیکشن جیتا۔ فیض اور ریاست کی پوری طاقت مخالف امیدوار کے ساتھ تھی،سٹیٹ کے سامنے کھڑا ہونا آسان نہیں ہوتا۔ الیکشن جیتنے کے لئے نہیں لڑتے بلکہ جمہوری رویہ کو برقرار رکھنا پڑتا ہے۔اسلام آباد اور گلگت بلتستان میں ہمیں صرف دو سیٹ ملنے کا بتایا دیا گیا تھا۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بہت بڑے عوامی جلسے کرکے بتادیا کہ عوام ہمارے ساتھ ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈسکہ الیکشن 2021 میں دھاندلی ہوتے پوری دنیا نے دیکھا۔ 2021ء میں میں ضمنی الیکشن میں فائرنگ بھی کی گئی لیکن اس کے باوجود ہم نے ان کے منہ سے الیکشن جیتا۔ اس وقت بھی حکومت اور حکومتی مشینری مسلم لیگ (ن) کے خلاف کھڑی تھی۔ ڈسکہ کے ضمنی الیکشن میں پی ٹی آئی کے لوگوں ووٹر باکس اٹھا کر بھاگے تھے۔ پنجاب میں اگر بائیکاٹ تھا تو کے پی کے میں بائیکاٹ نہ کرنا انتظامیہ کی ملی بھگت پر یقین تھا۔الحمدللہ کے پی کے میں بھی لوگوں نے مسلم لیگ (ن) کو جتوایا۔ پنجاب میں بائیکاٹ کیا تو کے پی کے میں الیکشن کا بائیکاٹ کیوں نہیں کیا؟ کے پی کے میں مشینری ان کی اپنی تھی اس کے باوجود عبرتناک شکست ہوئی۔ بیانیہ سے پیٹ نہیں بھرتے، ترقی نہیں ہوتی، پہلے دن سے کہہ رہی ہوں کہ صرف بیانیہ کافی نہیں کام کرنا پڑتا ہے۔ان کا بیانیہ، جھوٹا، چور، گریبان پکڑلوں کے علاوہ کیا ہوتا ہے؟ ہم نے بدلہ لیا نہ بدلہ لیں گے، بلکہ بدلے میں تاریخ کے کوڑے دان میں اٹھا کر پھینکیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کے پی کے میں لوگ بیانیے سے تنگ آ چکے ہیں۔ کے پی کے میں کوئی ترقیاتی کام نہیں صرف بیانیے بیچا جارہا ہے۔ وفاق اور پنجاب میں موجودہ حکومت قائد محمد نواز شریف کی ہی حکومت ہے۔ نواز شریف ہر لمحہ مجھے اور شہباز شریف صاحب کو حکومتی امور کے بارے میں بتاتے رہتے ہیں۔ ضمنی الیکشن میں جیت کو نواز شریف اور پنجاب کے عوام اور کے پی کے عوام کی نظر کرتی ہوں۔ ایک بزرگ سے موجودہ وزیراعلیٰ کے پی کے نے جوتے کا تسمہ بند کرایا ،ویڈیو ریلیز کی یہ تذلیل ہے۔ شہدائے کے لواحقین کو اپنے گھر بلا کر تعزیت کرنا بھی تذلیل کے مترادف ہے۔ دنیا ترقیاتی دور میں داخل ہوچکی جبکہ کے پی کے پتھر کے دور میں چلا گیا ہے۔ کے پی کے میں کرپشن کے ڈھیر ہیں اور تکیوں کے نیچے سے پیسے نکل رہے ہیں۔ پشاور کا اتنا برا حال ہے تو باقیوں کا کیا حال ہوگا؟ کے پی کے لوگ کب تک صرف سوکھے بیانیے پر گزارہ کریں گے۔ پورے کے پی کے سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات میسر نہیں۔لوگ کے پی کے سے علاج کرانے کے لئے پنجاب آتے ہیں، ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔ پونے دو سال میں شہباز شریف اور مریم نواز شریف کی کارکردگی پر لوگوں نے مہر ثبت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاپولر لیڈر کبھی بھی الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کرتا۔ تمام جماعتوں سے کہتی ہوں کہ آئیں پاپولر بیانیہ کی بجائے ترقیاتی کاموں کی طرف توجہ دیں۔ پنجاب کے اندر مہنگائی کنٹرول اور روٹی سستی مل رہی ہے۔ پورے پنجاب میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت گھر گھر سے کوڑا کرکٹ اور گلی محلوں سے کوڑا اٹھایا جا رہا ہے۔ صوبے بھر میں 20 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر مرمت کی جارہی ہے۔ ہسپتالوں میں 100 ارب روپے کی فری میڈیسن دی جارہی ہے۔گزشتہ حکومت نے سرکاری ہسپتالوں میں فری میڈیسن کو بند کردیا گیا تھا۔صحت کارڈ نواز شریف کا منصوبہ اس منصوبہ کو کرپشن کی نظر کردیا گیا۔دل کے مریض، ہیپاٹائٹس، ٹی بی اور انسولین کے مریضوں کو فری میڈیسن ان کے گھر تک دوائی پہنچائی جارہی ہے۔ رمضان المبارک میں لوگوں کے گھر پر دستک دیکر راشن دیا جاتا۔ 10 ماہ کی قلیل مدت میں ایک لاکھ 15 ہزار گھر اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام تحت بن رہے ہیں۔ پہلی مرتبہ پنجاب میں فرٹیلائزر کی کوئی کمی نہیں ہے۔ گرین بسیں ہر شہر میں صرف 20 روپے میں عوام مستفید ہورہے ہیں۔ 80 ہزار سکالر شپ غریب اور نادار طلبہ کو پنجاب حکومت دے رہی ہے۔ دوسرے صوبوں کے طلبہ بھی پنجاب حکومت کی طرز پر سکالر شپ پروگرام شروع کرنے کی امید رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دوسرے صوبے ہمارے پراجیکٹ کو کاپی کر سکتے ہیں تو ہمیں خوشی ہوتی ہے۔ ہماری حکومت آنے سے پہلے صوبہ پنجاب جرائم کا گڑھ بن چکا تھا۔ تنخواہ دار طبقے سے تنخواہ چھینی جارہی تھی، بھتہ خوری عروج پر تھی۔ آج الحمدللہ خواتین کے لئے محفوظ ترین صوبہ بن گیا ہے۔ پنجاب میں 70 فیصد جرائم میں کمی آچکی ہے۔ تمام قبضہ مافیا، بھتہ خور، ڈکیت اور سب انڈر گراؤنڈ ہوگئے ہیں۔خواتین کی حفاظت کے لئے تمام بسوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔ خواتین کے لئے وومین ورچوئل پولیس اسٹیشن میں اپنی شکایت درج کراسکتی ہیں۔ موذی مرض کا علاج بھی پنجاب میں مفت کیا جارہا ہے۔ پنجاب کا کسان گندم بوائی میں سب سے آگے ہیں۔کلینک آن ویل اور فیلڈ ہسپتال میں پونے دو کروڑ لوگوں کو علاج کیا گیا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں پہلی مرتبہ میڈیسن فری کے اعلانات کیے جارہے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں 11 لاکھ بچوں کو غذائیت سے بھرپور دودھ فراہم کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سپیشل چلڈرن بچوں کے لئے ہر ضلع میں سپیشل سنٹر آف ایکسی لینس بنارہے ہیں۔ دو ماہ قبل تاریخ کا بدترین فلڈ آیا تھا، لیکن تاریخ ریکارڈ کام کیے گئے۔ پوری انتظامیہ نے ایک ٹیم بن کر فلڈ میں لاکھوں جانوں کو بچایا گیا۔ ایک ماہ کے اندر سیلاب متاثرہ علاقوں کو سروے کیا گیا اور ان کا حق ان کو دیا گیا۔ سیلاب متاثرہ لوگوں کی مدد کے لئے دنیا سے ہاتھ پھیلانا پنجاب کے عوام کی تذلیل سمجھتی ہوں۔ دوسرے صوبے کے لوگوں کو بھی اپنی حکومت سے پوچھنا چاہیے کہ ہمارے وسائل کیا ہے۔ آج دنیا لاہور کی ترقی اور صفائی ستھرائی دیکھ کر حیران ہوجاتے ہیں۔ گزشتہ سال لاہور میں سموگ نے پورے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ ہر سال لاہور میں سکول، مارکیٹیں، شادی ہالز کو سموگ کی وجہ سے بند کرنا پڑتا تھا۔ اس سال لاہور میں سموگ کی وجہ سے کسی بھی ادارے یا مارکیٹ کو بند نہیں کیا گیا۔ آج ہم نے قیدی نمبر 804 کو اس کے گھر میں شکست دی تو صرف ترقیاتی پراجیکٹس کی وجہ سے دی۔ لوگوں کو سوشل میڈیا کے سے پتہ چل رہا ہے کہ کے پی کے اور پنجاب میں کیا ہورہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جو بچے کے پی کے میں وسائل نہیں رکھتے وہ چاہتے کہ انہیں بھی اسکالرشپ، گرین بسیں، سڑکیں تعمیر ہوں۔ سیاسی جدوجہد جیتنے کے لئے نہیں بلکہ اپنے آپ کو منوانے کے لئے ہوتی ہے۔ آج ترقیاتی کے نام پر مسلم لیگ ن میانوالی سے الیکشن جیتا۔ فیض حمید اور بابا ڈیم نے ایک شخص کو وزیراعظم بنایا تھا۔ ساڑھے تین سال جادوٹونے کی حکومت نے میانوالی کچھ بھی نہیں کیا،ساڑھے تین سال تک حکومت جادوٹونے پر چلائی جارہی تھی۔ نواز شریف صاحب اور مجھے ایک ہی سیل میں ہونے کے باوجود ملنے نہیں دیا جاتا تھا۔ نواز شریف صاحب اور مجھے اپنی والدہ کی موت کی خبر جیل کے سیل میں ملی۔ جب آپ پاکستان پر حملہ آور ہوں گے تو سیاسی جماعت کہنے کا کوئی حق نہیں۔ جن امراض کا علاج پاکستان میں نہیں ہوتا تھا ان کے لئے ہسپتال بنا رہے ہیں۔ دو کروڑ لوگوں کو گھروں کی دہلیز پر علاج کی سہولت دے رہے ہیں۔ ٹائپ ٹو ذیابیطس کے مریضوں کو بھی انسولین گھروں تک پہنچائیں گے۔ لاہور میں 30 ہزار بچوں کو لنچ دیا جارہا، پنجاب بھر میں 40 ہزار سپیشل بچوں کو لنچ دے رہے ہیں۔ سموگ پر پچھلے سال کا موازنہ کریں گے تو زمین و آسمان کا فرق ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر سال مریضوں کی لائنیں لگ جاتی تھی، سکول اور مارکیٹ بند کرنی پڑتی تھی ۔ بیانیہ اور قیدی نمبر 804 کو شکست دی، ہری پور میں (ن) لیگ نے گھر میں گھس کر مارا۔ قیدی نمبر 804 کے نام سے کب تک لوگوں کے پیٹ بھرے گئے۔ پنجاب میں کرپشن کا خاتمہ کیا، پیرا بننے کے بعد تجاوزات نظر نہیں آتیں۔ سیاسی جدوجہد کرکے میانوالی سے ن لیگ جیتی۔ میانوالی کی جس سیٹ سے وزیراعظم بنے وہاں کے حالات دیکھنے والے تھے۔ میانوالی نے ہمیں ووٹ نہیں دیا تو اس کے باوجود الیکٹرک بس کا آغاز میانوالی سے کیا۔ کیونکہ ہمیں میانوالی اور پنجاب کے لوگوں سے پیار ہے۔ ہم چائنہ پاکستان کوریڈور بنارہے تھے، یہ گوگی پنکی اکنامک کوریڈور بنارہے تھے۔ عالمی ادارے لکھ رہے تھے ملک جادوٹونے پر چل رہا تھا۔ جیل میں مجھے تو بیٹی روتی ہوئی آتی تھی اور روتی ہوئی جاتی تھی۔ ایک ہی جیل میں ہونے کے باوجود مجھے نواز شریف سے ہفتہ میں ایک ہی مرتبہ صرف 20 منٹ کی اجازت ملتی تھی۔ ماں کی موت کی خبر جیل میں ملی لیکن الیکشن کا بائیکاٹ پھر بھی نہیں کیا۔ آپ قانون توڑیں گے تو سیاسی جماعت کہلانے کا حقدار نہیں۔

بقیہ 2

کی مرکزی درخواست (آج) منگل کو سماعت کے لیے مقرر کردی۔ پیر کو لاہور ہائی کورٹ میں 9 مئی کا صرف ایک مقدمہ چلانے کی متفرق درخواست بحال کرنے سے متعلق سماعت ہوئی۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست بحال کرنے کی متفرق درخواست منظور کرلی۔ دوران سماعت وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ آفس کو پتہ نہیں مجھ سے کیا ضد ہے، میرا نام لسٹ میں کیوں نہیں آتا؟ جس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ آپ کو پتہ نہیں عدالت سے کیا ضد ہے جو پریس میں عدالت کی غلط خبریں دیتے ہیں۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ میں نے تو کوئی غلط خبر نہیں دی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ یہ جو آپ کے ساتھ انتظار پنجوتھہ کھڑے ہیں ان سے پوچھیں، گزشتہ ساعت پر کیس کال کیا گیا مگر کوئی وکیل موجود نہیں تھا، باہر جا کر کہا گیا کہ عدالت ہمیں بتائے بغیر کیس لگا دیتی ہے، یہ روسٹرم جب خالی ہوتا ہے تب نظر آتا ہے، ہم چہرہ دیکھ کر تو کیس سنتے ہی نہیں، جتنا ریلیف میری عدالت سے آپ کو ملا شاید کسی عدالت سے ملا ہو، کہا گیا کہ ہڑتال تھی مگر میری عدالت میں تو کیس لگے تھے ۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ ہڑتال بھی ہم عدالت کی عزت کیلئے کرتے ہیں، اپنے لیے نہیں کرتے، میں اس کیس میں سینئر وکیل ہوں مگر لسٹ میں میرا نام نہیں آیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ ابھی تک کوئی ایسا فلٹر نہیں آیا جس سے کسی وکیل کا نام نکالا جاسکے۔ وکیل انتظار پنجوتھہ نے کہا کہ آفس سے ہمیں بتایا گیا کہ کیس نہیں لگا۔ جس پر چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے کہا کہ کیا آپ نے اپنی درخواست میں یہ چیزیں لکھی ہیں، جب کوئی غلط بات کرتے ہو اسے تسلیم بھی کرنا چاہیے۔ وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ آپ سے درخواست ہے کہ اتنی ٹیکنیکلٹی میں نہ پڑیں، وکیل صاحب آپ سے معذرت کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے وکیل انتظار پنجوتھہ کو ہدایت دی کہ آپ پیچھے بیٹھیں سردار صاحب کو آگے آنے دیں۔ میری عدالت میں اتنے وکیل نہ آیا کریں، ایک ہی وکیل کافی ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ سماعت پر عدالت نے عدم پیروی کی بنیاد پر درخواست خارج کر دی تھی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی پر 9 مئی کے متعدد مقدمات درج کیے گئے ہے، بانی پی ٹی آئی پر تمام مقدمات میں الزام ایک ہی نوعیت کے ہیں، ایک ہی الزام میں متعدد مقدمات درج کرنا خلاف قانون ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ بانی پی ٹی آئی پر 9 مئی کے تمام مقدمات ختم کر کے ایک ہی مقدمہ چلانے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 3

گئیں۔ پیر کو وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام کی جانب سے جاری بیان کے مطابق شزہ فاطمہ خواجہ جی ایس ایم اے موبائل ورلڈ کانگریس میں پاکستان کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ وفاقی وزیر جی ایس ایم اے منسٹریل پروگرام میں شرکت کریں گی۔ شزہ فاطمہ ڈیجیٹل گورننس وزرتی پالیسیز فار اے ڈیجیٹل فیوچر پر کلیدی خطاب کریں گی۔ شزہ فاطمہ جنوبی ایشیا مشرق وسطیٰ کی ترقی کا نیا دور پاکستان پر خصوصی توجہ میں بھی خطاب کریں گی۔ وفاقی وزیر ڈیجیٹل نیشنز اے پی اے سی ڈائیلاگ علاقائی اثرات کے لئے پالیسی انوویشن اور سرمایہ کاری میں پاکستان کا موقف پیش کریں گی۔ شزہ فاطمہ کی ملاقات انجینئر عبدالرحمن الملکی صدر نیشنل سائبر سیکیورٹی ایجنسی قطر (این سی ایس اے) سے ہوگی۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر کی ملاقات محمد علی محمد المنعی وزیر مواصلات واطلاعات ریاست قطر سے بھی ہوگی۔ شزہ فاطمہ کی ملاقات عبدالرحمن السویدی سی ای او قطر ڈویلپمنٹ بینک سے بھی ہوگی۔

بقیہ 4

گ ب فیصل آباد وکٹری چیچ دیتے ہوئے کہا انہوں نے کہ میں حلقہ کے عوام کا شکر گزار ہوں جنھوں نے مسلم لیگ ن اور بلال بدر چوہدری پر اعتماد کا اظہار کیا۔ جڑانوالہ کی عوام نے وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت، گورنس، پالیسیوں، فیصلوں اور کاموں پر اعتماد کرتے ہوئے کارکردگی کو ووٹ دیا ہے۔ حلقہ کے عوام، سیاسی، سماجی اور ذات برادری کی قیادتوں کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مسلم لیگ ن اور بلال بدر چوہدری کو فتح دلا کر ہماری عزت افزائی کی۔ جڑانوالہ کی عوام سے کئے گئے وعدے پورے کریں گے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز میری لیڈر اور بہن ہے۔ مجھے کبھی خالی ہاتھ نہیں لوٹائے گی۔ حلقہ جڑانوالہ کی عوام کے مطالبات کو پورا کرواں گا۔ جیت کے لئے شک میرے بھائی کی ہوئی ہے لیکن یہ سیٹ میاں نواز شریف کی ہے۔ گزشتہ الیکشن میں جو سیٹ مجھے نہیں ملی تھی اب میرے بھائی کو ملی ہے۔ ہم کچھ بھی نہیں ہم پر لوٹے نہیں ہیں۔

بقیہ 5

ضمنی انتخابات میں تاریخی کامیابی پر پنجاب کے عوام اور (ن) لیگ کے شیروں کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں ووٹ دے کر پنجاب حکومت کی کارکردگی اور بھرسے کو ملا اور آج ایک بار پھر عوام نے ثابت کردیا کہ (ن) لیگ پر ان کا اعتماد پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکا ہے۔ بلال اکبر خان کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن، ان کی محنت اور بے لوث خدمت عوام کے دل جیت چکی ہے۔ اس لیے واویلا کرنے والوں کو پتہ ہونا چاہیے کہ کھوکھلے نعروں سے عوام متاثر نہیں ہوگی۔ پنجاب کی ہر شعبے میں تیزی سے ترقی و خوشحالی حقیقت بن چکی ہے۔ اور اب الزام تراشی سے نہیں بلکہ عوام کی خدمت کر کے ہمارا مقابلہ کرنا سکیں۔

بقیہ 6

خودکش حملہ آور نے خود کو مرکزی گیٹ پر اڑایا۔ ڈاکٹر میاں سعید نے کہا کہ دو خودکش حملہ آور فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کے اندر داخل ہوئے، فیڈرل کانسٹیبلری کے اہلکاروں نے دونوں حملہ آوروں پر فائرنگ کی، تینوں خودکش حملہ آور مارے گئے ہیں۔ سی سی پی او پشاور نے کہا کہ دہشتگردوں کے حملے کے باعث سنہری مسجد روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری جاوید اقبال کے مطابق خودکش حملے میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 3 اہلکار شہید ہوئے ہیں۔ فیڈرل کانسٹیبلری کے جوانوں نے بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے، حملے کے بعد ریسکیو ٹیمیں اور پولیس کی بھاری موقع پر پہنچی، آخری اطلاعات تک ہیڈکوارٹر میں کلیئرنس آپریشن جاری تھا۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے آئی جی ذوالفقار حمید نے کہا کہ ایک دھماکا مین گیٹ پر اور دوسرا موٹر سائیکل اسٹینڈ پر ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 حملہ آور مارے جا چکے ہیں۔ ہسپتال حکام کے مطابق حملے میں 10 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ تمام زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں 9 زخمیوں کو لایا گیا، ایک زخمی خیبر ٹیچنگ ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمیوں میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 3 اہلکار اور 6 شہری شامل ہیں تاہم زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ حملے سے متعلق علاقہ مکینوں نے بتایا کہ ایف سی ہیڈ کوارٹر کی جانب سے فائرنگ کی آوازیں سنائی دیں۔ ترجمان ریسکیو کے مطابق دھماکے کے 5 زخمیوں کو ایل آر ایچ منتقل کیا گیا، زخمیوں کی حالت تسلی بخش ہے، زخمیوں میں دو ایف سی اہلکار بھی شامل ہیں، زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے تاہم ڈی سی پشاور ثناء اللہ نے کہا کہ پشاور کے تمام ہسپتالوں کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب حملے کے بعد انتظامیہ نے سکیورٹی خدشات کے باعث بی آر ٹی سروس عارضی طور پر معطل کردی ہے ادھر سی سی پی او نے بتایا کہ ملک سمیت خیبر پختونخوا ابھی امن وامان کے حوالے سے ہائی الرٹ ہے، ایف سی جوان بالکل الرٹ تھے جوان بالکل الرٹ تھے، اس لیے خودکش حملہ آوروں کو اندر داخل ہونے ہی نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ خودکش حملہ آور فیڈرل کانسٹیبلری کی بیرک میں جا کر لوگوں کو یرغمال بنا سکتے تھے۔ فیڈرل کانسٹیبلری کے الرٹ جوانوں نے فوری ریسپانس کیا،حملہ آوروں کی شناخت کے لیے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ صدر، کوہاٹ روڈ میں صبح تقریباً آٹھ بجے فتنہ الخوارج کے خوارجین نے فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پر حملے کی ناکام کوشش کی، خوارجین نے فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کے گیٹ پر خودکش دھماکا کیا۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ خودکش دھماکے کے بعد دو خوارجین نے ہیڈکوارٹر میں گھسنے کی کوشش کی جن کو مار دیا گیا، تینوں حملہ آور جہنم واصل ہو چکے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ابتدائی تحقیقات میں شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیئے ہیں، دھماکہ اس وقت ہوا جب کوارٹر میں پریڈ جاری تھی، پریڈ کے وقت 450 اہلکار موجود تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ 3 خودکش حملہ آور پیدل آئے، تمام دہشت گردوں نے خودکش بمبار جیکٹس پہنی تھیں، دہشت گردوں کی عمریں 18 سے 22 سال کے درمیان تھیں۔ بتایا گیا کہ دہشت گرد منصوبہ بندی کے تحت آئے تھے، دہشت گردوں کا ٹارگٹ پریڈ تھی۔

بقیہ 7

کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ضمنی انتخابات میں کامیاب ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کو مبارک باد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ الحمدللہ۔۔۔ پاکستان کی خدمت کرنے والوں کو پاکستان کے عوام نے پھر سے سرخرو کردیا، نفرت، تقسیم اور فساد کا باب ختم، خدمت اور ترقی کا نیا عہد شروع ہو چکا ہے، وقت بدل گیا، عوامی ترجیح بدل گئی، پاکستان آگے بڑھ چکا ہے اب خدمت کو مینڈیٹ ملتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی واضح جیت دراصل عوام کی جانب سے ترقی کے سفر کو مزید تیزی سے بڑھانے کا پیغام ہے۔ مریم نواز شریف نے مزید کہا تھا کہ عوام کا دوٹوک فیصلہ آگیا ہے جو کام کرے گا، اسی کو ووٹ ملے گا، بیلٹ باکس سے بھی پیغام ہے کہ پاکستان کو فتنہ فساد نہیں، شاندار مستقبل چاہیے۔

بقیہ 8

ساہیوال سے چوہدری حنیف جٹ، پی پی 87 میانوالی سے علی حیدر نور نیازی، پی پی 116 فیصل آباد سے احمد شہریار، پی پی 115 فیصل آباد سے محمد طاہر پرویز، این اے 104 فیصل آباد سے دانیال احمد اور پی پی 98 فیصل آباد سے آزاد علی تبسم کو شاندار فتح پر مبارکباد پیش کی۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں کامیابی قائد میاں محمد نواز شریف کے ویژن، بے مثال قیادت اور پارٹی کارکنان کی محنت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کے لئے شبانہ روز کوششوں پر عوام کے بھرپور اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ وزیر اعظم کے مطابق NA-185 میں فتح مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت کی پالیسیوں پر عوامی اعتماد کا ثبوت ہے جبکہ مجموعی کامیابی حکومت کی کارکردگی پر عوام کے اطمینان کو ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ 9

کام دوبارہ شروع ہو جائے گا۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا کہ تعطیلات کے باوجود آئینی عدالت کے دفاتر کھلے رہیں گے تاکہ انتظامی امور میں تعطل نہ آئے۔

بقیہ 10

سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے سابق وزیراعلیٰ کے پی کےخلاف کیس کی سماعت کی، علی امین گنڈا پور عدالت میں پیش نہ ہوئے۔ عدالت نے علی امین گنڈا پور کی مسلسل غیر حاضری کے باعث وارنٹ گرفتاری کئے اور سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی آئندہ سماعت 29 نومبر تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ علی امین گنڈا پور کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 11

اضافے کے لیے قائم ذیلی ورکنگ گروپ کی سفارشات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر تجارت جام کمال، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر مملکت خزانہ اظہر بلال کیانی، چیئرمین ایس آئی ایف سی اور دیگر متعلقہ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئر پرسن ذیلی ورکنگ گروپ مصدق ذوالقرنین نے تمام ممبران کی موجودگی میں ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے شعبے سے متعلق تحقیق کے بعد اپنی سفارشات پیش کیں۔ وزیراعظم نے ورکنگ گروپ کے کام کو سراہا اور سفارشات پر مثبت انداز میں غور کرتے ہوئے تمام متعلقہ اداروں کو فوری اقدامات کرنے کے موثر احکامات جاری کیے۔ وزیراعظم نے ملکی برآمدگان پر نافذ کردہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج کو فوری طور پر ختم نے اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا پچھلے پانچ سال کا عالمی معیار کے مطابق تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ میں موجودہ رقم کے بہترین استعمال کے لیے پرائیویٹ سیکٹر سے موزوں چیئرمین کو منتخب کیا جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ میں موجود رقم کو صرف ملکی برآمدات میں اضافے، متعلقہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ، برآمدی سیکٹر کی افرادی قوت کی ہنرمندی، ٹریننگ اور عالمی معیار کی جدید سہولتوں کے لیے استعمال کیا جائے، ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے ٹی ڈی اے پی کے کردار کا اصلاحاتی جائزہ اور تشکیل نو کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت جاری پروگرام اور تمام سکیمز کی بھی تھرڈ پارٹی آڈٹ کروایا جائے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا غیر متعلقہ اور غیر منطقی استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں پاکستان کی برآمدی اشیاء کی تشہیر وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے صنعت کاروں کو فوری طور پر ہر ممکن سہولت پہنچانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 12

کے خلاف ضابطہ اخلاق خلاف ورزی کے کیس میں عبوری حکم نامہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کیلئے نوٹس جاری کیا گیا تھا، ان کی جانب سے علی بخاری پیش ہوئے اور ذاتی حیثیت میں پیشی سے استثنٰی کی درخواست کی۔ الیکشن کمیشن نے سہیل آفریدی کی پیشی سے استثنٰی کی درخواست ایک دن کیلئے منظور کرلی اور حکم دیا کہ وزیراعلیٰ سہیل خان آفریدی اگلی ساعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ آئندہ سماعت 25 نومبر کو دن 12 بجے ہوگی۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے جمعرات کے روز وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے این اے-18 ہری پور ضمنی انتخاب سے متعلق غیر ذمہ دارانہ بیان کا نوٹس لیا تھا۔ 19 نومبر کو خیبر پختونخوا کے شہر ایبٹ آباد کی تحصیل حویلیاں میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے 23 نومبر (اتوار) کو ہونے والے ضمنی انتخاب کے نتائج میں ردوبدل یا دھاندلی کی کوشش کرنے والوں کو سخت انتباہ جاری کیا تھا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا تھا کہ اسے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے ان ریمارکس کا نوٹس ملا ہے، جن میں انہوں نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور انتخابی عملے کو دھمکیاں دیں اور جلسے میں موجود عوام اور عام لوگوں کو اشتعال دلایا تھا۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ صوبے کے چیف ایگزیکٹو کے غیر ذمہ دارانہ رویے نہ صرف این اے-18 ہری پور میں پرامن ضمنی انتخاب کا انعقاد مشکل بنا دیا ہے، بلکہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، انتخابی ڈیوٹی پر تعینات عملے اور ووٹرز کی جانوں کو بھی خطرے میں ڈال دیا ہے۔

بقیہ 13

یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چوہدری نے یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزم گزشتہ تین ماہ سے جیل میں ہے، مقدمہ کا چالان بھی جمع ہو چکا ہے، مزید کوئی ریکوری نہیں ہونی، استدعا ہے عدالت ضمانت منظور کرے۔ سرکاری وکیل نے درخواست کی مخالفت کی۔ فاضل عدالت نے دلائل سننے کے بعد 10 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ 14

سرحدوں اور ریاستی خودمختاری کی خلاف ورزی ہیں، ساتھ ہی مطالبہ کیا کہ بھارتی قیادت اشتعال انگیز بیانات سے گریز کرے، یہ خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بھارت سے اقلیتوں کے تحفظ اور ان کے خلاف تشدد پر اکسانے والوں کا محاسبہ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے شمال مشرقی خطے کے لوگ آج بھی ریاستی سرپرستی میں تشدد، شناختی جبر اور محرومی جھیل رہے ہیں، بھارتی حکومت عقائد کی بنیاد پر تعصب اور تاریخی مسخ شدگی پر مبنی امتیازی رویے کا حل نکالے۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ بھارت جموں وکشمیر تنازع کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق نکالے۔ پاکستان تمام تنازعات کا پرامن حل چاہتا ہے اور اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 15

جدید طبی سہولیات بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو ہسپتال کے اہم طبی شعبوں اور خصوصی یونٹس کا دورہ بھی کرایا گیا جس میں جدید ترین سہولیات اور جدید طرز علاج کے نمونے پیش کیے گئے۔ ترکیہ کے وسعت پذیر نظام صحت، مریض مرکز اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ طبی خدمات کے بارے میں آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے صحت کے شعبے میں پیش رفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کے تبادلے باہمی تعاون کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تجربات کے تبادلے اور مستقبل کی شراکت داریوں کے امکانات کو بڑھانے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ اس موقع پر وزیر صحت کے ساتھ مختلف شریک ممالک کے وزرائے صحت اور سینئر نمائندے بھی موجود تھے۔

بقیہ 16

ہوئے۔ حذیفہ رحمان نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ میں ایک میوزیکل کنسرٹ میں گیا تھا جس میں حصہ نہیں لیا، متعلقہ امیدوار سے میرے اختلافات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے متعلقہ امیدوار کے لیے انتخابی مہم میں حصہ نہیں لیا، میں الیکشن کمیشن کے احترام میں خود پیش ہوا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ آئین و قانون کی خلاف ورزی ہو۔ الیکشن کمیشن نے حذیفہ رحمان کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 17

انتظامی معاملات واپس لیے جائیں گے، ترمیمی مسودہ جلد کابینہ کو بھجوایا جائے گا۔ منظوری کے بعد محکموں کے اختیارات میں نمایاں تبدیلیاں ہوں گی، مدارس کے انتظامی امور کی ازسرِ نو تقسیم کی تجاویز ایوان وزیر اعلیٰ سیموصول ہوئیں، تبدیلیوں کا مقصد محکماتی دائرہ کار کو واضح اور موثر بنانا ہے۔

بقیہ 18

چیف آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ تفویض کیا گیا ہے، اس عہدے کی مدت 5 سال ہوگی، آئینی ترمیم کے بعد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کردیا گیا تھا، تاہم جنرل ساحر شمشاد مرزا کی مدت ملازمت تک یہ عہدہ برقرار رکھنے کی منظوری دی گئی تھی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں حکومت نے 4 بل پیش کیے تھے، وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان نیوی ترمیمی بل 2025، پاکستان آرمی ترمیمی بل 2025 اور پاکستان ایئرفورس ترمیمی بل 2025 پیش کیا تھا، جنہیں کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ قومی اسمبلی نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی بل بھی کثرت رائے سے منظور کرلیا تھا، یہ بل وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے منظوری کے لیے پیش کیا تھا۔ قومی اسمبلی میں پاکستان نیوی ترمیمی بل 2025، پاکستان آرمی ترمیمی بل 2025 اور پاکستان ایئرفورس ترمیمی بل 2025 کی منظوری دی گئی تھی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر (ترمیمی) بل 2025 پیش کیا تھا جو اکثریتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا تھا۔

بقیہ 19

فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 20

بلوچستان ایک اہم اور حساس صوبہ ہے، پاکستان کے خلاف قوتیں کے پی کے اور بلوچستان کے ذریعے ہم پر حملہ اور ہیں، پاکستان کی ترقی بلوچستان کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، بلوچستان میں بدامنی میں شدت اس وجہ سے ہے کہ حکومت نے بلوچستان میں ترقی کے منصوبوں پر عمل شروع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سب سے بڑی طاقت اس کی معدنیات ہیں، معدنیات کی ترقی کے لیے جب ہم نے قدم اٹھائے تو ادھر سے شدت پسندی شروع ہوگئی، شدت پسندوں کی نظریں ان معدنیات پر ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ اس علاقے کو وہ اپنی دسترس میں لے کر آئیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ آج کے دور میں جنگ کا پہلا زینہ بیانیہ کی جنگ ہے، گولی کی جنگ آخر میں ہوتی ہے، پہلے کوشش ہوتی ہے کہ بیانیے کے ذریعے لوگوں میں انتشار پیدا کرو، شدت پسندی کا طریقہ ہے کہ لوگوں میں بداعتمادی پیدا کروا ن کو آپس میں لڑاؤ۔ انہوں نے کہا کہ جب کسی معاشرے میں عدم استحکام آتا ہے تو وہ خود بخود اندر سے کھوکھلا ہو جاتا ہے، ہمارا فرض ہے کہ ہم ان چیزوں سے باخبر رہیں، آج دنیا میں سوشل میڈیا پر فیک نیوز سے آگ لگا دی جاتی ہے، ہم نے جب سی پیک شروع کیا اس کے خلاف منظم طور پر مہم چلائی گئی، جھوٹے نقشے پھیلائے گئے تاکہ پاکستان اور چین کہیں آپس میں جڑ نہ جائیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دشمن قوتیں چاہتی تھیں کہ سی پیک کے منصوبے کو ناکام بنایا جائے، 2017ء میں چین کی ہر بڑی کمپنی پاکستان پہنچ گئی تھی، اگر 2018 میں یہ تبدیلی سرکار نہ آتی تو ملک میں کم از کم 25، 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہونا تھی، 2018 کے بعد ایک ایسا ماحول بنایا گیا کہ سب سرمایہ کار دوسرے ملکوں میں چلے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تکتے رہ گئے اور یہ دھرتی ویران ہو گئی، اس دھرتی کو پھر سے بسانے کی ہم کوشش کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ نے معرکہ حق میں ہمیں کامیابی دی ہے اور بے مثال کامیابی دی ہے، معرکہ حق نیدنیا میں پاکستان کی طاقت کا توازن بھارت کے اگر اوپر نہیں تو برابر لا کے کھڑا کیا ہے، آج دنیا ہمیں بھارت سے کسی طرح کمتر نہیں دیکھ رہی۔ احسن اقبال نے کہا کہ اب ہمیں معرکہ حق کے بعد معرکہ ترقی جیتنا ہے، معرکہ ترقی جیتنا بھی ممکن ہوگا جب ہم ملک کے اندر امن رکھیں گے، ہم ملک میں استحکام، انسانی وسائل، تعلیم، ٹیکنالوجی پر توجہ دیں گے، جس ملک میں جنگ و جدل ہوگا آپ بتائیں وہاں پر کوئی سرمایہ کاری کرے گا؟ انہوں نے طلبہ کو بتایا کہ اگر بلوچستان میں بدامنی ہوگی تو آپ کس سے دشمنی کررہے ہیں، آپ سب سے پہلے بلوچستان سے دشمنی کررہے ہیں کہ یہاں پر کوئی سرمایہ کار نہ آئے، یہاں پر کوئی انویسٹمنٹ نہ کرے یہاں پر کوئی نیا منصوبہ نہ لگے تاکہ یہ لوگ ادھر ہی رہیں۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ اگر ہم نے ترقی کرنی ہے تو سب سے پہلی شرط امن ہے، استحکام ہے، پالیسوں کا تسلسل ہے، آپ کا فرض ہے کہ اپنے علاقے میں لوگوں امن کا شعور دیں، لوگوں کو بتائیں کہ اگر بدامنی رہی تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔

بقیہ 21

پالیسی میں تبدیلی، اپ ڈیٹ شدہ اسکول کیلنڈر اور نصاب میں ترمیمات کی منظوری بھی دی گئی۔ نیا تعلیمی سال یکم اپریل 2026ء سے شروع ہوگا جبکہ سرکاری اسکولوں میں مفت درسی کتب کی تقسیم 15 اپریل سے کی جائے گی۔ محکمہ تعلیم کے مطابق آٹھویں کلاس کے طلبہ اس بار 3 فروری 2026 کو امتحانات دیں گے۔

بقیہ 22

یہ سلسلہ وقفے وقفے سے پورے مہینے جاری رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ بارش سے ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، بارکھان، لورالائی، سبی، لسبیلہ، آواران، پنجگور، گوادر، پنجگور، خضدار، قلعہ سیف اللہ، چاغی، نوشکی، واشک اور مستونگ سمیت بڑے قحط زدہ اضلاع میں نمایاں بہتری آئے گی۔ کئی مقامات پر گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشیں جبکہ بالائی علاقوں میں برف باری کا بھی امکان ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اس سال شمال مغربی ہوائیں معمول سے زیادہ فعال ہیں جبکہ بحیرہ عرب سمندر سے آنے والی نمی بلوچستان کی جانب مسلسل رخ کر رہی ہے۔ انہی موسمی عوامل کے باعث بارشوں کا یہ سلسلہ نہ صرف طویل بلکہ زیر زمین پانی اور ڈیموں کے ذخائر میں خوشگوار اضافے کا سبب بھی بنے گا۔

بقیہ 23

کیلئے بھی بجٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ خزانہ نے رائیونڈ سیوریج اور واٹر سپلائی کیلئے 40 کروڑ روپے جاری کردیئے۔ محکمہ خزانہ نے یہ بجٹ مذکورہ محکموں کے اکاؤنٹ میں منتقل کردیا ہے۔

بقیہ 24

جس محنت اور لگن کے ساتھ انتخابی مہم چلائی وہ قابل ستائش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہری پور میں انتخابی کامیابی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج کی پشاور کی افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جو ایک 'جھوٹ کی فیکٹری' فعال ہوا وقت آ گیا ہے کہ اس کے پھیلائے گئے پروپیگنڈے کو بے نقاب کیا جائے۔ انجینئر امیر مقام نے اللہ تعالیٰ اور ہری پور کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے مخالفین کو مسترد کر کے ثابت کردیا کہ ہری پور مسلم لیگ (ن) کا قلعہ ہے۔ انہوں نے قائد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آرگنائزر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے بھی عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے تاریخ رقم کر دی ہے۔ امیر مقام نے سردار مشتاق، پیر صابر شاہ اور پوری تنظیمی ٹیم کو کامیابی پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کیپٹن (ر) صفدر کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دن رات محنت کر کے مثال قائم کی۔ وفاقی وزیر نے پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ جاوید عباسی اور مسلم لیگ (ن) کے تمام ونگز کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بابر نواز خان نے جس محنت اور لگن کے ساتھ انتخابی مہم چلائی وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے گھر گھر جا کر نواز شریف کا پیغام پہنچایا، عوام کا حوصلہ اور جذبہ قابل تعریف تھا۔ امیر مقام نے کہا کہ آج وہ ہری پور کے عوام کو سلام پیش کرنے آئے ہیں، جنہوں نے پورے خیبر پختونخوا کو واضح پیغام دیا ہے کہ اب عوام شیر کے ساتھ جانے کیلئے تیار ہیں، عوام اب حقیقت جان چکے ہیں، بابر نواز خان کے کیے گئے وعدے پورے ہوں گے، ہم ہری پور کے عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ انہوں نے سوشل میڈیا ٹیموں اور کارکنوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صرف الزامات سے قومیں نہیں بنتیں، حقیقت پسند بنیں اور اداروں پر بلاجواز تنقید سے گریز کریں، جھوٹ ہمیشہ جھوٹ ہوتا ہے اور سچ اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر نے بھارت کو شکست دی اور آج وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی پوزیشن بہتر ہورہی ہے اور بیرونِ ملک پاکستانی ریکارڈ ترسیلات بھیج رہے ہیں، ہماری یکجہتی اور اعتماد ہی ہمارے مخالفین کو شکست دیگا۔ انہوں نے کہا کہ ہری پور کے مسائل ہمارے مسائل ہیں اور ہم انہیں حل کریں گے۔ اس موقع پر بابر نواز خان سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا اور وفاقی وزیر سمیت تمام پارٹی قائدین اور کارکنوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 25

گئے ہیں۔ نمائش میں چین، ترکیہ، جرمنی ویتنام، اٹلی سمیت 20 ممالک کے مندوبین شریک ہیں، اب تک 60 ہزار سے زائد لوگ نمائش کا وزٹ کر چکے ہیں۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر معیشت کا اہم شعبہ اور 30 فیصد روزگار کی فراہمی کا ذریعہ ہے، قومی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے اس شعبے کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کر رکھا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں گارمنٹ سٹی بنایا ہے۔ اگلے 6 ماہ میں چین کی ٹیکسٹائل انڈسٹری بھی گارمنٹ سٹی میں منتقل ہوگی۔ ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے کپاس کی پیداوار بڑھانا ضروری ہے، کپاس کی فصل سے کاشتکاروں کو نقد ادائیگی بھی ہوتی ہے۔ وزیر صنعت وتجارت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے حکومت عملی اقدامات کررہی ہے۔ ایس آئی ایف سی بھی کپاس کی پیداوار بڑھانے اور زراعت کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ پنجاب حکومت اس سال 10 سے 11 ملین کپاس کی پیداوار کا ہدف حاصل کرنے کیلئے پرامید ہے۔ وفاقی حکومت انٹرسٹ ریٹ سنگل ڈیجٹ پر لانے کیلئے کوشاں ہے۔ چین کے سرمایہ کاروں سے پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے متعدد معاہدے ہوئے ہیں۔ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں بہترین صنعتی انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاروں کو خصوصی مراعات حاصل ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وی وو موبائل کی جلد یہاں مینوفیکچرنگ شروع ہوجائے گی۔ چین کی کمپنی پنجاب میں الیکٹرک گاڑیوں کا اسیمبلنگ پلانٹ لگا رہی ہے، چین کی کمپنی یہاں لیتھیئم بیٹریوں کا مینوفیکچرنگ پلانٹ بھی لگا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ ساہیوال میں 200 ایکڑ اور سیالکوٹ میں 1400 ایکڑ بنجر رقبے پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹس بن رہی ہیں۔ بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کا دائرہ کار دیگر شہروں تک بڑھایا جارہا ہے۔ بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز میں صنعتکاروں کو ایک ہی چھت تلے سہولیات دی جارہی ہیں، کوشش ہے کہ پنجاب میں زیادہ سے انڈسٹری لگے۔ جتنی صنعتیں لگیں گی اتنے ہی روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔ نتائج کے حصول کیلئے فالو اپ بے حد ضروری ہے۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے نمائش کے کامیاب انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد دی۔ پاکستان ریڈی میڈ گارمنٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن اور ای کامرس گیٹ وے پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ نے مشترکہ طور پر نمائش کا اہتمام کیا تھا۔

بقیہ 26

میاں نواز شریف کی مدبرانہ قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، جس کا واضح ثبوت حالیہ انتخابی فتح ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی محنت اور مؤثر حکمتِ عملی نے ملک بھر میں کامیابیوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ شہباز شریف کی شب و روز کی کاوشوں نے ملک میں ترقی اور استحکام کی راہ ہموار کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسیوں کو عوام نے دل سے سراہا ہے۔ ان کی صوبے بھر میں ترقیاتی اقدامات اور فلاحی منصوبوں نے ووٹرز میں نیا اعتماد پیدا کیا ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ ضمنی الیکشن کے نتائج مسلم لیگ (ن) کی مقبولیت کے واضح ثبوت ہیں۔ عوام نے کارکردگی، خدمت اور سنجیدہ سیاسی رویوں پر اعتماد کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا فیصلہ سنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری عمل کی کامیابی دراصل پوری قوم کی کامیابی ہے اور یہ انتخابات پاکستان کے مضبوط جمہوری مستقبل کی جانب اہم قدم ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے تمام کامیاب امیدواروں کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ عوام کی توقعات پر پورا اتریں گے۔

بقیہ 27

ثابت کیا لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، چور چور کی گردان کرنے والوں کا مقدر اب دھاندلی دھاندلی کا وردرہ گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ووٹ مفت ادویات، گھروں میں انسولین پہنچنے، ہیلتھ کلینک، فیلڈ ہسپتال، بی ایچ یو کی حالت بہتر کرنے پر ملا ہے، یہ ووٹ ملا ہے فری ٹریکٹر، فری سپر سیڈر، ٹیوب ویل سولرائزیشن اور کسان کارڈ کیلئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ووٹ ملا ہے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں ایک لاکھ 20 ہزار گھروں کو، یہ ووٹ ملا ہے نواز شریف کینسر ہسپتال اور نواز شریف کارڈیالوجی ہسپتال کو، یہ ووٹ ملا ہے سکالرشپ کو، الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک بسوں کو، یہ ووٹ ستھرا پنجاب کی وجہ سے ملا ہے، یہ ووٹ مریم نواز کے ویژن اور کارکردگی کو ملا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ یہ مریم نواز کی ڈیڑھ سالہ کارکردگی کے اثرات ہیں، لیگی امیدواروں نے 20 ہزار سے 1 لاکھ 20 ہزار کی لیڈ سے کامیابیاں حاصل کیں، ہری پور میں بابر نواز کی فتح نے جعلی تبدیلی کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی ہے، چور چور کی گردان کرنے والوں کا مقدر اب دھاندلی دھاندلی کا وردرہ گیا۔

بقیہ 28

کی چھ نشستیں جیت لی ہیں جس کی خوشی میں دوسرے روز بھی کارکنوں نے جشن منایا اور مٹھائی تقسیم کرنے کا سلسلہ دن بھر جاری رہا، ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے، کارکنوں نے شیر آیا، شیر آیا کی نعرے بازی کی، آتش بازی کا بھی شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ گزشتہ روز پی ٹی آئی کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی نااہلی سے خالی ہونے والی نشست این اے 18 ہری پور پر زبردست مقابلہ ہوا، مسلم لیگ (ن) کے امیدوار بابر نواز خان ایک لاکھ 63 ہزار 996 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ آزاد امیدوار شہر ناز عمر ایوب ایک لاکھ 20 ہزار 220 ووٹ لیکر دوسرے نمبر رہیں اور اسی طرح لاہور میں قومی اسمبلی کے حلقہ 129 میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار حافظ میاں نعمان 63 ہزار 441 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ آزاد امیدوار ارسلان احمد 29 ہزار 99 ووٹ حاصل کر سکے، آزاد امیدوار بجاش خان نیازی 6264 ووٹ حاصل کر سکے۔

بقیہ 29

پر 116 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ رواں ماہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 87 ہزار سے زائد چالان جاری کئے گئے ہیں، اسی سلسلے میں 41 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ اور 35 سے زائد ماحول دشمن گاڑیوں کے روٹ پرمٹ معطل کئے گئے ہیں جبکہ 24 گاڑیوں کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق 13 ہزار سے زائد دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو بند کیا گیا جبکہ 5 ہزار سے زائد ریت اور مٹی سے لوڈ ڈ بغیر کور گاڑیوں پر بھاری جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں پر دو ہزار روپے تک جرمانہ اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے، انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ گاڑیوں کی باقاعدہ مینٹیننس کو یقینی بنائیں اور سموگ کے خاتمے کیلئے ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ ڈی آئی جی محمد وقاص نذیر نے مزید کہا کہ گاڑیوں سے نکلنے والا زہریلا دھواں بے شمار بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی کا سبب بنتا ہے، اس لئے پنجاب کے صاف ماحول کو برقرار رکھنے کیلئے اس کا خاتمہ ضروری ہے۔

بقیہ 30

تو اپنی ابتدائی تقریر میں انہوں نے عدلیہ کی بحالی ایک ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے کی تھی، جو جمہوریت اور آئین کی بالادستی کی جدوجہد کا حصہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ چارٹر آف ڈیموکریسی میں طے شدہ نکات کے مطابق ایک آئینی عدالت کے قیام پر بھی اتفاق ہوا تھا، اسی تسلسل میں 27ویں آئینی ترمیم غیر آئینی طریقوں سے صدر یا وزیراعظم کو ہٹانے کے دروازے بند کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ماضی میں حکومتوں اور وزرائے اعظم کو غیر ضروری طور پر ہٹایا جاتا رہا، جسے آئینی ترامیم کے ذریعے روکنا وقت کی ضرورت ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے دہشتگردی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے اردگرد ایسٹرن اور ویسٹرن بارڈرز پر سیکورٹی چیلنجز موجود ہیں، بھارت کی پراکسی وار اور افغانستان میں دہشت گردوں کی سرگرمیوں نے خطے میں عدم استحکام کو بڑھایا جبکہ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف ذمہ دارانہ کردار ادا کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے مزید کہا کہ حالیہ انٹرنیشنل کانفرنس میں انہیں چیئرمین/ اسپیکر کے طور پر نامزد کیا گیا، جس میں 40 سے زائد ممالک کے اسپیکرز، ڈپٹی اسپیکرز، سابق صدور اور مختلف ممالک کے سابق وزراء نے شرکت کی، دنیا بھر کے پارلیمنٹرینز نے دہشت گردی کی شدید مذمت کی اور پاکستان کے کردار کو سراہا۔ چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کانفرنس کے روز اسلام آباد میں دھماکے کے نتیجے میں بارہ قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ دنیا کے لیے بڑا پیغام تھا کہ دہشت گردی پوری انسانیت کے لیے خطرہ ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قانون سازی اس وقت تک مؤثر نہیں ہوسکتی جب تک اس پر عمل درآمد نہ ہو،حکومت اور اپوزیشن دونوں کا کردار اہم ہے۔ تعلیم کے شعبے میں بہتری کیلئے اپنی کاوشوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گیلانی لا کالج کے قیام اور گیلانی اسکالرشپ کے ذریعے 100 طلباء میں ایک ارب روپے تقسیم کیے گئے، سکالرشپ حاصل کرنے والوں میں سے کئی طلباء تعلیمی میدان میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور گیلانی لا کالج میں پی ایچ ڈی پروگرامز بھی جاری ہیں۔ اس دوران قائم مقام صدر پاکستان وچیئرمین سینیٹ نے پنجاب بار کونسل آمد کی دعوت قبول کرتے ہوئے کہا کہ بار قانون کی حکمرانی کیلئے ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس موقع پر پنجاب بار کونسل کے نومنتخب ممبران خواجہ قیصر بٹ، چودھری محمد سعید، مالک خان لنگا سمیت ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ملتان کے صدر محمد اظہر خان مغل، جنرل سیکرٹری صفدر حسین سرسانہ، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ملتان جاوید علی ڈوگر، جنرل سیکرٹری ملک عدنان احمد اور چودھری داؤد احمد و ہائیکورٹ و ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے دیگر ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے۔

بقیہ 31

خیبر پختونخوا کے عوام کو اپنی پولیس، ایف سی اور فورسز پر فخر ہے، سپاہیوں نے شہادتیں پیش کر کے اسلام، ملک اور انسانیت کے دشمنوں کے عزائم ناکام بنائے۔ واضح رہے کہ پشاور میں فیڈرل کانسٹیبلری کے ہیڈکوارٹرز پر فتنہ الخوارج کا حملہ ناکام بنا دیا گیا، تینوں خودکش حملہ آور مارے گئے۔

بقیہ 32

کو جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ بزدلانہ حملہ قابلِ مذمت ہے، شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہیں، شہید ایف سی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور اس کے سہولت کاروں کے خاتمے کا ہمارا عزم غیر متزلزل ہے۔

بقیہ 33

جس میں سکولوں میں لائبریری کارنرز کے قیام سے متعلق بجٹ تخمینہ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین بورڈ آف گورنرز اور سابق چیف سیکرٹری پنجاب جناب جاوید اسلم نے کی۔ اجلاس کے دوران بجٹ تخمینہ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور صوبے بھر میں لائبریریوں کی ترویج وترقی کے لیے متعدد اقدامات کی منظوری دی گئی۔ خاص طور پر بچوں میں کتب بینی، کہانی گوئی اور مطالعہ کے فروغ کے لیے مختلف پروگراموں اور سرگرمیوں کے آغاز کا فیصلہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں، صوبے کی منتخب لائبریریوں میں "اقبال کارنرز" کے قیام کی بھی منظوری دی گئی، تاکہ نوجوان نسل میں فکری ورثے اور قومی ادب سے شغف کو مزید فروغ دیا جاسکے۔ ڈائریکٹر پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن جناب عبد الرحمٰن آصف نے لائبریریوں کی کیٹیگریز کا جامع خاکہ پیش کیا اور ہر کیٹیگری کے لیے مختص فنڈز، ترجیحات اور متوقع اہداف پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں شریک معزز اراکین میں جناب اطہر علی خان (سابق ڈی جی پی آر)، محترمہ کنول آمین (وائس چانسلر فیصل آباد ویمن یونیورسٹی)، جناب شاہد حسین (سابق ایم ڈی پیپرا)، ڈاکٹر نوشین فاطمہ اور محترمہ رخشندہ کوکب (ڈائریکٹر لائبریری یو سی پی)، ڈاکٹر شفاعت یار خان صاحب بھی شامل تھے۔ یہ اجلاس پنجاب میں علم و ادب کے فروغ کے لیے نئے عزم، مؤثر منصوبہ بندی اور بین الادارہ جاتی تعاون کا مظہر ثابت ہوا، جو مستقبل میں نوجوان نسل کے لیے مثبت علمی سرگرمیوں کا پیش خیمہ بنے گا۔ پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن صوبہ بھر میں لائبریریوں کی ترقی، کتب بینی کے فروغ اور علمی وسائل کی بہتر فراہمی کے لیے کام کرنے والا ایک اہم ادارہ ہے۔

بقیہ 34

سے یہ کہہ رہی تھی کہ پورٹلز بندش سے چینی کی سپلائی کم ہو گی، حکومت کو بندش سے قیمتیں بڑھنے کے حوالے سے بھی خبردار کیا گیا، حکومت نے ملوں پر دباؤ ڈالے رکھا تاکہ غیرضروری درآمدی چینی کو فروخت کیا جائے ، عوام کی اکثریت نے درآمدی چینی کو پسند نہیں کیا ۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ سندھ میں پورٹلز بندر کھے گئے تاکہ پورٹ پر درآمدی چینی کو پہلے فروخت کیا جا سکے، جب سے حکومت یہ پابندیاں لگا رہی تھی تب سے چینی کی سپلائی کم ہونے لگ گئی، ان اقدامات سے چینی کی قیمتیں بڑھیں جس کی ذمہ دار شوگر انڈسٹری نہ ہے، پنجاب میں ضلعی انتظامیہ نے ملوں کو مجبور کیا کہ حکومتی نامزد کردہ ڈیلرز چینی فروخت کریں، جنہوں نے مارکیٹ میں اپنے فائدے کیلئے چینی مہنگی فروخت کی۔ ایسوسی ایشن نے مزید کہا کہ نئی چینی مارکیٹ میں آنے سے قیمتیں معمول پر آنے کا امکان ہے، حکومت سے مطالبہ ہے کہ چینی کی بین الصوبائی ترسیل پر غیر آئینی و غیرقانونی پابندی اٹھائی جائے۔

رات گئے ناصر جمپ کے قریب زمان ٹاؤن پولیس اور ڈکیتوں کے درمیان مقابلہ ہوا

گشت پر مامور پولیس نے مشتبہ موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) رات گئے ناصر جمپ کے قریب زمان ٹاؤن پولیس اور ڈکیتوں کے درمیان مقابلہ ہوا، ایس ایس پی کورنگی نے کہا ہے کہ گشت پر مامور پولیس نے مشتبہ موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا، ایس ایس پی کورنگی نے کہا ہے کہ پولیس کو دیکھ کر ملزمان نے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی※ فدا حسین جانوری نے کہا ہے کہ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ڈکیت زخمی ہوگیا، ایس ایس پی کورنگی نے بتایا ہے کہ زخمی ڈکیت کی شناخت عرفان ولد بوٹا مسیح کے نام سے کر لی گئی ہے※ فدا حسین جانوری نے بتایا ہے کہ ملزم کا ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موٹر سائیکل سمیت فرار ہوگیا، ایس ایس پی کورنگی نے کہا ہے کہ پولیس نے ملزم کے قبضے سے غیر قانونی ٹی ٹی پستول، چھینے ہوئے موبائل فونز اور دیگر سامان برآمد کرلیا، فدا جانوری نے کہا ہے کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار ملزم عادی جرائم پیشہ ہے، پولیس کا کہنا ہے کہ کراچی کے مختلف تھانوں میں اقدام قتل※ ڈکیتی و رہزنی سمیت سنگین نوعیت کے مقدمات میں گرفتار ہوکر جیل جاچکا ہے، ایس ایس پی کورنگی فدا جانوری نے مزید کہا ہے کہ ملزم کو طبی امداد دینے کے بعد قانونی کاروائی کا آغاز کردیا گیا ہے،

شہر قائد میں چینی، تیل، آٹا مسلسل مہنگا ہوتا جا رہا ہے

سندھ حکومت، ڈپٹی کمشنرز اس طوفانی مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام چینی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی 00010 میں فروخت جاری

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) شہر قائد میں چینی، تیل، آٹا مسلسل مہنگا ہوتا جارہا ہے سندھ حکومت، ڈپٹی کمشنرز اس طوفانی مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام چینی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی 00010 میں فروخت جاری، تفصیلات کے مطابق چینی، تیل، آٹا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں مہنگائی کا طوفان ایک بار پھر سے سر اٹھا رہا ہے اس طوفان کا اثر سب سے پہلے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں پر پڑا ہے جن میں سب سے اہم اور سب سے زیادہ استعمال میں آنے والی چینی ہے جس کو ملوں کی طرف سے من مانے داموں میں فروخت کیا جارہا ہے۔ جبکہ اس کی خوردہ قیمت اس وقت 00010 روپے کٹہ ہے اس کا وزن پچاس کلوگرام ہوتا ہے جبکہ دکان پر ریٹیل ایک کلو چینی 210 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے آٹا پچاس کلوگرام سے ساڑھے انچاس کلوگرام کا ہوتا ہے اس کی فروخت 115 روپے کلو اور بات کی جائے فائین آٹا اور میدہ وہ تو ساتویں آسمان سے باتیں کررہا ہے اس کی قیمت 125 روپے فی کلو میں فروخت جاری۔ جرنل ریٹائرڈ پرویز مشرف (مرحوم) کے الفاظ کا اب اس ملک کا اللہ ہی حافظ ہے۔ چینی کی بات کی جائے تو اس کے تو پر لگ گئے ہیں پاکستانی چینی کی خوردہ قیمت 10,000 روپے ہے جسکا وزن پچاس کلو گرام ہے جبکہ چینی ایک کلو 210 روپے میں دکانوں پر فروخت کی جارہی ہے۔ تیل کا تو پوچھیں ہی مت وہ تو ہوا میں غوطے کھا رہا ہے تیل دکانوں پر 480 روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے جبکہ اس کی خوردہ قیمت 7360 روپے فی گیلن جو سولہ کلوگرام کا ہوتا ہے ہوگئی ہے پچھلے تین ہفتوں میں مہنگائی ان پر بجلی بن کر گری اور ان کے ریٹ آسمان سے باتیں کررہے ہیں۔ جبکہ ایک دکان دار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ یہ مال ہمیں پیچھے سے ہی مہنگا آرہا ہے ہم مجبور ہیں ذخیرہ اندوزوں نے اس کی مصنوعی قیمتیں بڑھا رکھی ہیں اور ڈپٹی کمشنرز آتے ہیں اور چلان کر جاتے ہیں اس چیز پر فلور ملوں سے اور چینی کی ملیں جو اکثریت حکومت میں بیٹھے سیاست دانوں کی ہیں اس کے خلاف اگر آپ آواز اٹھاتے ہیں تو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ خودکشی کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے حکومت اپنی ناکامی چھپا رہی ہے۔ عوام کی وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف درخواست ہے کہ ان تمام اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے تاکہ یہ سب چیزیں غریب ادمی کی پہنچ میں آسکیں تاکہ آسانی سے غریب آدمی خرید کر اپنا گھر چلا سکے۔

سموگ آگاہی مہم سوشل ویلفیئر سوسائٹی پسرور کا شعور اجاگر کرنے کا مؤثر اقدام

ادارہ آئندہ بھی سماجی بہتری، صحت عامہ اور شعور بیداری کے لیے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے گا

پسرور (اسٹاف رپورٹر) سوشل ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ پسرور کے زیرِ اہتمام سموگ سے آگاہی فراہم کرنے کے لیے ایک اہم پروگرام گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ پسرور میں منعقد ہوا۔ پروگرام میں ادارے کے معزز اساتذہ، بڑی تعداد میں طلباء اور سوشل ویلفیئر سوسائٹی کی ٹیم نے شرکت کی۔ تقریب میں ماہرین اور انسٹیٹیوٹ کے اساتذہ نے سموگ کے مضر اثرات، صحت کے خطرات اور احتیاطی تدابیر پر تفصیلی بات چیت کی۔ مقررین نے طلباء پر زور دیا کہ وہ ماحول کی بہتری اور فضائی آلودگی میں کمی کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ پروگرام کے اختتام پر طلباء میں سموگ سے بچاؤ کے لیے ماسک تقسیم کیے گئے، جبکہ سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے نمائندگان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارہ آئندہ بھی سماجی بہتری، صحت عامہ اور شعور بیداری کے لیے اپنی سرگرمیاں جاری رکھے گا

پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ کی خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی

برآمد کی گئی اشیاء کو گوداموں میں چھپایا گیا تھا

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے الآصف اسکوائر سہراب گوٹھ سے بھاری مقدار میں اسمگل شدہ سگریٹ، کاسمیٹکس، آداب چھالیہ اور کارپیٹ برآمد کرلیں۔ برآمد کی گئی اشیاء کو گوداموں میں چھپایا گیا تھا۔ پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے اسمگلنگ کے مکمل خاتمے تک آپریشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ برآمد شدہ اشیاء کو 6 مزدا ٹرکوں کے ذریعے مزید قانونی کاروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ جرائم اور اسمگلنگ کے خاتمے کے لیے ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ، رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔ آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ ترجمان سندھ رینجرز

میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے کراچی کی سڑکوں اور انفرااسٹرکچر کی بہتری کے لئے وزیر اعلیٰ سندھ کی میئر کراچی کو 25 ارب کی منظوری دینے کو خوش آئند قرار دیا

دیر آید درست آید کراچی کے لئے گڈ گورننس کو سراہتے ہیں۔ فوری سڑکوں کی تعمیر شروع کی جائے

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی نے کراچی کی سڑکوں اور انفرااسٹرکچر کی بہتری کے لئے وزیر اعلیٰ سندھ کی میئر کراچی کو 25 ارب کی منظوری دینے کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ دیر آید درست آید کراچی کے لئے گڈ گورننس کو سراہتے ہیں۔ فوری سڑکوں کی تعمیر شروع کی جائے۔ کراچی کی اندرونی سڑکیں ٹی ایم سیز بنائے اسی طرح کے ڈی اے نیو کراچی اور دیگر علاقوں میں کام شروع کرے جبکہ کنٹونمنٹ کے علاقوں کی سڑکوں کا بھی برا حال ہے تمام ادارے ایک پیج پر آئیں اور کراچی جو ملک کا معاشی حب ہے اسکی ترقی ملک کی ترقی ہے اسی جزبے کے تحت تمام ادارے بڑھ چڑھ کر کام کریں۔ ہم ہمیشہ مثبت تنقید کرتے ہیں اور ڈاکٹر عشرت العباد خان جو ترقی میں پیش پیش رہے ہیں اسی کی توقع ہم تمام اداروں سے رکھتے ہیں۔

غریب گھرانوں کے لیے بڑی مشکلات: برتھ سرٹیفکیٹ اور رہائشی سرٹیفکیٹ مفت فراہم کرنے کی اپیل

برتھ سرٹیفکیٹ اور رہائشی سرٹیفکیٹ یونین کمیٹی (UC) دفاتر سے مکمل طور پر مفت فراہم کیے جائیں

کراچی (بیورو چیف جرنلسٹ محمد فاروق برڑو قادری) شہریوں، خصوصاً مزدور طبقے اور غریب گھرانوں نے وزیرِ اعلیٰ سندھ، وزیرِ بلدیات اور میئر کراچی سے اپیل کی ہے کہ برتھ سرٹیفکیٹ اور رہائشی سرٹیفکیٹ یونین کمیٹی (UC) دفاتر سے مکمل طور پر مفت فراہم کیے جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری فیسیں تو کم ہیں، مگر UC دفاتر پر مبینہ طور پر اضافی رقوم طلب کی جاتی ہیں، جنہیں ادا کرنا کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے نہایت مشکل ہو چکا ہے۔ متعدد والدین نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ اسکولوں میں داخلے، بورڈ امتحانات، اسکالرشپس، اور دیگر سرکاری امور کے لیے برتھ سرٹیفکیٹ اور رہائشی سرٹیفکیٹ لازمی ہوتے ہیں، لیکن UC دفاتر پر عملہ مختلف بہانوں سے سینکڑوں روپے وصول کرتا ہے، جس کے باعث غریب محنت کش والدین اپنے بچوں کی تعلیم کے اہم مراحل میں مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے سہولیات فراہم کرنے کا دعویٰ تو کیا جاتا ہے، لیکن اصل مسائل نچلی سطح پر UC دفاتر میں پیدا ہوتے ہیں۔ بعض والدین نے بتایا کہ "ہم روزانہ کی دیہاڑی پر گھر چلاتے ہیں، UC کے عملے کی مانگی گئی اضافی رقم ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اگر حکومت واقعی عوام دوست ہے تو ان اسناد کو مفت فراہم کرنے کا فوری حکم جاری کرے۔" سماجی حلقوں کا بھی مطالبہ ہے کہ حکومت برتھ اور رہائشی سرٹیفکیٹ جیسے بنیادی شہری حقوق کو مفت اور قابلِ رسائی بنائے، تاکہ کوئی بھی بچہ محض چند سو روپے نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم اور ضروری سرکاری سہولتوں سے محروم نہ رہے۔ عوام نے وزیرِ اعلیٰ سندھ، وزیرِ بلدیات اور میئر کراچی سے درخواست کی ہے کہ UC دفاتر کے نظام کی نگرانی سخت کی جائے، اضافی رقوم لینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، اور برتھ سرٹیفکیٹ و رہائشی سرٹیفکیٹ فوری طور پر فری کرنے کا اعلان کیا جائے تاکہ کم آمدنی والے خاندان سکون کا سانس لے سکیں۔

سیٹھ محمد آصف صاحبزادہ ابنِ ولید کی شادی کی خوشی میں ایک خوبصورت اور پُروقار شادی کی تقریب کا انعقاد کیا

جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، معززینِ علاقہ اور برادری کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

سیالکوٹ (سٹاف رپورٹر) سیٹھ محمد آصف صاحبزادہ ابنِ ولید کی شادی کی خوشی میں ایک خوبصورت اور پُروقار شادی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، معززینِ علاقہ اور برادری کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں شریک مہمانوں نے دل سے مبارکباد پیش کی اور نو دولہا کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب کا ماحول خوشیوں، دعاؤں اور محبت بھری مسکراہٹوں سے مہکا ہوا تھا۔ ہر چہرے پر خوشی اور بھائی چارے کی جھلک نمایاں تھی۔

مہمانوں نے سیٹھ محمد آصف کے لیے کامیاب، خوشگوار اور بابرکت ازدواجی زندگی کی دعا کی اور ان کے خاندان کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس جوڑے کے درمیان محبت، سکون اور رحمتیں قائم رکھے اور زندگی کے ہر قدم پر خوشیاں ان کا مقدر بنائے۔ آمین۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال پسرور کے اطراف میں رہائش پذیر بعض افراد نے ہسپتال کے اردگرد کے علاقے کو کچرا کنڈی بنادیا

جس سے نہ صرف ہسپتال کا ماحول آلودہ ہو رہا ہے بلکہ مریضوں اور تیمارداروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے

پسرور (نمائندہ خصوصی) ٹی ایچ کیو ہسپتال پسرور کے اطراف میں رہائش پذیر بعض افراد نے ہسپتال کے اردگرد کے علاقے کو کچرا کنڈی بنا دیا ہے، جس سے نہ صرف ہسپتال کا ماحول آلودہ ہو رہا ہے بلکہ مریضوں اور تیمارداروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے متعدد بار مقامی افراد کو کچرا پھینکنے سے روکا گیا اور باقاعدہ طور پر وارننگز بھی جاری کی گئیں، مگر افسوس کہ ان ہدایات کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ اس صورتِ حال کے باعث ہسپتال کے باہر گندگی کے ڈھیر لگ چکے ہیں، جو بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتے ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ اور شہری حلقوں کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر پسرور سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور کچرا پھینکنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہسپتال جیسے حساس ادارے کے اطراف صفائی کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ مریضوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول میسر آ سکے۔ عوام نے ضلعی انتظامیہ سے فوری ایکشن کا مطالبہ کیا ہے۔

رائج نظام وطن عزیز کو درپیش مسائل کا حل دینے میں ناکام ہو چکا

پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا ہوگا

حسن ابدال (رفیق قادری سے) رائج نظام وطن عزیز کو درپیش مسائل کا حل دینے میں ناکام ہو چکا۔ پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا ہوگا۔ لاہور میں ہونے والے اجتماع عام میں اہلیان وطن سمیت دیگر ممالک سے انے والے وفود خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سیکریٹری جنرل جماعت اسلامی شمالی پنجاب وسابق امیدوار برائے قومی اسمبلی حلقہ این اے 49 اقبال خان نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں ہونے والے اجتماع عام میں خیبر سے کراچی تک بہت بڑی تعداد میں کارکنان وعوام الناس نے شرکت کی۔ تاہم ان کا کہنا تھا۔ کہ کوئی بھی جماعت ملک میں رائج نظام کے خلاف کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کرسکتی۔ ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر پاکستان کے بہتر مستقبل کے لیے متفقہ پالیسی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اصلاح و احوال کے ساتھ ساتھ سیاسی میدان میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

پاکستان کو کرپشن سے پاک کرنے کا وقت آگیا ہے، زاہد اعوان

ملک میں کرپشن کا باب بند کرکے فیلڈ مارشل عاصم منیر پچیس کروڑ پاکستانیوں کی آنکھ کا تارا بن جائینگے، چیئرمین تحریک عوام پاکستان

کراچی (این این آئی) تحریک عوام پاکستان کے چیئرمین محمد زاہد اعوان نے آئی ایم ایف کی جانب سے 186 صفحوں پر مشتمل 5300 ارب کرپشن اور بدعنوانیوں کے بارے میں چھپنے والی رپورٹ کو فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے تاریخ میں امر ہونے کا سنہری موقع قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے پاکستان میں بدعنوانی کے تین سالہ حجم کو نمایاں طور پر اجاگر کرکے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے عوام کی دیرینہ خواہش پوری کرنے کے لئے حالات فراہم کر دیئے ہیں۔ قوم سات دہائیوں سے پاکستان کو کرپشن اور بدعنوانیوں سے پاک ریاست بنانے کا خواب دیکھ رہی ہے جو جنرل ضیا الحق اور جنرل پرویز مشرف کے ادوار میں بھی ممکن نا ہوسکا لیکن فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے پچیس کروڑ پاکستانیوں کی دیرینہ خواہش پوری کرنے اور مملکت پاکستان کو حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کا سنہری موقع آئی ایم ایف کی پاکستان بارے میں رپورٹ نے فراہم کردیا ہے۔ کرپشن سے متعلق آئی ایم ایف کی رپورٹ فیلڈ مارشل کے لئے آفاقی پیغام ہے۔

سی ٹی او لاہور اطہر وحید کی صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات، مشترکہ آگاہی مہم شروع کرنے پر اتفاق

شہر لاہور کو جدید ٹریفک مینجمنٹ کی ضرورت ہے، مشترکہ حکمتِ عملی کے بغیر مسائل حل نہیں ہو سکتے' ڈاکٹر اطہر وحید

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا ہے کہ لاہور جیسے میگا سٹی میں ٹریفک نظام کی بہتری صرف ٹریفک پولیس نہیں بلکہ مجموعی گورننس سے حل ہوگا۔ جس میں تمام شہری و سرکاری اداروں کو مشترکہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات میں انہوں نے کہا کہ شہر کو جدید اور بین الاقوامی معیار کے ٹریفک سسٹم سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ایڈمنسٹریشن، پلاننگ اتھارٹیز اور ٹریفک پولیس ایک ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے مختلف اہم مقامات پر پارکنگ پلازہ جات کی تعمیر پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ سڑکوں پر پارکنگ کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کے حل کے لیے مستقل بنیادوں پر منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ اس وقت شہر میں بیک وقت تیس سے زائد ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن کی وجہ سے ٹریفک دباؤ میں اضافہ ہوا ہے۔

پشاور: معاون خصوصی برائے اطلاعات شفیع جان لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

شہری سے 60 لاکھ روپے فراڈ کیس، ملزم کی عبوری ضمانت خارج

ایف آئی اے کے تفتیشی افسر نے ملزم لطیف کو احاطہ عدالت سے ہی گرفتار کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر 60 لاکھ روپے ہتھیانے کے مقدمے میں ملزم لطیف کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت میں ایف آئی اے کی جانب سے بتایا گیا کہ ملزم کے خلاف ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سیل نے مقدمہ درج کر رکھا ہے، جس میں الزام ہے کہ ملزم نے متاثرہ شہری سے بیرون ملک ویزہ اور روزگار دلوانے کا لالچ دے کر 60 لاکھ روپے وصول کئے۔ عدالت نے مقدمے میں ملوث ملزم لطیف کی عبوری ضمانت خارج کرنے کا حکم دے دیا، ضمانت مسترد ہونے پر ایف آئی اے کے تفتیشی افسر نے ملزم لطیف کو احاطہ عدالت سے ہی گرفتار کر لیا۔ کیس کی مزید کارروائی آئندہ سماعت پر جاری رہے گی۔

لاہور حمد رلا ہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

ایل ڈی اے نے اپنے ملازمین کو ایمپلائز کوٹہ کے تحت پلاٹ دینے کیلئے تیاریاں شروع

وہ ملازمین جو کم از کم 10 سال سروس مکمل کر چکے ہیں، انہیں ایل ڈی اے سٹی میں پلاٹس الاٹ کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے اپنے ملازمین کو ایمپلائز کوٹہ کے تحت پلاٹ دینے کے لئے تیاریاں شروع کر دیں۔ اس فیصلے کے مطابق وہ ملازمین جو کم از کم 10 سال سروس مکمل کر چکے ہیں، انہیں ایل ڈی اے سٹی میں پلاٹس الاٹ کیے جائیں گے۔ ایل ڈی اے کے ایڈمنسٹریشن ونگ نے اس مقصد کے لیے لسٹیں تیار کرنا شروع کر دی ہیں۔ ملازمین کو یہ پلاٹ دینے سے ان کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوگا اور 2010ء کے کینسل بیلٹنگ الاٹمنٹس کے تحت 1250 سے زائد ملازمین کو ریلیف حاصل ہوگا۔ پلاٹس کی کیٹیگری میں 3 مرلہ، 5 مرلہ، 7 مرلہ، 10 مرلہ اور ایک کنال شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق کچھ ملازمین نے پہلے ہی عدالت میں ایل ڈی اے کے خلاف کیس دائر کر رکھا ہے، جس کے بعد ایل ڈی اے اتھارٹی نے ایڈیشنل ڈی جی ہاؤسنگ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ عمل درآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔

سندھ حکومت نے سرکاری ملازمتوں کے لیے پالیسی متعارف کرادی

نئی پالیسی کے تحت امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے سرکاری ملازمتوں کے لیے پالیسی متعارف کرادی، امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے عوامی شعبے کی ملازمتوں کے لیے نئی پالیسی متعارف کرائی ہے، جس کے تحت امیدواروں کی تعلیمی قابلیت کو امیدوار کے انتخاب میں اضافی وزن دیا جائے گا۔ پالیسی کے تحت گریڈ 5 سے گریڈ 15 تک کی تمام آسامیوں کے امیدواروں کو تعلیمی اسکور کی بنیاد پر اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے، بشرطیکہ امیدوار کی تعلیمی اسناد میں کم از کم 50 فیصد نمبر ہوں۔ مزید برآں، انٹرمیڈیٹ کی قابلیت والے امیدواروں کو ٹیسٹ میں اضافی 5 پوائنٹس دیے جائیں گے، جبکہ آئی بی اے سکھر کے امیدواروں کو بھی جانچ کے دوران 5 پوائنٹس کی ضمانت دی گئی ہے۔ یہ نظام تمام محکموں پر لاگو ہوگا، جس کی تصدیق سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اور کوآرڈینیشن ڈیپارٹمنٹ نے کی۔

پشاور: پرنسپل جناح کالج پروفیسر ڈاکٹر گل ناز ارشد آل پاکستان انٹر یونیورسٹی ویمنز ہینڈ بال چیمپئن شپ کے موقع پر کھلاڑیوں سے مل رہی ہیں۔

فاصلے

فاصلے نہ بڑھ جائیں فاصلے گھٹانے سے آؤ سوچ لیں پہلے رابطے بڑھانے سے خواہشیں نہیں مرتی خواہشیں دبانے سے امن ہو نہیں سکتا گولیاں چلانے سے ایک ظلم کرتا ہے، ایک ظلم سہتا ہے آپ کا تعلق ہے کون سے گھرانے سے؟ زخم بھی لگاتے ہو پھول بھی کھلاتے ہو کتنے کام لیتے ہو ایک مسکرانے سے اور بھی سنورتا ہے اور بھی نکھرتا ہے جلوہء رخِ جاناں دیکھنے دکھانے سے جب بھی یاد آتی ہے بھوک پیاس لوگوں کی ہاتھ کھینچ لیتا ہوں پیٹ بھر کے کھانے سے کارگاہِ ہستی میں اپنا دخل اتنا ہے ہنس دیے ہنسانے سے رو دیے رلانے سے چھوٹے چھوٹے شہروں پر کیوں نہ اکتفا کرلیں کھیتیاں اجڑتی ہیں بستیاں بسانے سے چاند آسماں کا ہو یا زمین کا نصر تکون باز آتا ہے انگلیاں اٹھانے سے

کاشی چوہدری

چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ نے تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے چار ٹرک سامان قبضہ میں لے لی

بغیر نقشہ تعمیر کردہ متعدد دکانیں سربمہر کر دیں

راولپنڈی (اپنے نامہ نگار سے) چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ نے تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے چار ٹرک سامان قبضہ میں لے لی اور بغیر نقشہ تعمیر کردہ متعدد دکانیں سربمہر کر دیں، ایگزیکٹو آفیسر چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ عارفین زبیر چوہدری کی ہدایت پر انفورسمنٹ شعبہ کے انچارج رانا سرفراز نے عملہ کے ہمراہ ڈھیری حسن آباد، ٹاہلی موہری، 22 نمبر چونگی اور دھمیال روڈ پر تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے بڑی تعداد میں ریڑھیاں، دکانوں کے باہر رکھے گئے ٹھیے اور دیگر سامان قبضہ میں لے لیا، عملہ نے روڈ پر رکھی گئی سبزیاں بھی اٹھالیں، عملہ کا کہنا تھا کہ روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا جاتا ہے، ایک دن ریڑھی اٹھاتے ہیں تو دوسرے دن نئی ریڑھی لیکر آجاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بغیر نقشہ تعمیر کردہ دکانوں کیخلاف بھی آپریشن جاری ہے تاکہ ایسے مالکان سے کمپوزیشن فیسوں کی وصولی کو یقینی بنایا جاسکے۔

تاجر برادری کی خدمت کے لیے رمضان چوہان بہترین انتخاب ہے چوہدری اخلاص وٹو

قومیت اور سیاست سے بالاتر ہو کر مخلص قیادت کا انتخاب ہی وقت کی اہم ضرورت ہے

سکھو (محمد فرقان قریشی) معروف سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری اخلاص وٹو نے انجمن تاجران سکھو موڑ کی جاری انتخابی سرگرمیوں میں کہا کہ تاجر محافظ گروپ کے نامزد امیدوار برائے صدر محمد رمضان چوہان نہ صرف ایک باعمل، دیانتدار اور سلجھی ہوئی شخصیت ہیں بلکہ وہ تاجر برادری کے اصل مسائل سے بھی بخوبی آگاہی رکھتے ہیں، چوہدری اخلاص وٹو نے کہا کہ سکھو موڑ کے تاجروں کو چاہیئے کہ انتخابات میں زاتی تعلقات، قومیت اور سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ایک اہل اور خالصتا تاجر دوست ٹیم کو منتخب کریں تاکہ مستقبل میں تاجر برادری مضبوط پلیٹ فارم سے اپنے مسائل کا حل حاصل کرسکے، چوہدری اخلاص وٹو نے تاجر محافظ گروپ کی ٹیم کو سراہتے ہوئے کہا کہ امیدوار برائے نائب صدر چوہدری اجمل عباس گجر، امیدوار برائے جنرل سیکرٹری راجہ یاسر اور امیدوار برائے فنانس سیکرٹری چوہدری صغیر اور ان کی ٹیم کی صلاحیتیں اور ٹیم ورک مثالی نمونہ ہے، انہوں نے سکھو موڑ کے تاجروں کو کہا کہ اتحاد، خلوص اور جدت کی علامت تاجر محافظ گروپ کو منتخب کرکے تاجر برادری ایک مضبوط پلیٹ فارم کی بنیاد رکھیں

محکمہ تعمیرات ومواصلات کے کلرکوں کے پروموشن میرٹ پر ہونگے

سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ میں پروموشن سینیارٹی کے مطابق ہونگے۔ اور کسی بھی ملازم کی حق تلفی نہی ہوگی

پشاور (اشتیاق) محکمہ تعمیرات ومواصلات کے کلرکوں کے پروموشن میرٹ پر ہونگے۔ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ میں پروموشن سینیارٹی کے مطابق ہونگے۔ اور کسی بھی ملازم کی حق تلفی نہی ہوگی۔۔ ان خیالات کا اظہار اسرار خان سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے اورنگزیب کشمیری مرکزی سیکرٹری جنرل اپکا پاکستان کے ساتھ ملاقات کے دوران کیے۔ ملاقات میں انعام اللہ یوسفزئی صدر اپکا مردان بھی موجود تھے۔ انہوں نے اورنگزیب کشمیری مرکزی سیکرٹری جنرل اپکا پاکستان کو یقین دلایا۔ کہ محکمہ تعمیرات ومواصلات میں تمام پروموشن حکومت کے رولز ریگولیشن اور پالیسی کے مطابق ھونگے۔ انہوں نے کہا۔ کہ پروموشن ملازمین کا حق ھے۔ اور سینیارٹی کے مطابق محکمہ تعمیرات ومواصلات میں پروموشن ھونگے۔ کلرکوں اور دیگر کیڈر کے پروموشن پر ڈی۔ پی۔ سی ھو چکا ھے۔ اور عنقریب ان کے پروموشن کے آرڈر جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے چیف انجینئر جمشید خٹک کو ھدایات جاری کی۔ کہ کلرکوں اور دیگر کیڈر کے ملازمین کے پروموشن میرٹ اور سینیارٹی کے مطابق فوری طور پر جاری کریں۔

سیکرٹری لائیو اسٹاک، فشریز و کوآپریٹیوز محمد طاہر اورکزئی کی زیر صدارت محکمہ لائیو اسٹاک کی ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری میں بہتری سے متعلق آن لائن اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک توسیع ڈاکٹر اصل خان سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی

پشاور (اشتیاق خان سے) سیکرٹری لائیو اسٹاک، فشریز و کوآپریٹیوز محمد طاہر اورکزئی کی زیر صدارت محکمہ لائیو اسٹاک کی ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری میں بہتری سے متعلق آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک توسیع ڈاکٹر اصل خان سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سطح پر سروس ڈیلیوری، کارکردگی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری طاہر اورکزئی نے ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری میں بہتری پر افسران کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ محکمہ لائیو اسٹاک صوبے کی عوامی ضروریات اور زرعی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لائیو اسٹاک کا ملکی معیشت میں اہم کردار ہے اور خوراک کی ضروریات پوری کرنے میں بھی اس کا کردار انتہائی نمایاں ہے، لہٰذا اس شعبے میں بہتری براہ راست عوامی فائدے سے منسلک ہے۔ سیکرٹری لائیو اسٹاک نے اس بات پر زور دیا کہ تمام ضلعی افسران محکمے کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے بھرپور محنت کریں۔ انہوں نے سختی سے تنبیہ کی کہ جن اضلاع میں کارکردگی 50 فیصد سے کم ہے، وہاں کے افسران فوری طور پر اپنی کارکردگی بہتر کریں، بصورتِ دیگر ان کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ لائیو اسٹاک عوام کو معیاری اور بروقت سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لاتا رہے گا اور صوبے میں سروس ڈیلیوری کے مجموعی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا۔

معاشرہ میں کچھ اصطلاحات کو بے جا وسعت دے دی گئی ہے

انہی اصطلاحات میں سے ایک اصطلاح انسانیت ہے، کچھ لوگ دانستہ طور پر اور قصداً انسانیت کو مذہب بلکے دنیا کا سب سے بڑا مذہب قرار دیتے ہیں

بیان۔ مفتی سراج الحق سراج) دلازک روڈ مومن ٹون پشاور) معاشرہ میں کچھ اصطلاحات کو بے جا وسعت دے دی گئی ہے۔ انہی اصطلاحات میں سے ایک اصطلاح انسانیت ہے، کچھ لوگ دانستہ طور پر اور قصداً انسانیت کو مذہب بلکے دنیا کا سب سے بڑا مذہب قرار دیتے ہیں۔ ایسے افراد کے نزدیک دنیا کا سب سے قوی رشتہ انسانیت کا رشتہ ہے اور خدا کی خوشنودی کا واحد ذریعہ بھی انسانیت کی خدمت ہی ہے، انسانیت کی اہمیت اور افادیت میں تو کوئی شبہ نہیں ہے لیکن انسانیت کو ایک مذہب نہیں کہا جاسکتا، انسانیت ایک مذہب نہیں بلکہ ایک آفاقی جذبہ ہے اور خدا کی خوشنودی کا واحد نہیں بلکہ ایک ذریعہ ہے، یہ جذبہ مختلف معاشروں میں مختلف شکلوں میں موجود ہے، انسانیت کی تعلیمات مذہب اسلام میں بہ ذریعہ اتم موجود ہیں اور اس بات میں کوئی شبہ نہیں دنیا کے تمام پیغمبر نے انسانیت کا درس دیا لیکن اس حقیقت کے باوجود بھی انسانیت کی اصطلاح مذہب کی تعریف پر پوری نہیں اترتی بلکہ انسانیت مذہبی تعلیمات کی ایک جز کی حیثیت رکھتی ہے، انسانیت کو مذہب اس لئے بھی نہیں کہا جاسکتا کہ انسانیت کا جذبہ سب سے پہلے مذہب ہی نے متعارف کروایا، خدا کی خوشنودی کا مفہوم بھی مذہبی تعلیمات کے ہی رہین منت ہے، خدا اور بندے کا تعلق بھی مذہب ہی نے عوام پر منکشف کیا، اور انسانیت کی خدمت، عوام کی دادرسی اور لوگوں کی بہتری اور خوشحالی کی تحریک دنیا میں سب سے پہلے مذہب ہی نے بیدار کی، لیکن رفتہ رفتہ یہ ہوا کہ مذہب کو فراموش کردیا گیا، مذہب کا اجتماعی زندگی سے عمل دخل محدود کردیا گیا اور یوں مذہب کو نجی اور ذاتی زندگی میں ثانوی حیثیت دے دی گئی اور کچھ چیدہ چیدہ باتیں باقی رہ گئی اور انہی جزوی تعلیمات کو مذہب کا نام دے دیا گیا، اور انسانیت کو اول مقام دیا جانے لگا، عام طور پر ایسے الفاظ مذہب بیزار لوگوں کی زبان پر ہی آتے ہیں۔ اور یہی وہ لوگ ہیں جو معاشرے میں انسانیت کی اصطلاح کو اس حد تک وسعت دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ انسانیت کا تذکرہ اب بطور مذہب کیا جانے لگا ہے۔ ایسے لوگوں کے لیے مکرر عرض ہے کہ انسانیت مذہب نہیں بلکہ ایک جذبہ ہے۔ اسلام کے مکمل ضابطہ حیات اور آفاقی تعلیمات نے انسانیت کے موضوع کو جو اسلوب عطا کیا وہ اپنی مثال آپ ہے، اسلام ایک مکمل مذہب ہے اور اسلام نے انسان کی انفرادی، اجتماعی، ازدواجی معاشی، سماجی، سیاسی غرض یہ کہ ہر ایک طرز زندگی پر مکمل تعلیمات دی ہیں، انسانیت بھی ان ہی تعلیمات کا ایک جزء ہے، اسلام میں انسانیت کا تصور اور انسانیت پر مبنی تعلیمات انسان کی پیدائش سے شروع ہوتی ہیں اور مرتے دم تک بلکے مرنے کے بعد تک جاری رہتی ہیں۔ اسلام میں انسانیت پر مبنی تعلیمات کا خلاصہ: انسانیت کی سب سے بڑی خدمت انسان جان کا تحفظ ہے، دنیا کی تم

ضلع کرم آج کل اس جدید دور میں بھی 14 مہینوں سے موبائل انٹرنیٹ بند ہے

کیا ہمارا حق اتنا سستا ہے۔ آخر ہمارا قصور کیا ہے سوائے اس کے کہ ہم کرم کی مٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔

کرم) بیورو رپورٹ) ضلع کرم آج کل اس جدید دور میں بھی 14 مہینوں سے موبائل انٹرنیٹ بند ہے کوئی پورسنے حل نھیں یہ بات کرم محی زئ کے اورامن کیلیے اوز بلند کرنے والہ۔ ملک گل دار خان بنگش نے صحافی محمد خالق اورکزئی کے ساتھ خصوصی بات کرتے ہو※ کھا کہ اس جدید دور میں بھی۔ کرم کے لوگوں تکلیف ھے اور اس کو فوری طور پر بھل کیا جائے علم کے دروازے بند، روزگار کی راہیں بند، اور نوجوانوں کے خواب ادھورے۔ انٹرنیٹ معطل کرنا آج کے اس جدید دور میں بھی سمجھ سے باہر ہے ہی دنیا آگے بڑھ رہی ہے اور ہم پیچھے دھکیل دیے گئے ہیں۔ کیا ہماری کرمیوالوں کی آواز اتنی کمزور ہے۔ کیا ہمارا حق اتنا سستا ہے۔ آخر ہمارا قصور کیا ہے سوائے اس کے کہ ہم کرم کی مٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہم محرومی نہیں، برابری، عزت اور بنیادی حق کا مطالبہ کرتے ہیں۔ موبائل انٹرنیٹ بحال کرو یہ ہماری ضرورت نہیں، ہمارا حق ہے)

ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کا عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اوپن ڈور پالیسی عوامی خدمت اولین ترجیح

اسی سلسلے میں ڈی پی او ہنگو نے آج اپنے دفتر میں سائلین اور درخواست گزاروں سے ملاقات کی

ھنگو) محمد خالق اورکزئی سے) ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کا عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اوپن ڈور پالیسی عوامی خدمت اولین ترجیح۔ اسی سلسلے میں ڈی پی او ہنگو نے آج اپنے دفتر میں سائلین اور درخواست گزاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او ہنگو نے آنے والے شہریوں کے مسائل، شکایات اور تحفظات کو نہایت غور سے سنا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ہر شکایت کا شفاف، منصفانہ اور بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے۔ سائلین نے ڈی پی او ہنگو کی اس عوام دوست پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے پولیس پر عوام کا اعتماد مزید مستحکم ہوگا۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے کہا کہ پولیس کا اصل فرض عوام کی خدمت، ان کے جان و مال کا تحفظ، اور ان کے مسائل کا فوری حل ہے۔ ہم کسی شکایت کو فائلوں میں دبنے نہیں دیں گے۔ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہی اصل پولیسنگ ہے)

آج اسسٹنٹ کمشنر ہنگو اسفندیار خالد نے اپنے دفتر میں چمبہ گل کے واٹر سپلائی اسکیم (WSS) کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی

اجلاس میں چمبہ گل کے عمائدین، ڈی ایس پی ہنگو اور ایس ایچ او سٹی بھی شریک ہوئے

ھنگو) نمائندہ پاکستان) آج اسسٹنٹ کمشنر ہنگو اسفندیار خالد نے اپنے دفتر میں چمبہ گل کے واٹر سپلائی اسکیم (WSS) کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں چمبہ گل کے عمائدین، ڈی ایس پی ہنگو اور ایس ایچ او سٹی بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران عمائدین نے واٹر سپلائی اسکیم میں تاخیر اور اس سے عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ اے سی ہنگو نے تمام صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے عمائدین کو یقین دلایا کہ WSS اسکیم کا مسئلہ آئندہ 10 دنوں کے اندر مثبت طور پر حل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی مسائل کا فوری حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے)